روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

June-2014

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

جلد نمبر 5

شمارہ نمبر 2

قیمت شمارہ 50 روپے

غضب کی نگاہ سے نہ دیکھ مجھے اے ''دوزخ''۔!

بڑا ''رحیم'' ہے وہ جس کا ''گنہگار'' ہوں میں۔!

- تصوف کیا ہے؟
- خاندان کی خوشی کا راز
- تسخیر مؤکلات سورۃ مزمل
- وزن کم کریں...... صحت نہیں
- تھکن...... کئی بیماریوں کا آئینہ
- جادو کے اثرات کو زائل کرنے کا دم
- دولت مند بننے کے لئے بسم اللہ کا عمل
- اللہ ﷻ، رسول اللہ ﷺ اور فرشتوں کی لعنت کے مستحق لوگ
- بزرگان دین وعاملین کے استخارے کے مجرب طریقے
- سات دن میں دعوۃ السلطنۃ صغریٰ کی غیبی قوتوں کو تصرف میں لائیں

محسن الملت، استاذ العالمین، سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند، ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا کی دیوبند (انڈیا) کی اصل کتب کی فوٹوسٹیٹ دستیاب ہیں

نمبر	کتاب	نمبر	کتاب	نمبر	کتاب
1	علم الاسرار...... قیمت: 250	2	بچوں کے نام رکھنے کا فن...... قیمت: 335	3	بسم اللہ کی عظمت وافادیت...... قیمت: 240
4	اعداد بولتے ہیں...... قیمت: 400	5	اعداد کی دنیا...... قیمت: 270	6	سورہ فاتحہ کی عظمت وافادیت...... قیمت: 250
7	تعلقات اعداد...... قیمت: 225	8	اعمال ناسوتی...... قیمت: 200	9	سورہ یٰسین کی عظمت وافادیت...... قیمت: 150
10	اعمال حزب البحر...... قیمت: 170	11	مجموعہ آیات قرآنی...... قیمت: 175	12	سورہ رحمٰن کی عظمت وافادیت...... قیمت: 250
13	اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج...... قیمت: 900	14	تحفۃ العالمین...... قیمت: 500	15	آیۃ الکرسی کی عظمت وافادیت...... قیمت: 150
16	اذان بت کدہ...... قیمت: 480	17	علم الحروف...... قیمت: 330	18	سورہ مزمل کی عظمت وافادیت...... قیمت: 240
19	اعداد کا جادو...... قیمت: 220	20	کشکول عملیات...... قیمت: 400	21	جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے...... قیمت: 215
22	کرشمۂ اعداد...... قیمت: 200	23	پتھروں کی خصوصیات...... قیمت: 270	24	شرعی استخارہ پریشانیوں سے چھٹکارا...... رعائتی قیمت: 75
25	مشکلات کا روحانی حل...... قیمت: 275	26	عملیات عشق ومحبت...... رعائتی قیمت: 190	27	روحانی اعداد کا انسائیکلوپیڈیا...... رعائتی قیمت: 225

نیز طلسماتی دنیا کے درج ذیل خاص نمبرز کی فوٹو سٹیٹ بھی حاصل کریں

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 5 شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ......جون 2014ء شمارہ 2

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35033371 موبائل: 0343-7772772

کال سننے کے اوقات: صبح گیارہ تا شام سات بجے (ناغہ جمعۃ المبارک)

ادارے کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ جو ایک سال میں "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	900 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ اپنا شناختی کارڈ لے کر کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 03437727721 میں رقم جمع کروائیں۔

یوبی پیسہ موبائل اکاؤنٹ اپنا شناختی کارڈ لے کر کسی بھی یو بی پیسہ شاپ پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 3334308286 میں رقم جمع کروائیں۔

شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔ موبائل نمبر 0322-4773786 استعمال کریں۔ ایزی پیسہ۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یوبی ایل)

بینک ڈپازٹ میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کروانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ (موبائل: 0322-4773786)

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین .... جون ۲۰۱۴ء .... شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

علم الجفر کا ایک اور سورج غروب ہوگیا

علم الجفر کے ماہر، کمالات جفر کے تحت کئی رسائل میں مضامین لکھنے والی معروف شخصیت "حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب" کا 16 اپریل 2014 کو انتقال ہوگیا۔ خبر دیر سے ملنے کی وجہ سے مئی کے شمارے میں اطلاع نہ دی جاسکی۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ان کی مغفرت کے لئے دعا فرمائیں۔ ادارہ ان کے اہل وعیال کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

ادارے سے بذریعہ انٹرنیٹ رابطے کے طریقے

Skype: darulamalchishtia, KiK: Darulamal

ادارے کے مختلف شعبوں کی جنرل معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سروسز استعمال کرنے والے افراد یہ نمبر لکھیں

+92-322-7772772

WhatsApp, WeChat, Viber, Nimbuzz, icq ICQ, Fringe, Line, Tango, BBM

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا

سید صبیح الدین صبیح الرحمانی

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دل محوِ التجاؤں میں تھا

درِ کرم پہ صدا دے رہا تھا اشکوں سے
جو ملتزم پہ کھڑے تھے، میں ان گداؤں میں تھا

غلافِ خانہ کعبہ تھا میرے ہاتھوں میں
خدا سے عرض و گذارش کی انتہاؤں میں تھا

حطیم میں مرے سجدوں کی کیفیت تھی عجب
جبیں زمین پہ تھی، ذہن کہکشاؤں میں تھا

طواف کرتا تھا پروانہ وار کعبے کا
جہانِ ارض و سماء جیسے میرے پاؤں میں تھا

دھڑک رہا ہے مرے سازِ روح پہ اب بھی
وہ ایک نغمہ جو "لبیک" کی صداؤں میں تھا

مجھے یقین ہے میں پھر بلایا جاؤں گا
کہ یہ سوال بھی شامل میری دعاؤں میں تھا

روک لیتی ہے آپ ﷺ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں

روک لیتی ہے آپ ﷺ کی نسبت، تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں
یہ کرم ہے حضور ﷺ کا ہم پر، آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

وہ بھرتے ہیں جھولیاں سب کی، وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی
آؤ بازارِ مصطفیٰ ﷺ کو چلیں، کھوٹے سکے وہیں پہ چلتے ہیں

اپنی اوقات صرف اتنی ہے، کچھ نہیں بات صرف اتنی ہے
کل بھی ٹکڑوں پہ اُنؐ کے پلتے تھے، اب بھی ٹکڑوں پہ اُنؐ کے پلتے ہیں

اب کوئی کیا ہمیں گرائے گا، ہر سہارا گلے لگائے گا
ہم نے خود کو گرا دیا ہے وہاں، گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں

گھر وہی مشک بار ہوتے ہیں، خلد سے ہمکنار ہوتے ہیں
ذکرِ سرکار ﷺ کے حوالوں سے، جب گھروں میں چراغ جلتے ہیں

ذکرِ سرکار ﷺ کے اجالوں کی، بے نہایت ہیں رفعتیں خالدؔ
یہ اجالے کبھی نہ سمٹیں گے، یہ وہ سورج نہیں جو ڈھلتے ہیں

(خالد محمود خالد نقشبندی)

ممبران کو رسالہ نہ ملے تو کیا کریں؟

ہم ایمانداری سے رسالہ محکمہ ڈاک کے حوالے کرتے ہیں۔ اس کے بعد کی ذمہ داری ہماری نہیں۔ اگر کسی ممبر کو رسالہ نہیں ملتا تو رسالہ رجسٹرڈ ڈاک سے منگوائیں۔ نیز اپنے متعلقہ ڈاک خانے کے پوسٹ ماسٹر سے تحریری طور پر شکایت کریں۔ متعلقہ ڈاک خانے کے پوسٹ ماسٹر کا نام، رابطہ نمبر، ڈاکخانے کا پتہ ہمیں بھی فراہم کریں۔ ہم بھی شکایت کریں گے۔ رسالہ دوبارہ بھیجنے سے ادارہ معذرت خواہ ہے۔ (ادارہ)

روحانی علاج گاہ کے عاملین کے سفر کے شیڈول

ماہِ جون ۲۰۱۴ء میں راولپنڈی، اسلام آباد کا سفر ہوگا۔

ماہِ جولائی ۲۰۱۴ء میں چونکہ رمضان المبارک ہوگا، اس لئے اِس ماہ کوئی سفر نہیں ہوگا۔

ماہِ اگست ۲۰۱۴ء میں کراچی کا سفر ہوگا۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

حتمی تاریخوں کے لئے درج ذیل نمبر پر رابطہ فرمائیں:

سید محمد عامر علوی صاحب 0300-8439477

چند ضروری گذارشات

ادارہ

سابقہ شمارے میں چند گذارشات کی تھیں۔ مزید بہتری اور قارئین کی آسانی کے لئے، مزید چند گذارشات کی جارہی ہیں۔ امید ہے کہ قارئین تعاون فرمائیں گے اور ان پر عمل کریں گے۔

روحانی علاج گاہ سے روحانی تشخیص کروانا

جو افراد یہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنی روحانی تشخیص کروائیں کہ ان پر جادو یا جنات کے برے اثرات ہیں یا نہیں، وہ روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ اس کے لئے ایک رات پہنا ہوا ایسا کپڑا، جو مریض کے سینے سے لگا ہو، روحانی علاج گاہ میں بھجوائیں۔ ساتھ ہی مختصر حالات بھی لکھ کر ارسال فرمائیں۔ مریض کا نام، والد اور والدہ کا نام۔ موبائل نمبر ضرور تحریر فرمائیں تاکہ کچھ پوچھنا ہو تو رابطہ ممکن ہو۔ کپڑا صاف ستھرا ہو، بدبودار نہ ہو۔ خزینۂ روحانیات کے ممبران سے روحانی تشخیص کی فیس نہیں لی جاتی۔ ممبران اپنا ممبرشپ نمبر کا حوالہ دیں۔ دوسرے افراد ۲۰۰ روپے فی کپڑا ادا کریں گے۔ نیز کپڑے کی واپسی کا خرچ بھی ساتھ ہی بھجوائیں۔

روحانی درسگاہ یا روحانی علاج گاہ میں خط لکھنا

جب بھی روحانی درس گاہ یا روحانی علاج گاہ میں خط لکھیں، لازمی جوابی لفافہ ساتھ بھیجیں اور اپنا موبائل نمبر بھی لکھیں۔ بہت سے افراد جوابی لفافہ نہیں بھیجتے۔ جس کی وجہ سے ان کے خطوط الگ کردیئے جاتے ہیں۔ اور ان کے جواب نہیں دیے جاتے۔

رسالے کے ممبران کا ادارے کو خط لکھنا

کئی ممبران کی شکایت ہے کہ خط کا جواب جلدی نہیں آتا۔ ان سے گذارش ہے کہ خط کے لفافے پر اپنا ممبرشپ نمبر لکھا کریں تاکہ لفافہ دیکھ کر ہی آپ کا خط جلد جواب والے خطوط میں ڈال دیا جائے۔ اور خط پر بھی لازمی لکھا کریں۔

زیادہ تر ممبران نہ ہی خط کے لفافے پر ممبرشپ نمبر لکھتے ہیں، نہ خط کے اندر۔ ہمارے لئے بار بار یہ دیکھنا بہت مشکل ہے کہ فلاں شخص ممبر ہے یا نہیں؟ اور خطوط کی کثرت کی وجہ سے اب یہ دیکھا بھی نہیں جاتا۔

اور جلد جواب کا بھی مطلب یہ نہیں کہ ابھی خط ملا بھی نہیں ہوتا، فون آنا شروع ہوجاتے ہیں۔ کم از کم ایک ہفتہ بعد فون کیا کریں۔

غیر ممبران کا ادارے کو خط لکھنا

ممبران کے خطوط کا پہلے جواب دیا جاتا ہے۔ غیر ممبران کا اس کے بعد باری آنے پر جواب دیا جاتا ہے۔ اس لئے تمام افراد سے گذارش ہے کہ جواب کے لئے بار بار فون کرنے کی زحمت نہ اٹھائیں۔ کم از کم دو ہفتہ جواب کا انتظار کیا کریں۔ کوشش کی جاتی ہے کہ خطوط کے جواب جلد دیئے جائیں۔

عوام اور ممبران کے لئے بغیر فیس والے اعمال منگوانے کا طریقہ اور شرائط

• ......اعمال بذریعہ خط منگوائے جائیں۔ جوابی لفافہ لازمی ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ رجسٹرڈ جواب کے لئے ڈاک خرچ بطور بیلنس لوڈ کروا دیں۔ نمبر یہ ہے 0343-7772772۔ پھر sms کے ذریعے اپنا پتہ بھیج دیں۔ آپ کو 50 روپے کا لوڈ کروانا ہوگا تاکہ ٹیکس منہا ہوکر ڈاک خرچ کی رقم ہم تک پہنچ جائے۔ ممبران اپنا ممبرشپ کا حوالہ ضرور دیں۔

• ......ایک وقت میں صرف دو اعمال کی اجازت دی جاتی ہے۔

• ......جب عمل شروع کریں اور جب ختم ہو، اس کی اطلاع بذریعہ sms ادارے کے درج بالا نمبر پر کرنا ضروری ہے۔

• ......کئی لوگ اعمال منگواتے ہیں، مگر کرتے نہیں۔ ایسے افراد کو مزید اعمال کی اجازت نہیں ملے گی۔ اور جو افراد عمل تو کرتے ہیں، مگر اس کے آغاز و اختتام کی اطلاع نہیں کرتے، انہیں بھی مزید اعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

اللہ جل جلالہ نے فرمایا

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید رحمہ اللہ

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

''بنی اسرائیل میں دو شخص آپس میں دوست تھے۔ ایک تو عبادت میں بڑی کوشش کرنے والا تھا اور دوسرا اپنے کو گنہگار کہا کرتا تھا یا دوسرا گنہگار تھا۔ عابد اس گنہگار سے ہمیشہ کہا کرتا تھا ''تو گناہوں سے باز آ''۔ گناہگار جواب دیتا تھا کہ ''مجھ کو اور میرے رب کو چھوڑ دے''۔ یہاں تک کہ اس عابد نے ایک دن اس گناہگار کو کسی ایسے گناہ میں مبتلا دیکھا جس کو یہ (عابد) بہت برا سمجھتا تھا۔ اس نے پھر اپنے دوست سے کہا کہ تو گناہ سے باز آجا۔ گناہگار نے کہا ''تو مجھ کو اور میرے رب کو چھوڑ دے۔ تو مجھ پر کوئی داروغہ بنا کر نہیں بھیجا گیا''۔ اس عابد نے اس جواب کو سن کر کہا ''خدا کی قسم! تجھ کو اللہ تعالیٰ کبھی نہیں بخشے گا اور نہ تجھ کو جنت میں داخل کرے گا''۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف فرشتہ بھیجا، جس نے ان دونوں کی روح کو قبض کر لیا اور یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے سامنے جمع ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اس گنہگار کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ''تو میری رحمت سے جنت میں داخل ہو جا اور عابد سے فرمایا کہ تو میرے بندے پر سے میری رحمت کو روک سکتا ہے؟'' اس نے عرض کیا: ''اے پروردگار! نہیں۔'' ارشاد ہوا کہ ''اس کو آگ میں لے جاؤ''۔ (احمد)

مطلب یہ ہے کہ جو گناہ گار کی تحقیر اور تذلیل کرتا تھا، اس کو آگ میں بھیج دیا گیا اور گنہگار نے جو یہ کہا کہ ''مجھ کو اور میرے رب کو چھوڑ دے۔'' اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے اور میرے رب کے درمیان مداخلت نہ کر۔ شاید وہ میری عاجزی پر رحم فرمائے اور مجھ کو بخش دے۔

ف: اوپر بیان کئے گئے قصے سے معلوم ہوا کہ کسی گناہ گار کو گناہ میں مبتلا دیکھ کر ہرگز یہ نہیں کہنا یا سوچنا چاہئے کہ یہ شخص جہنم کا مستحق ہے۔ کیا معلوم ایک بظاہر گناہ گار شخص میں کوئی ایسی خوبی ہو جس کی وجہ سے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت کا فیصلہ کر دیا جائے۔

نبی کریم ﷺ کی دس نصیحتیں

دسویں نصیحت

''واخفهم فی اللہ''

ترجمہ: ''(اے معاذ)! ان کو (اپنے اہل وعیال کو) اللہ سے ڈراتا بھی کرو''۔

مطلب یہ ہے کہ ان کے دل میں خدائے پاک کا خوف بٹھانے کی کوشش کریں۔ اگر خدا کا خوف بیوی بچوں کے دل میں بٹھا دیا تو فرائض کی ادائیگی، گناہ چھوڑنے اور نوافل واذکار کے کرنے میں انہیں تکلیف محسوس نہ ہوگی۔

چونکہ مرد عموماً کمانے کے لئے نکل جاتے ہیں۔ اس عرصہ میں بچوں کی دیکھ بھال اور ان کے دین وایمان کی نگرانی ماؤں ہی کے ذمہ ہوتی ہے۔ سات آٹھ سال تک بچہ ماں ہی کے ساتھ چمٹا رہتا ہے۔ ماں کو چاہئے کہ بچے کو نماز روزہ سکھائے، کفر وشرک، بدعت، خدائے پاک کی نافرمانی سے بچائے اور دنیا وآخرت کے نفع ونقصان سے ان کو آگاہ کرتی رہے کیونکہ سب سے پہلا مدرسہ ماں کی گود ہے۔

افسوس ہے آج کی مائیں اپنے بچوں کی دینی تربیت پر بالکل توجہ نہیں دیتیں۔ اس میں بچوں پر بھی ظلم ہوتا ہے اور اپنے آپ پر بھی۔ عورتیں اپنی اولاد کے لئے زیادہ پیسے والی ملازمت چاہتی ہے اور اس سلسلہ میں حرام وحلال کا عموماً خیال نہیں کرتیں۔ اولاد کو یورپ اور امریکہ کے بے شرم لوگوں کی پوشاک میں دیکھنا چاہتی ہیں اور دنیا ہی کو ان کی زندگی کا مقصد بنا دیتی ہیں۔ یہ مسلمان عورت کا طریقہ نہیں۔ اگر بچے دنیا کی زندگی کو ہی سب کچھ سمجھ بیٹھے تو دنیا کمانے کی فکر میں نمازیں غارت کرنے اور زکوٰۃ برباد کرنے کی وجہ سے دوزخ میں جلیں گے۔ جس کی آگ دنیا کی اس آگ سے انہتر درجہ زیادہ گرم ہے۔ تو اس سے کیا نفع ہوا؟ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ (آمین)

اللہ جل جلالہٗ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور فرشتوں کی لعنت کے مستحق لوگ

ابن القیم الجوزی رحمہ اللہ

گناہ آدمی کو جناب پیغمبر علیہ السلام کی لعنت کا مستحق بنا دیتا ہے کیوں کہ حضور علیہ السلام نے بعض صغیرہ گناہ کرنے والے شخص پر لعنت بھیجی ہے۔اس لیے کبائر بدرجہ اولیٰ، قابل لعنت ہوں گے مثلاً شریعت میں درج ذیل لوگوں پر لعنت کی گئی ہے۔

واشمہ...... یعنی وہ عورت جو بدن کو گود کر نقش ونگار کے لیے نیل بھرے۔

مستوشمہ...... یعنی وہ عورت جو دوسری عورت سے بدن گودتے کی استدعا کرے۔

واصلہ...... یعنی وہ عورت جو اپنے بالوں سے، دوسرے کے بالوں کی خوبصورتی کے لیے، مصنوعی طور پر پیوند کرے۔

مستوصلہ...... یعنی وہ عورت جو اپنے بالوں سے دوسرے کے بالوں کی خوبصورتی کے لیے مصنوعی طور پر پیوند کرنے کی استدعا کرے۔

واشرہ...... وہ عورت جو مصنوعی طور پر دانتوں کو تیز اور باریک بنائے۔ عموماً بوڑھی عورتیں، جوان عورتوں کی مشابہت کے لیے کیا کرتی ہیں۔

مستوشرہ...... یعنی وہ عورت جو مصنوعی طور پر دانتوں کو تیز اور باریک بنانے کے لیے دوسری سے استدعا کرے۔

نامصہ...... یعنی وہ عورت جو اپنے چہرے کے بال اکھیڑ ڈالے۔

متنمصہ...... یعنی وہ عورت جو اپنے چہرے کے بال اکھیڑنے کے لیے دوسری سے استدعا کرے۔

سود لینے والا، سود دینے والا، سود کا تمسک لکھنے والا، سود کی بابت شہادت دینے والا۔

محلل اور محلل لہٗ...... یعنی حلالہ کرنے والا اور وہ شخص جس کے لیے حلالہ کیا گیا ہے۔

سارق...... چوری کرنے والا

شارب الخمر...... یعنی شراب خور، شراب پلانے والا، شراب کھینچنے والا، شراب کھچوانے والا، شراب بیچنے والا، شراب خریدتے والا، شراب کی قیمت کو استعمال کرنے والا، شراب کو اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا، وہ شخص جس کی طرف شراب پہنچائی جائے۔

وہ شخص جو کسی اراضی کے حدود اور نشانات کو بدل ڈالتا ہے۔

وہ شخص جو اپنے ماں باپ پر لعنت بھیجتا ہے۔

وہ شخص جو کسی جاندار چیز کو تیر آموزی کے لیے نشانہ بنائے۔

وہ شخص جو اپنے تئیں مخنث بنا ڈالے۔

وہ عورتیں جو اپنے تئیں مردوں کی وضع میں ظاہر کریں۔

وہ شخص جو غیر اللہ کا نام لے کر کسی جاندار کو ذبح کرے۔

وہ شخص جو دین میں کوئی نئی بات پیدا کرے یا کسی ایسے شخص کو، جو دین میں نئی بات پیدا کرے، اپنے ہاں پناہ دے۔

وہ شخص جو تصویر کشی کرتا ہے۔

وہ شخص جو لواطت کرتا ہے۔

وہ شخص جو اپنے والدین کو گالیاں دیتا ہے (خواہ خود گالیاں دے یا دوسرے کو گالیاں دے کر اپنے والدین کو گالیاں دلوائے)۔

وہ شخص جو نابینے کو راہ چلتے بے راہ کرے۔

وہ شخص جو کسی چوپائے سے وطی کرے۔

وہ شخص جو کسی چوپائے کے چہرہ پر نشان لگائے۔

وہ شخص جو کسی مسلمان کو کوئی ضرر پہنچائے یا اسے دھوکہ دے۔

وہ عورتیں جو قبور کی زیارت کرتی ہیں۔
وہ لوگ جو قبروں پر مسجد بناتے ہیں اور چراغ جلاتے ہیں۔
وہ شخص جو کسی کی بیوی کو خاوند کی طرف سے یا کسی غلام کو اس کے آقا کی طرف سے بہکائے۔
وہ شخص جو عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے۔
وہ عورت (بیوی) جو مرد کی خواہش پر اس سے ہمبستر نہ ہو اور علیحدہ رات گزارے۔ ایسی عورت کو صبح تک ملائکہ لعنت بھیجتے رہتے ہیں۔
وہ شخص جو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو گالیاں دیتا ہے۔
وہ شخص جو اپنے باپ کے غیر کی طرف منسوب ہوتا ہے یعنی نسب بدلتا ہے۔
وہ شخص جو کسی اوزار کو اپنے مسلمان بھائی کے سامنے کرتا ہے۔ خواہ مارنے کی نیت نہ رکھتا ہو۔ ایسے شخص پر ملائکہ لعنت بھیجتے ہیں۔
وہ شخص جو زمین میں کسی قسم کا فساد برپا کرتا ہے اور قطع رحمی کرتا ہے یا اذیت پہنچاتا ہے۔
وہ شخص جو جناب پیغمبر علیہ السلام کو اذیت پہنچاتا ہے۔
وہ شخص جو حکم آیاتِ قرآنیہ کو مخفی رکھتا ہے۔
وہ لوگ جو محصنہ عورتوں پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں۔
وہ شخص جو سبیل کافر کو سبیل مسلم سے ہدایت میں ترجیح دے۔
وہ مرد جو عورت کا لباس پہنے اور وہ عورت جو مرد کا لباس پہنے۔
وہ شخص جو رشوت دے اور رشوت دلائے۔

ان لوگوں کے علاوہ اور بھی لعنتیں شریعت میں وارد ہو چکی ہیں اور اگر بالفرض مذکورہ بالا امور میں بجز اس کے اور کوئی قباحت نہ ہوتی کہ ان کا کرنے والا اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور ملائکہ کی طرف سے استحقاقِ لعنت پر رضامند ہوتا ہے، تب بھی ان کے ارتکاب پر کبھی اقدام نہ کرنا۔

(اگر آپ درج بالا کسی گناہ میں بھی مبتلا ہو کر لعنت کے مستحق بن رہے ہیں تو فوراً توبہ کیجئے۔ اللہ ﷻ، رسول اللہ ﷺ اور فرشتوں کی لعنت کے بعد انسان کے لئے کوئی جائے پناہ نہیں۔ ر۔خ)

محسن انسانیت محمد ﷺ پر درود وسلام کی اہمیت وفضیلت

محمد علیم نظامی

اللہ تعالیٰ کا یہ بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے انسانوں کی ہدایت و نجات کے لئے اپنے آخری رسول ﷺ کو رحمت عالم بنا کر بھیجا اور ''رحمۃ للعٰلمین'' آپ ﷺ کی صفت خاصہ ہے، جس میں مخلوقات میں سے کوئی بھی دوسرا ان کا شریک نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کے عظیم احسان اور نبی آخری الزمان ﷺ پر ایمان کا یہ لازمی تقاضا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے زیادہ رحمۃ للعٰلمین ﷺ سے محبت کی جائے۔ آپ ﷺ کی مکمل اطاعت کی جائے اور آپ ﷺ پر کثرت سے درود وسلام بھیجا جائے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے'' بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو''۔اس آیت کی تشریح میں امام ابوجعفر محمد بن جریر بن یزید الطبری السنی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے''اس کا معنی یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ پر اللہ تعالیٰ رحم فرماتے ہیں اور ان کے فرشتے آپ ﷺ کے لئے دعا و استغفار کرتے ہیں''۔ (تفسیر الطبری)

معلوم ہوا اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا مطلب رحمتیں اور برکتیں نازل فرمانا ہے اور فرشتوں کے درود بھیجنے کا مطلب رحمت کی دعائیں ہیں۔

❁ سیدنا ابوطلحہ زید بن سہل الانصاری ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا''میرے پاس ایک فرشتہ آیا تو اس نے کہا اے محمد ﷺ! آپ کا رب فرماتا ہے کہ کیا آپ اس پر راضی نہیں کہ آپ کی امت میں سے کوئی شخص آپ پر ایک دفعہ سلام کہے تو میں دس مرتبہ اس پر سلامتی نازل فرماؤں؟'' (فضل الصلوٰۃ وسندہ حسن)

❁ سیدنا عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''قیامت کے دن وہ لوگ سب سے زیادہ میرے قریب ہوں گے جو سب سے زیادہ مجھ پر درود پڑھتے تھے''۔ (جامع ترمذی)

❁ سیدنا حسین بن علی ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' بے شک وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے پھر وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔'' (جامع ترمذی)

❁ سیدنا ابوسعید الخذری ؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا''جو لوگ کسی ایسی مجلس میں بیٹھتے ہیں جس میں وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتے اور نبی کریم ﷺ پر درود نہیں پڑھتے تو قیامت کے دن یہ مجلس اجر عظیم سے محرومی کی وجہ سے ان کے لیے حسرت کا باعث ہوگی۔اگر چہ وہ ثواب کے لئے جنت میں داخل ہو جائیں''۔ (مسند احمد)

کیا آپ چاہتے ہیں کہ فرشتے آپ کے لئے دعائے رحمت کرتے رہیں؟

''جب تک کوئی مسلمان مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے، اس وقت پر فرشتے بھی اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں۔اب چاہے تو کوئی کم پڑھے یا زیادہ''۔ (سنن ابن ماجہ)

❁ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا'' جب تک کوئی مسلمان مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے، اس وقت پر فرشتے بھی اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں۔ اب چاہے تو کوئی کم پڑھے یا زیادہ''۔ (سنن ابن ماجہ)

❁ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا''جس نے مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجا، اللہ تعالیٰ اس پر دس (۱۰) رحمتیں نازل فرمائیں گے، دس (۱۰) گناہ معاف کریں گے اور دس (۱۰) درجے بلند فرمائیں گے۔'' (سنن النسائی)

اگلا مہینہ، رمضان المبارک ہے۔ رمضان میں درود شریف پڑھنا بہت بڑی سعادت ہے۔ایک درود کا ثواب ستر (۷۰) گنا ہو کر ملے گا۔یعنی ایک بار درود پڑھنے پر سات سو رحمتیں، سات سو گناہ معاف، سات سو درجات کی بلندی......اللہ اللہ، اس سے بڑھ کر اور کیا چاہئے۔اس لئے کثرت سے درود شریف پڑھنے کی ابھی سے عادت ڈالیں تاکہ رمضان میں خوب رحمتیں سمیٹیں، خوب گناہ معاف کروائیں اور خوب اپنے درجات بلند کروائیں۔ اللہ جل شانہٗ ہم سب کو رمضان اور غیر رمضان میں زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔آمین (خ)

دارالعمل چشتیہ

1 شعبہ نشرو اشاعت: اسلامی، تصوف، روحانی وعملیاتی، طبی وتربیتی کتب، رسائل، پمفلٹ و پوسٹرز کی اشاعت۔ (darulamal.org/publications)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات : ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا رسالہ ہے جو روحانی ومخفی علوم کے شائقین کے لئے علوم کا خزانہ ہے۔ روحانی علوم نہایت دلچسپ اور مفصل انداز میں بیان کئے جاتے ہیں۔ ایک خالص روحانی علوم کا حامل مجلّہ جو قدم بہ قدم عامل کی رہنمائی کرتا ہے اور آپ کو روحانی دنیا کا تعارف کرواتا ہے اور رابطہ سکھاتا ہے۔ نیز اسلامی معلومات، تصوف، اولیاء اللہ کے حالات، نفسیاتی مسائل اور ان کے حل، نفسیاتی بیماریوں کی معلومات وعلاج، معاشرتی مضامین برائے اصلاحِ عوام، ذہن وجسم کے لئے تربیتی مضامین اور طبی مضامین (ہومیوپیتھی، حکمت، بائیوکیمک، علاج بالغذا وغیرہ) بھی دیئے جاتے ہیں جو کہ عوام کیلئے نہایت مفید ہیں۔ (darulamal.org/magazines/ruhani)

2 روحانی درسگاہ: یہ شعبہ روحانی ومخفی علوم سکھانے کا شعبہ ہے۔ الحمدللہ کثیر تعداد میں طالبین علوم روحانیات، روحانی علوم سیکھ رہے ہیں۔ ابتداء سے انتہا تک تمام منازل نگرانی میں طے کروائی جاتی ہیں۔ روحانی تشخیص کرنا، جادو اور جنات کا علاج کرنا، حب وبغض کے عملیات، جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حصارات اور دفاع کے کثیر اعمال، دشمن سے نمٹنے اور نجات کے اعمال، علم الاعداد، علم النقوش، علم الساعات اور بہت کچھ سکھایا جاتا ہے۔ جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کے لئے نقد صدقہ ادا کر کے سکھانے کا بھی انتظام ہے اور کثیر اعمال ہیں جو نقد صدقہ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ نیز روحانی عاملین جو بنیادی درجہ حاصل کر چکے ہوں، ان کو بڑے یا مؤکل اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں۔ شرعاً جائز کئی اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔
(darulamal.org/ruhanidarsgah)

3 روحانی علاج گاہ: شریعت اسلامیہ کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اور کفر وشرک سے بچتے ہوئے قرآنی آیات، مسنون دعاؤں، اکابرین سے ثابت شدہ اعمال ووظائف اور شرعاً جائز عملیات سے ہر قسم کی مشکلات ومسائل کے حل کے لئے کوشش کی جاتی ہے۔ خاص کر جنات اور جادو کا علاج جس میں آج کل عوام وخواص کی اکثریت مبتلا ہے۔ جادو واپس لوٹانا، ہر قسم کی بندش کا توڑ، لڑائی جھگڑے، شادی نہ ہونا، پسند کی شادی، اولاد کا نہ ہونا، معاشی مسائل، تعلیمی مسائل، گھریلو مسائل، نوکری کے مسائل، دشمن کے مسائل، اولاد کی نافرمانی اور غلط راہ پر چلنا، ناجائز تعلقات کی جدائی وغیرہ الغرض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تمام مسائل وپریشانیوں کا ممکنہ حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/ruhaniilajgah)

4 مطب العارف: جسمانی بیماریوں کے علاج کا شعبہ ہے۔ ہومیوپیتھک، بائیوکیمک، طب یونانی، رنگ کلر تھراپی، اروما تھراپی، سپر یچوئل ہیلنگ، ہپناٹزم، سائیکو تھراپی اور طب روحانی سے مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ماہرین علاج کرتے ہیں۔ شفاء منجانب اللہ۔ (darulamal.org/matabalaarif)

5 مکتبۃ العارف: روحانی، طبی، دینی اور متفرق کتب ورسائل کی اشاعت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف موضوعات پر کتب خصوصی رعایت پر بھی دستیاب ہیں۔ خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ پرانی کتب بھی دستیاب ہیں۔ (darulamal.org/bookshop)

6 لائبریری: مختلف مسالک کے اسلامی، روحانی، طبی، رسائل اور پمفلٹ وغیرہ بھی موجود ہیں۔ خصوصاً عملیاتی کتب کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے، جس میں شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ کتب ہیں جو عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ نیز کثیر تعداد میں ماہنامے اور مختلف مجلّے قدیم اور جدید بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو کوئی خاص کتاب مطلوب ہو تو اس کی فوٹو کاپی یا scan کاپی مناسب قیمت پر مہیا کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/library)

7 شعبہ آڈیو وویڈیو: محافل قراءت، حدر، ترتیل، مصری قراء کرام کی تلاوتیں، حمد ونعت، بیانات، مکمل قرآن مجید، مناظرے، تراویح، مشاعرے وغیرہ پر مشتمل کیسٹس، سی ڈیز CDs، ڈی وی ڈیز DVDs کی ریلیز وفروخت کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/multimedia)

8 آئی ٹی: 30 سے زائد قرآنی فونٹس اور 1000 سے زائد اردو، عربی، فارسی فونٹس کی کلیکشن موجود ہے۔ نیز اپنی مرضی کا فونٹ اپنی مرضی کے Inpage میں سیٹ کیا جاتا ہے۔
(darulamal.org/it)

9 روحانی دکان: روحانی علاج وچلہ کشی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی فراہمی کی جاتی ہے۔ مثلاً چھپے ہوئے تعویذات ونقوش، مختلف اقسام کی اگربتی، زعفران، مشک نافہ، مختلف خوشبو اور کوالٹی کے بخور اور بخور دان، عربی وانڈین عطورات کی زبردست ورائٹی، آلہ یکسوئی، الواح وغیرہ۔ (darulamal.org/ruhanishop)

10 ٹرسٹ: دینی وفلاحی کاموں میں معاونت کا شعبہ ہے۔ صدقات، عطیات اور زکوٰۃ کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ مستحق افراد کی کفالت کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز مختلف حوائج ومسائل میں غرباء سے تعاون کیا جاتا ہے۔ (darulamal.org/trust)

11 شعبہ شادی: سنی مسلک کے لوگوں کے لئے رشتے کروانے کا شعبہ ہے۔ طرفین کا رابطہ کروا کر ازدواجی رشتے میں منسلک کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ صرف رجسٹریشن فیس ایک ہزار (1000) روپے ہے۔ رشتہ طے ہونے کی کوئی فیس نہیں۔ جو جس کی خوشی ہو، وہ ادارے کے ٹرسٹ میں جمع کروا سکتا ہے۔ نیز صرف فون پر رابطہ کروایا جاتا ہے، نہ ساتھ جاتے ہیں، نہ ہی کوئی ذمہ داری لی جاتی ہے۔ (darulamal.org/matrimonial)

رابطہ 0343-7772772, 0322-4773786
پوسٹ بکس نمبر 9118، پوسٹ کوڈ 54570، لاہور۔ فون نمبر 042-35033371 E-mail: info@darulamal.org

حرف حرف خوشبو..... تصوف کیا ہے؟

ڈاکٹر محمد اعظم رضا تبسم (لیکچرار، انڈس کالج، اسلام آباد)

ایک مرتبہ بابا فرید رحمہ اللہ کا ایک مرید آپ کے پاس آیا۔ وہ لوہار کا کام کیا کرتا تھا۔ آپ رحمہ اللہ کے لیے خاص قینچی بنا کر لایا اور آپ کی خدمت مبارکہ میں حاضر ہوتے ہی عرض کرنے لگا "باباجی! یہ میں اپنے رزق حلال سے آپ کے لیے ایک تحفہ لایا ہوں"۔

بابا جی رحمہ اللہ نے جب قینچی دیکھی تو مسکرا دیے اور فرمایا "بیٹا! درویش تحفہ رد نہیں کیا کرتے۔ البتہ جب اگلی مرتبہ آنا تو سوئی لے کر آنا"۔ اب جب وہ مرید اگلی مرتبہ حاضر ہوا تو سوئی لے کر آیا۔ آپ رحمہ اللہ کی خدمت میں سوئی پیش کی تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا "اس مرتبہ ہم نے تمہارا تحفہ خوشی سے قبول کیا اور پسند بھی کیونکہ قینچی کا کام کاٹنا اور سوئی کا کام سینا ہوتا ہے اور درویش کاٹنے کا نہیں سینے کا کام کرتے ہیں۔ درویشوں کا کام محبت و الفت کے رشتوں کی بنیاد رکھنا ہوتا ہے"۔

جی ہاں! محبتوں، شفقتوں اور سچائیوں پر مشتمل ہر ایسے تعلق کا نام تصوف ہے جو بندوں کو اپنے کریم رب کی قربت عنایت کرے۔

تصوف کی تعریفیں مختلف ادوار میں مختلف رہی ہیں۔ ہر ولی اللہ نے اس موضوع کو اپنے اقوال اور اعمال سے ایک رونق بخشی۔ اگر یوں کہا جائے کہ تصوف اللہ سے بے غرض دوستی اور محبت کا نام ہے تو ہم اس بات کو امام غزالی رحمہ اللہ سے کیے گئے ایک سوال کے جواب سے بہتر انداز میں سمجھ سکتے ہیں۔

ایک مرتبہ کسی نے سوال کیا کہ "مسلمان اور مومن میں کیا فرق ہے؟" آپ رحمہ اللہ نے فرمایا "مسلمان وہ ہے جو اللہ کو ایک مانے اور مومن وہ ہے جو اللہ کو بھی مانے اور اللہ کی بھی مانے"۔ یقیناً جو اللہ کی مانے گا اللہ اسے اکیلا نہیں چھوڑے گا۔ اپنے کرم کریمانہ سے نوازے گا۔ وہ **اِنَّ اولیاء اللہ** کا مصداق ٹھہرے گا۔ **لاخوف علیھم ولا ھم یحزنون** اس کا خاصا بن جائے گا اور بادشاہوں کے بادشاہ، خالق و مالک کی قربت کی لذت و چاشنی اسے دنیا کی عارضی زندگی کی بھول بھلیوں میں بھٹکنے نہیں دے گی۔ معرفت اس کا اوڑھنا بچھونا ہوگی۔ انسانیت کی خدمت اس کا مقصد ہوگا۔ **وصل الی اللہ** اس کی تمنا ہوگی۔ خوشنودی اور رضائے الٰہی اس کا مطمع نظر ہوگا۔ تنہائیوں کا متلاشی ہوگا۔ شاہراہِ حیات پر ایسی قیام گاہ اس کی آرزو ہو گی، جہاں وہ ہو اور بس اس کا خدا ہو۔ **صلوٰۃ و صوم** اس کا شعار ہوگا۔ اپنے محبوب کو مختلف اداؤں سے راضی کرنا اس کا مقصود بن جائے گا۔ لائق مسجود سے رکوع و سجود میں آہ و زاری کرنا اور اس سے ہر لمحہ قربت کی التجائیں کرنا اس کی نوکری بن جاتی ہے۔ مگر ان میں سے کسی میں **اموالکم واولادکم فتنہ** کی طلب نہیں ہوتی۔ **ان الابرار لفی نعیم** کے مقام میں ٹھہرنے کی لالچ نہیں ہوتی۔ **ان الفجار لفی جحیم** کے مقام میں دھکیلے جانے کا خوف نہیں ہوتا۔ بس فقط رب رب اور رب ہوتا ہے۔ جس کی انتہا **رضی اللہ عنھم** پر ہوتی ہے۔

ایک مرتبہ رابعہ بصری رحمہا اللہ ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ لئے بھاگی جا رہی تھیں۔ سفیان رحمہ اللہ نے پوچھا "اے رابعہ! بھلا اتنی تیزی سے کہاں جا رہی ہو اور پھر ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ؟ یہ معاملہ میری سمجھ میں نہیں آ رہا"۔ تو فرمانے لگیں "آگ تو رابعہ نے اس لئے پکڑ رکھی ہے کہ اس جنت کو لگا دوں اور جلا کر خاک کر دوں جس کی لالچ میں لوگ عبادت کرتے ہیں اور پانی اس لئے کہ اس جہنم کو بجھا دوں جس کے خوف کی وجہ سے لوگ عبادت کرتے ہیں"۔

جی ہاں! تصوف کی ایسی تعریفیں بھی ملتی ہیں مگر ان لوگوں کے لیے عبادت کا مقصد فقط اور فقط **لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم** کی عزت بخشنے والے رب کی رضاء ہوتی ہے۔ مقامِ عبدیت کا شکر ادا کرنا

ہوتا ہے۔ نعمتوں کا حصول نہ تو آرزو ہوتی ہے نہ ہی مقصود۔ پھر رابعہ سجدے میں گرتی ہیں، موذن صبح کی اذان دیتا ہے، عشق الٰہی میں اس قدر مستغرق کہ اٹھ کر اپنے کریم عزوجل سے شکوہ کرتی ہیں۔ بھلا دیکھو تو سہی شکوہ کیا ہو رہا ہے کہ "اے میرے رب! تو نے رات اتنی چھوٹی بنائی ہے کہ رابعہ کا ایک سجدہ پورا نہیں ہوتا"۔ ادھر اویس قرنی رحمہ اللہ ہیں۔ عشق رسول ﷺ کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے کو تیار ہیں۔ جب حبیب ﷺ کے محب عزوجل کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں، کیا خوب کہتے ہیں "آج کی رات رکوع کی رات، آج کی رات عبادت کی رات"۔ اور پھر پوری رات اس ایک ادا میں خدا کو راضی کرتے کرتے صبح ہو جاتی۔

بہر حال، عبادات کی وسیع دنیا میں بھی یہ مقام ہے۔ دوسری طرف اخلاق حسنہ بھی ان لوگوں کا شعار تھا۔ اویس قرنی رحمہ اللہ کو بچے پتھر مارتے ہیں تو فقط یہ آواز بلند ہوتی ہے "بچو! اویس کو آہستہ آہستہ پتھر مارو۔ اگر خون نکل آیا تو تمہارے رب کو کیسے راضی کروں گا؟" آزمائشوں تکلیفوں کے سمندر کے سمندر پی جانا، جبر و صبر کی جنگ میں صبر کو فتح دلوانا، ان لوگوں کے اخلاق ہیں۔

ایسے نفوس مکارم اخلاق کے پیکر ہوتے ہیں۔ ان کے صبر اور نفس پر جبر کی مثالیں قائم ہوئیں ہیں۔ تزکیہ نفس اور تعمیر ظاہر و باطن ان کا مقصد ہوتا ہے۔ دلوں کے ویرانوں کو صاف شفاف کرنا، پھر اسے رحمٰن کا گھر بنانا، ان کی حیات جاوداں کا مقصود ہوتا ہے۔ حقیقی خالق و معبود ہی ظاہر و باطن میں ان کا مسجود ہوتا ہے۔ خدا کے بندوں سے پیار، ان کی خدمت میں عظمت، ان کا روحانی درس ہوتا ہے۔ جی ہاں! ایسے لوگ ہی حقیقی صوفی کہلاتے ہیں۔

ہمارا مقصد اپنی زندگی کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ہے۔ اولیاء اللہ کے اقوال ذکر کرنے کا مقصود ہی یہ تھا کہ ایک تو اس وہم کا ازالہ ہو جائے کہ ولایت کسی کونے میں گندگی کے ڈھیر پر پڑے رہنے اور نشہ کرنے کا نام نہیں ہے جو ہمارے سیکولرازم سے متاثر احباب کی سوچ ہے۔ دوسرا یہ بات عیاں ہو جائے کہ اگر کوئی دنیا کی رنگینیوں کو ٹھوکر مارتا ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ غریب ہے۔ بلکہ وہ فقر کی علامت ہے اور فقر کے متعلق فرمان رسول ﷺ ہے "الفقر فخری" اور فقر کا مفہوم سمجھنے کے لیے ابتدائی سطح پر ایک جملہ کافی ہے "فقر دنیا سے مستغنی ہونے کا نام ہے"۔

ایک مرتبہ بادشاہ محمود غزنوی رحمہ اللہ نے اپنے دربار کی فضا میں چند سکے اچھالے تو تمام درباری ان کو اکٹھا کرنے لگے اور چونکہ جو جتنے چن لیتا، وہ اسی کے ہوتے، تو جب سب درباری سکوں کی طرف لپکے، محمود غزنوی رحمہ اللہ کا غلام ایاز، محمود غزنوی رحمہ اللہ کے قریب ہی کھڑا رہا اور سکے چننے کے لیے آگے نہ بڑھا۔ بادشاہ نے پوچھا "اے ایاز! کیا تجھے سکوں کی ضرورت نہیں؟" تو ایاز کہنے لگا "نہیں! جب بادشاہ میرا ہے تو پوری سلطنت میری ہی ہے"۔ ایاز کی اس دانشمندی پر بادشاہ حیران رہ گیا کیونکہ ایاز کی اس بات نے بادشاہ کا دل جیت لیا تھا۔

اگر یہی توکل انسان کے پاس آ جائے تو توکل علی اللہ کی اس عظمت کی وجہ سے وہ بلند مرتبہ ہو جائے۔ اس کے اعلیٰ وقار کی وجہ بن جائے۔ یقیناً جو اپنے رب عزوجل پر اسی درجہ کا توکل رکھے گا اور ظاہر و باطن دونوں حال سے اس کا اظہار بھی کرے گا تو لازماً اس کا رب بھی اسے عزتوں سے نوازے گا اور دنیا اس کی محتاج ہوگی۔ کیونکہ اس کی دوستی بادشاہوں کے بادشاہ کے ساتھ ہوگئی ہے۔ اس لئے وہ دنیا پر، اس کی رنگینیوں پر، وصل کے لمحوں کو ترجیح دے گا۔ ہر وقت حالت نماز میں رہنا اس کی حقیقی لذت کا حصول، اس کی روح کی غذا بن جائے گا۔ سجدوں میں آہ و زاری کرنا، اپنی کمزوری کا اعتراف اور اس کی عظمتوں کا نعرہ لگانا، اللہ اللہ کی صدائے دلنواز سے خود کو رطب اللسان رکھنا، اس کا قلبی چین بن جائے گا۔ اور اگر یہ سب کچھ میسر آ جائے تو شاہی سے فقیری تک کا سفر کچھ مشکل نہ رہ جائے گا۔

بہر حال یہ ہی حقیقی کامیابی ہے۔ کامیاب زندگی گزارنے کے لیے کامیاب لوگوں کے رہنما اصول اپنانے بہت ضروری ہوتے ہیں۔

ان ہی کامیاب لوگوں کے وہ اقوال، جن پر عمل نہ صرف ظاہری سکون میسر کرتا ہے بلکہ باطن بھی روشن کر دیتا ہے۔ ان کو اپنی کتاب میں راقم نے ذکر کر دیا ہے اور اس کتاب کا نام اسی وجہ سے "کامیاب زندگی ...... اقوال اولیائے کی روشنی میں" رکھا گیا ہے۔

آج اگر امت محمدی ﷺ پر نظر ڈالی جائے تو یہ ٹوٹی ہوئی تسبیح کے دانوں کی طرح بکھری اور سمندر کی جھاگ کی طرح کمزور نظر آتی ہے۔ مسلمان کا ہاتھ اور اس کا اپنا ہی گریبان ہے۔ یہ امت، اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے کی بجائے اغیار کے قدموں میں سربسجود ہے۔ ان حالات کو دیکھ کر ہی تو مفکر اسلام کا قلم یہ لکھنے پر مجبور ہو گیا۔

؎ ''تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب کیوں نہیں ہے؟''

اگر ہم ماضی میں جھانکنے کی ذرا ہمت کریں تو ہمارے اسلاف ''شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن'' کے علمبردار دکھائی دیتے ہیں۔ کبھی ابراہیم علیہ السلام بن کر آتش نمرود میں کود جاتے ہیں تو کبھی موسیٰ علیہ السلام بن کر فرعون سے ٹکراتے ہیں۔ کبھی حسین رضی اللہ عنہ بن کر یزید کے سامنے کلمہ حق کہتے ہیں تو کبھی سرزمین سندھ پر پرچم اسلام لہراتے ہیں۔ کبھی ساحل اندلس پر کشتیاں جلاتے ہیں تو کبھی شہدائے کارگل بن کر قوم کی حفاظت کا حق ادا کرتے ہیں۔

لیکن آج جو کرب ناک مناظر دیکھنے میں آ رہے ہیں، ان کی وجہ فقط یہ ہے کہ ہم نے اپنے اسلاف کے دیئے اسباق اور ان سے حاصل کارناموں کو بھلا دیا ہے۔ اگر آج بھی ہم ان اسباق کو دوبارہ یاد کریں اور عمل پیرا ہو جائیں تو پھر سے شاہی ہمارے قدموں میں ہو۔ دنیا کے تمام انسان ہمیں سلوٹ (سلام) کریں۔ اسی لیے میں نے اپنی کتاب مذکورہ میں صرف ان اقوال کو ذکر نہیں کیا، جن کا تعلق باطنی و روحانی دنیا سے ہے بلکہ ان اقوال کو بھی خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا ہے، جن کا تعلق ہماری ظاہری زندگی سے بھی ہے۔

جیسے چند اقوال بطور امثلہ درج ذیل ہیں:

فخر: فخر اس میں ہے کہ اپنے تھوڑے سے مال پر قانع رہ کر دوسرے کی ملکیت پر نظر مت رکھو۔ **(حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ)**

بہترین صبر: بہترین صبر وہ ہے جس میں لوگوں سے شکایت نہیں کی جاتی۔

(بشر بن حارث رحمہ اللہ)

جوہر: ہر شے کا ایک جوہر ہوتا ہے جبکہ انسان میں جوہر عقل ہوتا ہے اور عقل کا جوہر صبر کرنا ہوتا ہے۔ **(حارث محاسبی رحمہ اللہ)**

وقت: جب کسی کا وقت نکل جائے تو دوبارہ حاصل کرنا ناممکن ہوتا ہے۔ حالانکہ اس وقت سے زیادہ قیمتی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ **(حضرت جنید رحمہ اللہ)**

اخلاق: تصوف نہ تو رسمیں ہیں، نہ ہی کسی علم کا نام ہے بلکہ یہ اخلاق عالیہ ہیں۔

(حضرت نوری رحمہ اللہ)

منزل کا تعین: منزل کا تعین کرو۔ بغیر منزل کے تھک کر چور ہو جاؤ گے لیکن حسرت کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ **(حضرت ضیاء الامت رحمہ اللہ)**

غیر تربیت یافتہ مبلغ: ایک نادان اور غیر تربیت یافتہ مبلغ اپنی دعوت کے لیے اس دعوت کے دشمنوں سے بھی زیادہ ضرر رساں ہو سکتا ہے۔

(حضرت ضیاء الامت رحمہ اللہ)

غیبت کا کفارہ: غیبت کا بہترین کفارہ یہ ہے جس کی غیبت کی ہے، اس سے معافی طلب کرے۔ **(خواجہ حسن بصری رحمہ اللہ)**

دیوانہ و فرزانہ: دیوانہ وہ ہے جو بغیر منزل کے چلتا رہتا ہے اور فرزانہ وہ ہے جس کا ہر قدم منزل کی طرف اٹھتا ہے۔ **(حضرت ضیاء الامت رحمہ اللہ)**

ان مذکورہ اقوال کو بیان کرنے کا مقصد یہی ہے کہ یہ بات عیاں ہو جائے کہ اللہ والوں کی اقتداء و پیروی، نہ صرف اخروی زندگی کو سنوارتی ہے بلکہ اس ظاہری زندگی کو بھی خوبصورت بنا دیتی ہے۔ پھر بندہ اپنی آزمائشوں کا واویلا کرنے کی بجائے دوسروں کے مصائب دور کرنے میں مصروف ہو جاتا ہے۔ اس کے بول، اس کی گفتگو، کامیابی کے رہنما موتی بن کر نکلتے ہیں اور اس کی دواء اور دعا حتمی شفاء بن جاتی ہے۔

اپنے رب کریم عزوجل کی بارگاہ لم یزل میں ملتمس ہوں کہ وہ اپنے حبیب کریم ﷺ کے صدقے، اس کاوش کو ہر عام و خاص کے لیے نافع بنائے۔ اور میرے قلم اور اس کے لکھے کو اپنی بارگاہ میں درجہ قبولیت عطاء فرمائے۔

آمین، بجاہ النبی الکریم ﷺ۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
رابطہ: 042-35033371, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لئے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔
روحانی طبی اور اسلامی PRINTED کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلدی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	عام قیمت	رعایتی قیمت
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	300	270
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	250	225
ہندی نجوم	250	225
آپ کا برج	200	180
راٹھور تسویۃ البیوت (لگن سارنی دنیا کی)	1500	1350
راٹھور وقتی نجوم	250	225
احکام النجوم (وقتی نجوم)	250	225
کتاب الرمل، کواکب، بروج وساعات	200	180
عملیات اسمائے ربی	300	270
روحانی مشورے	150	135
تسخیر موکلات وحاضرات	150	135
علم الحروف	200	180
راہنمائے عملیات	200	180
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	200	180
السحر الاحمر	200	180
السحر العجیب فی جلب الحبیب (2)	250	225
السحر العجیب فی جلب الحبیب (3)	250	225
سحر بارنوخ	300	270
تجربات خالد	200	180
اصول وقواعد عملیات	350	315
مسائل کا روحانی حل	200	180
آسان عملیات	200	180
شفائے امراض	200	180
خاص نمبر (سحر، جادو، محبت، عداوت)	250	225
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	250	225
بحر الغرائب (ترجمہ)	350	315
اقوال امرضیہ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ	150	135
اسباق دست شناسی	150	135
ذائچے	150	135
راہنمائے تل شناسی	150	130
ساعات حقیقی	200	180
کتب ابن عربی	250	225
خزینۂ اعداد	200	180
مستحصلہ قادر الکلام	150	135
اسرار حیات	250	225
علم النفس	250	225
عملیات شفیق رامپوری	300	270
حروف نورانی	350	315
الشجر قالنعمانیہ	230	210
غایت الحکیم	350	315
کتابی کورس علم عملیات (حصہ اول دوم)	500	450
کتابی کورس علم تسخیرات حاضرات موکلات وجنات	600	540

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
روحانیت دانش اور حقیقتیں	قمر اقبال صوفی	750
خواب اور ان کی تعبیریں	مترجم: سید حبیب احمد ہاشمی	120
سچا خواب نامہ حضرت یوسف فالنامہ و تعبیر نامہ کے ساتھ		250
علاج بالنقوش	پیرزادہ سید محمد مبین ہاشمی	400
روحانی فالنامہ	اقبال احمد مدنی	40
علاج بالقرآن	پیرزادہ سید محمد مبین ہاشمی	400
جنات وشیاطین سے حفاظت	مترجم: حافظ شبیر احمد قصوری	300
مقبول ومجرب عملیات وتعویذات	محمد کلیم ارائیں	60
پتھر ستارے اور ہم	پیرزادہ سید محمد مبین ہاشمی	250

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

یَا کَرِیْمُ ویَا رَقِیْبُ کی برکات

حضرت مولانا انظر شاہ رحمہ اللہ

یَا کَرِیْمُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک مشترک ہے۔ اس کے اعداد دو سو ستر (۲۷۰) ہیں۔

سخاوت کے وصف کا حصول

اگر کوئی اس اسم کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ دن میں یا رات میں پڑھے، سخاوت کا اسے وصف حاصل ہو۔

معزز بنانے کے لئے فرشتے دعا کریں

اگر کوئی اس اسم کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ رات میں پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے اس کے حق میں دعا کریں گے اور کہیں گے کہ اکرمك اللہ (یا اللہ! اس کو مکرم اور معزز بنا دے۔) (جب سونے کے لئے بستر پر لیٹنا ہو، اس وقت پڑھے)

یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا وظیفہ ہے اور اسے اس طرح پڑھا جاتا ہے۔ کرم اللہ وجہہ۔

اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کو مکرم اور معظم بنا دیتے ہیں اور لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت قائم ہو جاتی ہے۔

الکریم کا نقش معظم۔

۷۸۶

۶۳	۷۳	۷۴	۶۰
۶۸	۶۶	۶۵	۷۱
۶۴	۷۰	۶۹	۶۷
۷۵	۶۱	۶۲	۷۲

یَا رَقِیْبُ کے خواص اور اس کے اثرات

یہ اسم بعض کے نزدیک جمالی اور بعض کے نزدیک مشترک ہے۔ اس کے اعداد تین سو بارہ (۳۱۲) ہیں۔

نفس اور شیطان کے مکر سے حفاظت

اگر کوئی آدھی رات کے بعد اس اسم کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے، اپنے نفس اور شیطان کے مکر و فریب سے بچا رہے۔

دشمنوں کی دشمنی سے حفاظت

اور اگر کوئی روزانہ ۴۰ مرتبہ پڑھے تو دشمنوں کی دشمنی سے بچا رہے۔

اہل و عیال اور مال و دولت کی حفاظت

اور اگر کوئی سات مرتبہ اس اسم پاک کا وظیفہ پڑھے تو بیوی، بچے، مال و دولت محفوظ رہیں اور تمام آفات سے اللہ تعالیٰ بچائے رکھیں۔ اگر کوئی اپنے بال بچوں اور مال و اسباب کے گرد سات بار اس کو پڑھ کر دم کر دے تو دشمنوں کی دشمنی اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے۔

گمشدہ چیز مل جائے

اور اگر کوئی چیز کھوئی جائے تو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے، ان شاء اللہ مل جائے گی۔

مسافر محفوظ واپس آئے، اہل و عیال حفاظت سے رہیں

اگر کوئی سفر میں جا رہا ہو اور اپنے بچوں کی وجہ سے فکر مند ہو تو ان کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھے، ان شاء اللہ بخیر و عافیت واپس ہو اور بچے محفوظ و مامون رہیں۔ الرقیب کا نقش معظم

۷۸۶

۷۳	۸۴	۸۵	۷۰
۷۹	۷۶	۷۵	۸۲
۷۴	۸۱	۸۰	۷۷
۸۶	۷۱	۷۲	۸۳

مقطعات کی سورۃ چہاردہم القصص کے خواص......غلام الرسول عائلی صاحب

یوم چہاردھم القصص ۲۸

۱۵۵۸	۳۹۰۴۷۳	۸۲	۵۹۳۵	۱۳۳۷
۸۹	۵۹۳۳	۱۳۳۵	۱۵۶۱	۳۹۰۴۷۱
۱۳۳۸	۱۵۵۹	۳۹۰۴۷۴	۸۷	۵۹۳۱
۳۹۰۴۷۲	۸۵	۵۹۳۴	۱۳۳۶	۱۵۶۲
۵۹۳۲	۱۳۳۹	۱۵۶۰	۳۹۰۴۷۰	۸۸

وفق=۳۹۹۴۸۹

دشمنوں سے نجات

اگر دشمن تنگ کرنے پر آمادہ ہوں تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس وفق کو اپنے پاس رکھے اور اس آیت کا ورد کرے تو دشمنوں سے نجات ملے۔

رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۱﴾ (القصص:۲۱)

بچے گھر میں رہیں اور کبھی گم نہ ہوں

اگر کسی بچے میں گھر سے باہر رہنے کی عادت ہو تو اس وفق کو لکھ کر، اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈال دے تو اس کو گھر میں رہنے کی عادت پڑے۔ اور وہ کبھی گم نہیں ہوگا۔

عَسٰی رَبِّیْٓ اَنْ یَّهْدِیَنِیْ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۲۲﴾ (القصص:۲۲)

رزق کی تنگی سے نجات......نیک بیوی ملے

اگر کسی آدمی کے رزق میں تنگی ہو تو اس وفق کو ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کنوارا ہے تو اسے نیک زوجہ ملے گی۔ اس آیت کو لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ کر دعا مانگتا رہے تاوقتیکہ اس کا مقصود اسے حاصل ہو۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص:۲۴)

دشمنوں کی کوئی سازش کامیاب نہ ہو

اگر کسی کے لئے مخالفوں نے ریشہ دوانیوں کے جال بچھائے ہوں اور ہر طرح سے جکڑنے پر آمادہ ہوں تو اس وفق کو لکھ کر، اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ان آیات کا ورد اپنے معمول میں رکھے تو دشمنوں کی کوئی سازش کامیاب نہ ہوگی۔

لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۵﴾ (القصص:۲۵)

وَاللّٰهُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَكِیْلٌ ﴿۲۸﴾ (القصص:۲۸)

اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ٘ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾ (القصص:۳۱)

ظالم اپنے ظلم کا خود شکار ہو

اگر کسی جابر یا ظالم کی طرف سے خدشہ ہو کہ وہ نقصان پہنچانے کا عندیہ رکھتا ہے تو اس وفق کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر، اس کے نیچے اس جابر یا ظالم کا نام بمعہ والدہ لکھ کر اور وفق پر اسی آیت کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار دم کرکے اسے کسی اکیلے درخت میں باندھے تو وہ جابر اپنے ظلم کا خود ہی شکار ہو جائے گا۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾

(القصص:۸۸)

بقیہ: میگنٹ تھراپی

استعمال نہ کریں۔ مقناطیس کو کریڈٹ کارڈ کے قریب نہ رکھیں کیونکہ یہ اس کو بے کار کر دے گا۔ مقناطیس کو ٹیپ ریکارڈ، ویڈیو پلیئر اور کمپیوٹر کے قریب نہ رکھیں۔ اس سے یہ چیزیں خراب ہو جائیں گی۔ مقناطیس کو ٹی وی کے اوپر بھی نہ رکھیں۔ اس سے پکچر ٹیوب خراب ہو جائے گی۔ مقناطیس کو گھڑی کے قریب نہیں کرنا چاہئے جب تک کہ وہ مقناطیس پروف نہ ہوں۔

حضرت مولانا حسین احمد مدنی نوراللہ مرقدہٗ کے عملیات

سانس کی تکلیف کا علاج

"یَا حَمِیْدُ" روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۂ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر باوضو گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک، ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۔ ﴿البقرة:۲۳۳﴾

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿النحل:۶۶﴾

گمشدہ لڑکی یا چیز کی بازیابی کے لئے

اَمْسَيْتُ فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِيْ جِوَارِ اللّٰهِ

سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔

جادو......واپس جادوگر پر جائے

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر" جادو بر سر جادوگر" لکھ کر جہاں مریض سویا ہو وہاں اس کاغذ کو چھت پر اس طرح لٹکا دیں کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے۔

آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی واپس لانے کیلئے

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
اَوْ اَطْلَقَتْ اَرِبًا مِنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

اس شعر کو روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں۔

ڈاکٹر سید مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے عملیات

سحر خلائق

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَ الْخَلْقُ عَجَزُوْا عَنْ ذَالِكَ۔ اَللّٰهُمَّ سَدِّدْ لِسَانَ اَعْدَاءِ وَلَا تُشْمِتْ بِهٖ الْاَعْدَاءَ وَاظْفُرْلِيْ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَعْدَاءِ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرَ۔ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

اس دعاء کو روزانہ پانچ بار کسی وقت پڑھ لیا جائے۔ عام مخلوق اچھی نظر سے دیکھے گی۔ زبان بندی، صحت یابی، گفتگو اور خیر کی بات زبان سے نکلے گی۔

تیر بہدف عمل برائے حاجات دینی و دنیوی

روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام سورۂ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں۔ تمام آفات سے حفاظت رہے گی اور فراخیٔ رزق ہوگی۔ ہر کام بخیر و خوبی پورا ہوگا۔ تمام لوگ ہمیشہ خوش رہیں گے۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ جو دعا مانگیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

بدمزاج عورت کی اصلاح کے لئے

اگر زوجین میں اختلاف رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی تو ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ صبح و شام سجدہ میں جا کر دعا مانگیں کہ: "اے پروردگار! میری بیوی کو میرا مطیع اور فرماں بردار بنا دے"۔ ہفتہ عشرہ نہ گذرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے:

اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۔ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ

﴿سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ: ۱۹۶﴾

اہم مقاصد کیلئے سورۂ فاتحہ کے چند خاص اعمال

مجرباتِ استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ العالی

دشمنی ختم کرانا

ایسے دو دوست، عزیز یا محلہ دار...... جن کے مابین کسی غلط فہمی کی بنا پر دشمنی پیدا ہو گئی ہو، دلوں میں کدورت اور نفرت کے باعث دونوں ایک دوسرے سے دشمنی رکھتے ہوں اور کسی طرح بھی دشمنی ختم کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں، صلح کے لئے دونوں میں سے کوئی بھی پہل کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو اس مقصد کے لئے کہ دونوں کے مابین دشمنی کی فضا ختم ہو جائے اور دونوں صلح پر آمادگی کا اظہار کریں، باوضو حالت میں بادام کی چند گریاں لے کر اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھیں۔ درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے دلوں میں محبت واخوت کے جذبات ایک دوسرے کے لئے پیدا کر دے۔ اس کے بعد بادام کی یہ گریاں ان دونوں کو کھلا دیں۔ بفضلِ باری تعالیٰ، چند یوم کے عمل سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہو جائے گی اور دونوں صلح کی طرف پیش رفت کریں گے اور دشمنی کو ختم کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے۔

زبان بندی کے لئے

اگر کسی کا دشمن بہت بدزبان ہو، کسی بھی طرح بدزبانی کرنے سے باز نہ آتا ہو، جب بھی سامنا ہو گالی گلوچ سے کام لیتا ہو، ایسے دشمن کی طرف سے بہت پریشانی لاحق ہو، سمجھانے سے بھی کسی کی نہ سنتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان بندی کرنے کی غرض سے بنولے کے اکیس دانے لے کر باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ درمیان میں اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور ان کو دشمن کے مکان کی دیوار میں اس طرح دبا کر دفن کریں کہ دشمن کو اس کی خبر نہ ہو۔ بفضلِ باری تعالیٰ، مرتے دم تک دشمن بدگوئی نہ کرے گا اور بدزبانی کرنے سے باز آجائے گا۔

ادائیگی قرض کے لئے

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو، قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جب کہ قرض خواہ اسے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی مہلت دینے کے لئے آمادہ نہ ہوتا ہو، قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول وآخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں پچیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ (حتی الامکان معاصی سے اجتناب کریں کیونکہ معاشی تنگی کی بڑی وجہ ارتکاب معصیت ہے۔ خ)

کمر درد کے لئے

سردی کے موسم میں موسمی اثرات کے باعث ہونے والے کمر درد میں افاقہ حاصل کرنے کیلئے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ لکھ کر روغن بلسان خالص سے، اس کو پانی کی طرح دھولیں۔ پھر اس تیل پر ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کرلیں۔ کمر درد ہونے کی صورت میں اس تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں۔ ان شاء اللہ، درد میں آرام آجائے گا۔

نظر بد سے بچاؤ

نظر بد سے بچاؤ کے لئے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک فوری اثر دکھاتا ہے۔ اس کو بازو پر باندھنے یا گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بری نظر

کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کو نظر بد لگی ہوئی ہو اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور اسے کسی طرح قرار نہ آتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ کا نقش مبارک لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال دے۔ بفضلِ باری تعالیٰ نظر بد کا اثر فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظر بد سے آزاد ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمٰن	الحمد للہ	رب العٰلمین
الرحمٰن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	آمین

گھریلو ٹوٹکے

اُمِّ نافع

❶ سر کی خشکی دور کرنے کے لیے ہر ہفتہ اسپغول لے کر اسے ایک رات پہلے بھگو دیں۔ پھر صبح کو مسل مسل کر اسپغول الگ کر لیں (چھان لیں) اور جو پانی حاصل ہو، وہ سر میں لگالیں اور خشک ہوتے پر شیمپو کر لیں۔

❷ تھوڑا سا میٹھا سوڈا کسی برتن یا بوتل (بغیر ڈھکن کی بوتل) میں ڈال کر کھلا فرج یا فریزر میں رکھ دیں۔ فرج سے تمام بدبوئیں رفع ہو جائیں گی۔ کسی چیز کی خوشبو بھی کسی دوسری چیز میں نہیں آئے گی۔

❸ بند گوبھی یا میتھی وغیرہ کی کڑواہٹ دور کرنے کے لئے ان کو پکانے سے پہلے سرکہ ملے پانی میں ڈبو دیں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بھگونے کے بعد پکائیں۔

❹ گھروں سے مچھر یا دوسرے کیڑے بھگانے کے لئے مالٹے کے چھلکے سکھا کر جلائیں یعنی ان کی دھونی دیں۔ مچھر بھاگ جائیں گے۔

❺ کمرے یا باتھ روم وغیرہ میں خوشبو کے لئے گلاب کی پتیوں کو سرکہ کے پانی میں ڈبو دیں۔ کمرہ مہک اٹھے گا۔

❻ امرود کو چولہے پر جلا کر چھلکا اتار کر گرم کھالیں۔ کھانسی کے لئے مفید ہے۔

نقش سورۂ یٰسین شریف

سید عبدالخالق صاحب (کراچی)

السلام وعلیکم قارئین! آپ کی خدمت میں سورۃ یٰسین کا نقش و عمل تحریر کر رہا ہوں جو کہ ہر مشکل کا حل، بیماری، جادو، نظر بد، آسیب، دشمن پہ غلبہ، کامیابی، نکاح، بے اولادی سے نجات، کاروبار میں ترقی، بے روزگاری سے نجات، خوشحال زندگی، آمدنی میں اضافہ، جان و مال کی حفاظت، دشمن کے حسد، شیطان کے شر سے تحفظ، اگر کسی مرد کی شہوت بندش کر دی گئی ہو تو اس کا علاج، نحوست کواکب، تمام دردوں سے نجات ہو گی۔

سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے۔ نوچندی جمعرات نمازِ عشاء کے بعد، اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور سورۃ یٰسین سات بار پڑھ کر نقش تیار کریں۔ نقش تیار کرتے وقت جس کام کے لیے تیار کرتا ہو، تصور میں وہی رکھیں اور بخور گلاب، خس، صندل کا دیں۔ نقش پہ دم کرتے رہیں۔ روزانہ سات بار، سات دن تک سورۂ یٰسین پڑھیں۔ جو بھی مقصد ہوگا، ان شاء اللہ پورا ہوگا۔ یقین کامل ہو۔ نماز کا پابند ہو۔ روزانہ صدقہ خیرات دیں، چاہے ایک روپیہ کیوں نہ ہو۔ نقش پر عطر گلاب روزانہ لگائیں۔ چلتے پھرتے یا حی یا قیوم پڑھیں۔ سونے سے پہلے 111 بار درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی عطا ہوگی۔

۷۸۶

۳۳۵   سلام علی ال یٰسین   ۱۰۱

۱	۳۳۶۸۴۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۳۳۶۸۴۳
۶	۹	۳۳۶۸۴۶	۳
۳۳۶۸۴۵	۴	۵	۱۰

سلام علی ال یٰسین (دائیں جانب) — سلام علی ال یٰسین (بائیں جانب)

۳۸۲   سلام علی ال یٰسین   ۳۱۹

فہرست کتب مکتبہ العارف

نادر کتب عملیات، تعویذات، وظائف، حاضرات، رمل، جفر، نجوم، پامسٹری، جنات، جادو، آسیب وغیرہ (فوٹوسٹیٹ مجلد)

روحانی، عملیاتی، طبی اور تصوف کے موضوع پر فوٹوسٹیٹ کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
عملیات حروف صوامت	شاہد الیاس سلیمی	280
تسخیر مہر و قہر (اعمال حزب البحر)	حضرت خواجہ حسن نظامی	385
محبوب الرمل (ظہیر الرمل)	ظہیر احمد شاہ ظہیری	280
تحقیق الرمل	ایم محمد صادق	280
مصداق الرمل	رشی رگھبیر سنگھ	460
کلید دقائق الرمل دوم	منشی چھوٹے لال رمال	400
قوانین الرمل	مرزا محمود علی شفق رام پوری	200
میدان الرمل (بڑا سائز)	مولوی سید ابوالحسن	440
خزینہ رمل	علامہ شاہ گیلانی	200
سیر رمل	علامہ شاہ گیلانی	240
روحانی ایکسرے (علم رمل)	ڈاکٹر شاہ گیلانی	200
آفتاب الرمل (ولدار رمل)	حافظ عبدالستار لکھنوی	360
امتیاز الرمل (مادہ درخشاں)	امتیاز علی خان مرحوم	600
ضیاء الرمل	حکیم سید تقصیر حسین ضیاء النقوی	285
ممتاز الرمل (اصلی جواہر الرمل)	حکیم نور احمد ثاقب اجالوی	360
اعمال صالحین	(فیصل حمید نقشبندی قادری)	750
اسرار غیب (عمل ہمزاد)		230
استاد مسمریزم	(سید یاسین علی نظامی)	430
تاج خوش خیال	(حکیم سید محمود الحسن)	430
رجوع ہمزاد	(قاضی زاہد جمال عامل)	230
رموز ہمزاد	حاجی شمس الدین جھنگوی	240
سرتاج قلمی ڈائری (عامر محمود)	(عامر محمود)	500
صنم خانہ عملیات	(سید حسن الہاشمی)	2500
عملیات تسخیر ہمزاد	(حکیم عبدالحمید بیگ)	300
عمل تسخیر نظر (روحانی مسمریزم)	تسخیر ہمزاد کے عجیب و غریب اعمال	250
عجائبات الو (الوتنتر)	(عامل کامل حاجی کمال الدین چشتی)	300
نوشتہ قسمت مع عمل تسخیر ہمزاد	(حکیم اصغر علی لدھیانوی)	280
نیرنگ ہمزاد	ہمزاد کے موضوع منفرد و مکمل کتاب	350
چھو منتر	غلام سرور شباب	250
ردسحر (اول)	غلام سرور شباب	250
پوشیدہ خزانے	محمد اشرف امروہوی (انڈیا)	320
کتاب المبین (خواص سورہ یسین)	قاری سید محمد کرم حسین	210
اعمال مجربہ سورہ فاتحہ شریف	محمد عبداللہ خان	280
بیاض رفاعی	غلام قادر الرفاعی	430
اصطلاح العملیات	(سید رضی حسین جونپوری)	200
الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم (اردو)	(ابو محمد عبداللہ یمنی)	285
اعمال حب و تسخیر	(ترجمہ مولوی عبدالعزیز کامل)	200
ارتکاز توجہ	شاہ گیلانی	320
الجواہر اللماعہ		460
اسرار اسم اعظم	(حضرت خواجہ حسن نظامیؒ)	250
اعمال رزق حلال	(فیصل حمید)	240
اعمال قیرفت	دشمن کے اعمال کا نایاب مجموعہ	465
الحجر الاحمر	(راجہ فیصل حمید)	350
بیاض اکسیر المعین زاہدی	(حافظ زاہد محمود جمال لاہوری)	300
بیاض نمیوی	(حاجی احمد نمیوی)	375
کشکول مجددی	(حکیم صوفی محمد فاروق جان مجددی)	375
گلشن اسرار لاہوت و ناسوت	عملیات کی اٹھارہ کتابوں کا ترجمہ	640
گلدستہ تجربات و عملیات	(حافظ زاہد محمود سلانوالی پوری)	750
مجرب اعمال و تعویذات	بیماریوں کے روحانی علاج	280
مجربات کاملین ملائکۃ الافلاک (کامل 3 حصے یکجا)	(ابو محمد کاشف میاں شفیق حسین قادری چشتی)	640
نسخہ سحر سلیمانی	(منشی محمد اسحاق عامل)	210
مجموعہ مجرب عملیات (حاجت روا)	سچے عامل کے اعمال روحانی کا مجموعہ	375
تسخیر و حاضری روحانیات و جنات	سید محبوب علی شاہ	225

المکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ

042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

دولت مند بننے کیلئے بسم اللہ کا عمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ (انڈیا)

یہ عمل بھی عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے اور اس عمل کی یہ برکت ہے کہ انسان اس درجہ مال و دولت اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے کہ اس کو بھی حیرت ہوتی ہے اور دیکھنے والے بھی تعجب کرتے ہیں۔

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو نمازِ فجر کے بعد نو (۹) نقش مندرجہ ذیل انداز میں گلاب و زعفران سے لکھ کر رکھ لیں اور رات کو بارہ بجے ان میں سے ایک نقش نکال کر سبز کپڑے میں پیک کر کے اپنے سر پر باندھ لیں اور دو رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت پڑھ کر مصلے پر بیٹھ کر ۷۸۲ مرتبہ یہ پڑھیں:

صلی اللہ علیہ وسلم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم

رات کو سر سے تعویذ کھول کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیں۔ صبح کو اٹھ کو اس تعویذ کو کہیں حفاظت سے رکھ لیں۔ دوسری رات دوسرے تعویذ کو اسی طرح سر پر باندھیں۔ مذکورہ عمل کو ایک عدد کا اضافہ کر کے پڑھیں۔ پھر تعویذ کو تکیہ میں رکھ کر سو جائیں اور صبح اٹھ کر اس تعویذ کو کہیں حفاظت سے رکھ لیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ روزانہ عمل کی تعداد میں ایک عدد کا اضافہ کر کے اس ترتیب سے پڑھتے رہیں:

پہلی رات	دوسری رات	تیسری رات	چوتھی رات	پانچویں رات	چھٹی رات	ساتویں رات	آٹھویں رات	نویں رات
۷۸۲ مرتبہ	۷۸۳ مرتبہ	۷۸۴ مرتبہ	۷۸۵ مرتبہ	۷۸۶ مرتبہ	۷۸۷ مرتبہ	۷۸۸ مرتبہ	۷۸۹ مرتبہ	۷۹۰ مرتبہ

نویں رات گذر جانے کے بعد ایک کلو آٹے کی نو (۹) گولیاں بنائیں اور ان میں نو (۹) تعویذ کپڑے میں سے کھول کر رکھ دیں اور ان نو (۹) گولیوں کو دونوں ہاتھوں سے دریا میں ڈال دیں اور کپڑوں کو کسی پھل دار درخت کی جڑ میں دبا دیں۔

واضح رہے کہ مذکورہ عمل کو مکمل تنہائی میں اور نائٹ بلب جلا کر کرنا ہے۔ تیز روشنی میں عمل نہ پڑھیں۔ روزانہ سوتے وقت پاک صاف لباس پہن کر ہی سوئیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کے بعد رزقِ حلال ہر طرف سے آئے گا اور عامل کو دولت مند بنا دے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۸۷	۷۸۸	۷۸۳
۷۸۲	بسم اللہ الرحمن الرحیم	۷۹۰
۷۸۹	۷۸۴	۷۸۵

اللہ جل جلالہ کے خوف سے گرنے والے آنسو کی طاقت

اللہ کے خوف سے گرنے والا آنسو، بے شک چھوٹا ہی کیوں نہ ہو، لیکن اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ وہ سمندر کے برابر گناہ مٹا دیتا ہے۔

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
رابطہ: 042-35033371, 0332-4487877, 0322-4773786

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لئے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بُک سٹالز، بُک شاپس، نیوز ایجنسیز خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔

کتاب	مصنف	قیمت
تردید سحر و آسیب، رد سحر	محمد عمران اعظم	450
مجربات تعویذات و عملیات		250
استخارہ	شوکت علی شاکر	225
چھو منتر	باوا دیال	225
مجربات امام سیوطی	حضرت امام سیوطی	210
خزینہ عملیات	صوفی عزیز الرحمن	180
کرشمہ رمل	ملازم حسین صاحب	300
کنز الحسین		210
گنجینہ وظائف عملیات قادری		250
خفیہ اعداد و علم الاعداد کا انسائیکلوپیڈیا	شوکت علی شاکر	270
اوراد و وظائف		300
شمس المعارف	علامہ ابو عباس بونی	660
تسخیر ہمزاد	شوکت علی شاکر	210
نقش سلیمانی	حضرت خواجہ اشرف علی	225
پامسٹری گائیڈ	محمد افضل شیخ	180
تسخیر موکلات		150
دعوت موکلات	سید محبوب علی شاہ	150
لوح سلیمانی	محمد برکت اللہ لکھنوی، شیخ محمود علی	200
مفتاح جعفر		200
اعجاز سلیمانی		270
برجوں کا انسائیکلوپیڈیا (بڑا)		490
علم جفر	شوکت علی شاکر	200
ٹیلی پیتھی ہپناٹزم	محمد اشفاق	180
اسم اعظم سے جادو کا توڑ		180
برجوں کا انسائیکلوپیڈیا (چھوٹا)		300
جنتر منتر تنتر	باوا دیال	225
فالنامہ یوسف		200
لوح سلیمانی		200
کوا تنتر، کوے کی کہانی	باوا دیال	300
عامل کامل	شوکت علی شاکر	390
الو تنتر، الو کی کہانی	باوا دیال	270
جادو کی قدیم کتاب	باوا دیال	390
جادو اور جادوگر	باوا دیال	210
شعبدہ بازی، جادو اور کھیل	رحمت مرزا	210
مصر کا جادو	سوامی ہنس راج گوپی	210
جادوگروں کی آپ بیتی	بابا بڈھے شاہ	220
کالے جادو کا توڑ	شوکت علی شاکر	300
جادو سے علاج	بابا بڈھے شاہ	180

کتاب	مصنف	قیمت
مستند مجموعہ وظائف (عام)	مفتی نظام الدین شامزئی	220
رہنمائے اسلامی نام	مولانا عبدالشکور قاسمی	200
انوار اسماء النبی ﷺ	قیصر حیات	500
نجومیوں کی کارستانیاں	حافظ محمد یحییٰ	150
اسمائے حسنیٰ و اسمائے نبی ﷺ (بڑی)	فور کلر آرٹ پیپر	250
سورۃ الفتح سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	مسعود مفتی	100
سورۃ ق سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	علامہ محمد جاوید	100
سورہ حم السجدہ سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	//	100
سورہ فاتحہ سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	//	100
درود لا محدود	خواجہ انیس اقبال	300
درود لا محدود (دوم)	//	150
اللہ اللہ کرتے رہیے	خواجہ انیس اقبال	100
روحانی تعویذات کی ڈائری	صوفی محمد ندیم	250
جواہرات ستارے اور طبی علاج	علیم اقبال	120
علم الاعداد کا مکمل انسائیکلوپیڈیا	منصور احمد بھٹی	300
دست شناسی کا انسائیکلوپیڈیا	//	300
دست شناسی کا انسائیکلوپیڈیا	محمد زاہد کوکی	350
اسرار النجوم (اول)	ملک زاہد محمود اعوان	300
اسرار النجوم (دوم)	//	300
اسرار دست شناسی	ایم اے ملک	700
لطف اللطیف	حضرت مولانا محمد مسعود از ہر	220
دس خزانے	//	170
تحفہ سعادت (اردو)	//	160
معمولات یومیہ (عام)	//	100
معمولات یومیہ (مجلد) سٹ	//	100
مناجات صابری		
انبیائے کرام کے عملیات	سعید اے شیخ	50
حاجات اور عملیات	صغیرہ بانو شیریں	40
حل المشکلات	مولانا منیر احمد زبیری	40
حسد سے کیسے بچیں	الشیخ علی بن احمد الراوقی	236
قرآن سے شفاء مگر کیسے	امام جلال الدین	50
صبح و شام کے مسنون اعمال	الشیخ عبدالرحمن عطاء اللہ	153
شمع شبستان قادری	صوفی ندیم محمدی	1200
جن ہمزاد اور اسلام	سید اقتدار احمد سہوانی	160
عملیات مخاصمت و عداوت	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
عملیات جسمانی امراض	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
عملیات محبت	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
عملیات روحانی امراض	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
عملیات شادی	ڈاکٹر حشمت جاہ	75

تسخیر مؤکلات سورۂ مزمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ

یہ عمل مکمل تنہائی میں، کامل یقین کے ساتھ کرنا چاہئے۔ عمل کی جگہ پاک صاف ہو۔ اس جگہ میں دورانِ عمل کسی اور کی آمدورفت نہ ہو۔ دورانِ عمل اگر بتی روشن کریں یا پھر عود یا عنبر کا بخور جلائیں۔ پرہیز جلالی اور ترکِ حیوانات کے ساتھ اس عمل کو 50 دن تک جاری رکھیں۔ پہلے دن غسل کریں۔ اس کے بعد روزانہ باوضو عمل کریں اور ہر تیسرے دن غسل ضرور کریں۔ اگر روزانہ غسل کر کے عمل کے لئے بیٹھیں تو افضل ہے۔ حصار قطبی کے ذریعہ اپنا حصار کریں اور اس عمل کو روزانہ نصف شب کے بعد کریں۔

روزانہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور چالیس مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کریں۔ دورانِ تلاوت مؤکل کا تصور رکھیں۔ سورۂ مزمل ہر بار مکمل بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ پچاس راتوں کے اندر اندر کسی بھی رات چار (۴) مئوکل حاضر ہوں گے۔ یہ مؤکل عمل کے وقت بھی حاضر ہو سکتے ہیں اور عامل کو کسی اور جگہ بھی اچانک مل سکتے ہیں۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ یہ چاروں ایک ساتھ آتے ہیں۔ عامل کو ہوش وحواس کے ساتھ دن رات گزارنے چاہئیں اور انسانی روپ میں جب چار انسان ایک ساتھ اس سے ملاقات کریں تو اس کو یقین کرنا چاہئے کہ یہ سورۂ مزمل کے مؤکل ہیں۔ ان کے چہرے نورانی ہوتے ہیں۔ اکثر وبیشتر یہ کالے یا سفید لباس میں ہوتے ہیں۔ ملاقات کے دوران عامل کو علیک سلیک کے بعد سب سے پہلے یہ پوچھنا چاہئے کہ وہ حاضر کس طرح ہوں گے۔ مؤکل دوبارہ حاضری کا آسان عمل بتاتے ہیں۔ عامل کو چاہئے کہ اس عمل کو اپنے ذہن میں محفوظ رکھے۔ اگر عامل کی روحانی طاقت بڑھی ہوئی ہوتی ہے تو وہ عامل کے روبرو آکر ملاقات کرتے ہیں ورنہ خواب میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور عامل کے تمام سوالوں کے جواب دیتے ہیں۔ سورۂ مزمل کے مؤکلین کے ذریعہ دفینوں کی کھوج بھی کی جاسکتی ہے۔ اور گم شدہ لوگوں کا سراغ بھی نکالا جاسکتا ہے۔

دورانِ چلہ، عامل کو مختلف نوعیت کی بشارتیں خوابوں میں ہوتی ہیں۔ عامل کو چاہئے کہ ان بشارتوں کو اپنے پاس نوٹ رکھے اور کسی تجربہ کار سے ان کا ذکر کر کے ان کا مطلب معلوم کرے۔

یہ بات واضح رہے کہ اگر کوئی عامل سورۂ مزمل کے مؤکل تابع کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو وہ روحانیت کی دنیا کا بے تاج بادشاہ بن جاتا ہے۔ **نوٹ** عمل بغیر اجازت ہرگز نہ کریں۔

سات دن میں دعوۃ السلطنۃ صغریٰ کی غیبی قوتوں کو تصرف میں لائیں

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ دعوت ''دعوۃ السلطنۃ صغریٰ'' ہے۔ اس کی ریاضت کے لئے سات دن روزے رکھنے ہیں۔ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ اس دعا کی تلاوت کرنی ہے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھنا ہے۔ تلاوت آہستہ آواز میں کرنی ہے۔ پڑھتے وقت کسی قسم کے بخور کی ضرورت نہیں۔ نہ ہی کوئی خاص پابندیاں ہیں۔ بخور جلایا جائے تو بہت اچھا ہے۔ یہ عمل مسجد میں بھی کیا جا سکتا ہے۔ فرض ادا کر کے کسی کونے میں جا کر اس دعوۃ کو پڑھیں۔ پھر باقی نماز پوری کر لیں۔ کپڑے پاک صاف ہوں اور بہت عمدہ عطر لگایا ہو۔ اس پورے عمل کے دوران ترک حیوانات لازمی کیا جائے۔ اور اس عمل کو مکمل راز داری میں کیا جائے۔ یعنی کسی کو نہ پتہ ہو کہ آپ کیا پڑھ رہے ہیں، ورنہ رجعت کا خطرہ ہے۔

اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا اور آپ کو ایک عظیم طاقت عطاء کرنے کا فیصلہ کیا تو آپ سات یوم میں کامیاب ہو جائیں گے۔ سات یوم میں اس دعا کے پیچھے جو غیبی طاقتیں ہیں، وہ آپ کے تصرف میں آ جائیں گی۔ اور آپ ہر حاجت کے لئے ان سے کام لے سکیں گے۔

عمل کی کامیابی کے بعد معمول کیا رکھا جائے گا اور استعمال کیسے کرنا ہے؟ وہ صرف اہل افراد کو ہی بتایا جائے گا۔

دعوۃ السلطنۃ صغریٰ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ وباللہ ومن اللہ وإلی اللہ ولا غالب یغلب اللہ ولا حول ولا قوۃ إلا باللہ العلی العظیم أقسمت علیکم أیتھا الأرواح الروحانیة والملوك العلویة الطاھرۃ الزکیة بحق حق اللہ و بقدرۃ قدرۃ اللہ وبعظیم عظمة اللہ وبسلطان سلطان اللہ وبعز عز اللہ وبنور وجہ اللہ وبما جری بہ القلم من عند اللہ إلی خیر خلق اللہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبد اللہ تبارك اسم اللہ وجل ثناء اللہ ولا إلہ غیر اللہ حی قیوم بدیع السموات والأرض ذی الجلال والإکرام عزیز جبار متکبر قھار قادر مقتدر قوی شدید البطش شدید العقاب لا یغلبہ غالب ولا یفوتہ ھارب وبحولہ وقوتہ وبعظمة أسمائہ وآیاتہ أقسمت علیکم یاملائکة رب العالمین بحق أسماء اللہ الذی تکلم بھا علی السموات فرفعت وعلی الأرض فسطحت وعلی العیون فتفجرت وعلی النجوم فازدھرت وعلی الأنھار فجرت وعلی الریاح فنشرت وعلی الشمس فأضاءت وعلی اللیل فأظلم وبحق الأسماء التی یحیی بھا الموتی ویمیت بھا الأحیاء وبحق الآیات المکتوبات علی سرادقات العرش وبحق مافی اللوح من الأسماء والنقش وبحق من رفع السموات بلا عمد وبسط الأراضین علی ماء جمد بقدرۃ الواحد الأحد الفرد الصمد الذی اتخذ ابراھیم خلیلاً وکلم موسی تکلیماً وخلق عیسی من روح القدس وبعث محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبیاً ورسولاً بقدرۃ الواحد الأحد الذی أضائت بہ السموات والأراضین وأنارت بہ الشمس والقمر وخضع لہ کل شیٔ لقدرتہ ویسبح الرعد بحمدہ والملائکة من خیفتہ إلا ما حضرتم فی حضرتی وقضیتم حاجتی

أقسمت عليكم بحق التوراة والإنجيل والزبور والفرقان العظيم وهُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ وهو العلي العظيم

أقبلوا بخيلكم ورجالكم ونسائكم وصغيركم وكبيركم لا يتخلف منكم أحد إن كنتم لله طائعين ولأسمائه خاضعين وبحق من شق سمعكم وأبصاركم وخلقكم من نار السموم

أجب يا أبا طارش ويا أبا ديباج ويا أبا طريف ويا أبا عفيف ويا أبا محمد الغواص ويا أم الزمازم بحق ما تلوته عليكم وبحق أهيا شراهيا أدوناي أصباؤت آل شداى

اسمعوا وأطيعوا من قبل أن يسلط عليكم الملك شرنطائيل وسراهيل الذى خلقه الله تعالى وجعل كلامه كالرعد القاصف وعيناه كالبرق الخاطف وصرخته كالريح العاصف البعيد شأنه القوى في جيوشه الروحانيون الهائل المنظر صاحب البحر الأخضر الذى تتنزل من هيبته الجبال والأشجار الذى خلقه الله وخلق له ألف راس في كل راس ألف فم في كل فم ألف لسان وكل لسان منهم يسبح الله تعالى بألف لغة لا تشبه بعضها بعضاً بين يديه عامود من النور إذا هزه لقضاء ربه قطر منه ألف شرارة كل شرارة أكبر من جبل أحد تحرق من عصى الله وعصى أسمائه ينادي بين الكواكب والأبراج سبحانك لا إله إلا أنت

عجبت لمن أيقن بالموت كيف يفرح أسألك اللهم أن تسلطنى على ملوك الجن والشياطين وعلى من عصى قسمي أجيبوا طائعين بحقه عليكم فإنى زجرتكم بعزة جبريل وبقوة ميكائيل وبنفخة إسرافيل وبقبضة عزرائيل وبلفظة شراهبيل وزفرة جهنم وبقوة النار أسمعوا وأطيعوا من قبل أن تنزل عليكم الملائكة بالمحاريق يهتكون أستاركم ويقطعون أوصالكم ويحرقون أولادكم بالنار الحامية ناراً أحاط بهم سرادقها وهم ملائكة الغضب والسخط إن أنتم عصيتم أسماء ربي وربكم ولم تقضوا حاجتي

زجرتكم وقهرتكم بكلماته العظام وأسمائه الكرام أجيبوا وافعلوا (كذا و كذا) الوحا العجل الساعة بارك الله فيكم وعليكم وصل الله على سيدنا ومولانا خاتم النبيين والمرسلين ابي القاسم محمد وعلى اله الطيبين الطاهرين وصحبه المنتجبين وسلم تسليما كثيرا

ضروری گذارش 8 یہ عمل اور اس جیسے تمام اعمال صرف اور صرف علمائے کرام اور عاملین کے لئے ہیں۔ عوام کے لئے ہرگز نہیں۔ نہ ہی بغیر اجازت ایسے عمل کئے جاسکتے ہیں۔ ورنہ بڑے نقصان کا خطرہ ہوتا ہے۔

جو بھی اس دعوت کا عمل کرنا چاہے، وہ پہلے استخارہ کرے۔ پھر ہم سے رابطہ کرے۔ ہماری تسلی ہوگی تو مزید رہنمائی کی جائے گی، ورنہ معذرت کر لی جائے گی۔

اس دعا پر اسی لئے اعراب بھی نہیں لگائے گئے تاکہ نا اہل افراد نہ کر سکیں۔ جن کو اجازت دی جائے گی، ان کو مکمل طریقہ، ھدایات اور احتیاطیں اور اعراب لگی "دعوة السلطنة صغریٰ" دی جائے گی۔

اس دعوة کی مکمل تفصیل ہمارے ادارے کی آنے والی کتاب "خزینۂ دعوات" میں ملاحظہ فرمائیں۔

اس دعا کی دعوة دینے کے لئے مولانا محمد عرفان صاحب (ناظم روحانی درسگاہ) سے بعد ظہر تا مغرب (علاوہ جمعہ و اتوار) موبائل نمبر 0321-4661681 پر خواہش مند حضرات رابطہ کرسکتے ہیں۔

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل "پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ" سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادو ٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مار جائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ (فون دفتر) 042-35033371 (موبائل دفتر) 0343-7772772 مولانا محمد عرفان 0321-4661681

بزرگانِ دین و عاملین کے استخارے کے مجرب طریقے

محمد عارف

طریقہ 1: بعد نمازِ عشاء، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار کے ساتھ باوضو تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ کلمات پڑھے:

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ بِجَمَالِہٖ یَا خَبِیْرُ

اس کے بعد اپنی مراد کو خدا تعالیٰ سے مانگے اور سو جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب خواب میں مل جائے گا۔ **(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ)**

طریقہ 2: بعد نمازِ عشاء، دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ (۱۱) مرتبہ "یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا بَشِیْرُ بَشِّرْنِیْ یَا خَبِیْرُ خَبِّرْنِیْ" پڑھیں۔ پھر تینتیس (۳۳) مرتبہ درود شریف پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے سو جائیں۔ جب تک جواب نہ ملے پڑھتے رہیں۔

طریقہ 3: استخارہ کے لئے "یَا بَاطِنُ" کا ورد مفید ہے۔ باوضو بستر پر لیٹ کر مقصد کا تصور کر کے نیند نہ آنے تک ورد کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائے گا۔

طریقہ 4: کسی بھی امر کا معلوم کرنا ہو تو نماز عشاء کے بعد تازہ وضو کریں۔ پھر ایک سو (100) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ اکیس (21) مرتبہ سورۂ اخلاص، دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ بیس (20) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر منہ شمال مغرب کی طرف کر کے گیارہ (11) قدم اٹھائیں۔ ہر قدم پر اپنا مطلب سیدنا غوث پاک رحمہ اللہ کے وسیلے سے اللہ سے طلب کریں۔ پھر قبلہ رخ ہو کر آیت "اھدنا الصراط المستقیم" پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں۔ مطلب بالضرور دل میں ہو۔

پھر آپ کا سر دائیں یا بائیں طرف کوئی غیبی شخص گھما دے گا۔ چاہے سر کو زنجیروں سے کیوں نہ باندھ دیا جائے۔ دائیں طرف مقصد پورا ہوگا۔ بائیں طرف نہیں۔ پس سر نے ہر حال میں گھومنا ہے۔

طریقہ 5: سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ: ۳۲﴾

اگر کسی کارِ خیر میں استخارہ منظور ہو تو بعد نمازِ عشاء خیالات فاسدہ کو دل سے یکسو کر کے، ایک سو ایک (۱۰۱) بار اس آیت شریف کو پڑھیں اور مطلب کا خیال کر کے سو رہیں۔ جو بہتر ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

طریقہ 6: بعد نمازِ عشاء، سوتے وقت دائیں پہلو لیٹ کر سورۂ واللیل (پ ۳۰) والضحیٰ (پ ۳۰) الم نشرح (پ ۳۰)...... ہر ایک سات سات بار پڑھیں۔ پھر یہ دعا بھی سات بار پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (حضرت امام یافعی رحمہ اللہ)

ترجمہ: "یا اللہ میرے لئے میرے امر میں کشائش و دستگاری کر"

طریقہ 7: سوتے وقت باوضو تین بار درود شریف، دس بار سورۃ الفاتحہ اور گیارہ بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر سینے پر دم کر کے کام کا تصور کرتے ہوئے قبلہ رخ ہو کر سو جائیں۔

طریقہ 8: بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد، سب کاموں سے فارغ ہو کر، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر سورۃ الم نشرح معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ:

"اے اللہ! فلاں کام میں جو ہونے والا ہے وہ مجھے خواب میں یا غنودگی میں، کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے"۔

اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

ان شاء اللہ، تین رات کے اندر مقصد حاصل ہو جائے گا۔

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کی اپنی اور اپنے اہل و عیال کے دفاع سے غفلت

خالد مقبول حفظہ اللہ

جادو کے وار سے بچاؤ نہیں ہو رہا

سوال: میں خود عامل ہوں اور علاج معالجہ بھی کرتا ہوں۔ایک عامل جادوگر سے میری لڑائی ہو گئی تھی۔وہ ہر منگل کو مجھ پر عمل کر دیتا ہے۔میں تو کسی طرح بچ جاتا ہوں لیکن میری بیوی پر ضرور اثر ہوتا ہے۔پھر میں علاج بھی کر لیتا ہوں لیکن اس کے وار کو روک نہیں پا رہا ہوں۔مجھے پھر کچھ عرصہ بیوی کا علاج کرنا پڑتا ہے۔میرے اوپر بھی تھوڑا بہت اثر آ جاتا ہے۔اس وجہ سے بیوی کافی بیمار رہنے لگی ہے۔اس میں میری رہنمائی فرمائیں۔

(پوشیدہ، مانسہرہ)

جواب: جادو اور جنات کے علاج کرنے والے تمام عاملین میں جو سب سے بڑی کمی میں نے اپنی عملیاتی زندگی میں دیکھی، وہ ہے "اپنا اور اپنے اہل وعیال کے دفاع میں غفلت برتنا"۔اور یہی معاملہ آپ کے کیس میں بھی سامنے آ رہا ہے۔

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کرنے والے عامل کی مثال ایک پولیس والے کی سی ہے۔جس کی مستقل جنگ بد معاشوں اور غنڈے قسم کے جنات اور شیاطین سے رہتی ہے۔جس طرح انسانوں میں بد معاش اور غنڈے اپنے خلاف کام کرنے والوں پر حملے کرتے ہیں، ان کے اہل وعیال پر بھی حملے کرتے ہیں، اسی طرح جنات و شیاطین بھی اپنے خلاف کام کرنے والے عاملین اور ان کے اہل وعیال پر حملے کرتے ہیں۔

چونکہ جنات و شیاطین نظر نہیں آتے، اس لئے اس طرف سے غفلت برتی جاتی ہے۔یاد رکھیں! عملیات میں صرف دو قسم کے علاج ایسے ہیں، جن میں سخت نقصان ہونے کا امکان ہوتا ہے۔نقصان جانی بھی ہوتا ہے اور مالی بھی۔اور وہ دو ہیں "جنات اور جادو کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرنا"۔اس کے علاوہ جتنے بھی آپ علاج کر لیں، بیماریوں کے دم کر لیں، محبت کے اعمال کریں، رزق کے اعمال، شادی و نکاح کے اعمال وغیرہ وغیرہ، ان میں سامنے سے ری ایکشن یا حملہ نہیں ہوتا۔جب کہ جنات اور جادو کے متاثرہ مریضوں کا علاج شروع کرتے ہی مخالف طرف سے عامل اور اس کے اہل و عیال اور مال و اسباب پر حملے شروع ہو جاتے ہیں۔کبھی صاف محسوس ہوتا ہے، کبھی خفیہ طریقے سے مخالفین حملہ کرتے ہیں۔کبھی بیماری بن کر، کبھی آپس کے تعلقات کی خرابی بن کر، کبھی مریضوں کی بندش کی صورت میں، کبھی اعمال کی بندش کی صورت میں، کبھی عامل کے باہر کے کاموں کی رکاوٹ کی صورت میں اور کبھی عامل کے پاس آنے والے مریضوں کا نہ ٹھیک ہونے کی صورت میں۔اور بھی کئی صورتیں ہیں مگر جو اکثر ہوتی ہیں، وہ یہی ہیں۔

مضبوط عاملین، جن کے گھر جنات کا سخت پہرہ رہتا ہے۔ان کے اپنے گرد اور اپنے اہل وعیال کے گرد، جنات کا پہرہ رہتا ہے، ان کے گھر اور عامل پر اور اہل وعیال پر آسانی سے مخالفین کی طرف سے حملہ نہیں ہوتا۔میں نے ایسے عامل بہت ہی کم دیکھے ہیں۔البتہ ایسے عاملین کی تعداد بہت زیادہ ہے، جن کا دفاع معمولی نوعیت کا ہوتا ہے۔بے شک ان کے علاج سے مریضوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہوتا ہو، مگر ان کی اپنی صحت، اپنے معاملات خراب ہی رہتے ہیں۔ان کے گھر میں جادو اور جنات کے اثرات ختم نہیں ہوتے۔گھر میں کسی نہ کسی کو بیماری رہتی ہے۔جسم میں دردیں رہتی ہیں۔آپس میں پیار و محبت نہیں ہوتا۔عامل کی اپنی زوجہ سے معاملہ خراب رہتا ہے۔اور اس طرح کی بے شمار علامات ہیں، جو بنیادی دفاع سے غفلت برتنے والے عاملین کے گھروں میں پائی جاتی ہیں۔

جہاں تک یہ بات ہے کہ عامل کے گھر مخالف جنات کیسے گھس آتے

ہیں؟ تو اس سلسلے میں جو بھی عامل ہو، وہ اپنے استاد سے رجوع کرے۔ آپ کے گھر میں صرف اس جادوگر کے بھیجے ہوئے شیاطین ہی نہیں آتے، آپ جن مریضوں کا علاج کرتے ہیں، ان پر مسلط شیاطین و جنات بھی آتے ہیں۔ چونکہ آپ کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ سامنے سے حملہ آور کون ہے اور کس وجہ سے حملہ کر رہا ہے، اس لئے آپ اپنے دفاع کی طرف توجہ نہیں کرتے۔

میرا مشورہ تو یہی ہے کہ مریضوں کا علاج چھوڑیں۔ اپنا علاج اور اپنی اہلیہ کا علاج کریں۔ اور ٹھیک ہوتے ہی مضبوط دفاعی اعمال کی طرف توجہ دیں۔ دفاعی اعمال میں احادیث میں جو حفاظت کی دعائیں آئیں ہیں، وہ بہت اہم ہیں۔ ہماری روحانی درسگاہ میں باقاعدہ "علم الدفاع" کا کورس کروایا جاتا ہے تاکہ عامل کے پاس کئی طرح کی ڈھالیں ہوں۔ جب وہ لڑائی لڑے، تو اگر ایک ڈھال ٹوٹ بھی جائے، تو دوسری سامنے آ جائے۔ دوسری ٹوٹ جائے تو تیسری۔ اس طرح عامل کی جیت نہ بھی ہو، وہ نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔

آپ اپنے چلوں کی تفصیل لکھ کر بھیجیں۔ پھر دیکھا جائے گا کہ آپ کو کس طرح، آپ ہی کے اعمال کے ذریعے دفاع میں مضبوط کیا جائے۔ دوسری اور صحیح صورت یہ ہے کہ روحانی درسگاہ سے دفاعی اعمال سیکھیں۔

اہم بات! خود اور خصوصاً اپنی اہلیہ پر رحم کریں۔ اس بے چاری کا کیا قصور جو آپ کی لڑائی میں مخالفین کا مسلسل نشانہ بن رہی ہے۔ ہماری درسگاہ میں عامل کی زوجہ کو چند اعمال کروائے جاتے ہیں، تاکہ وہ خود اور اس کی اولاد محفوظ رہے۔ اگر یہ نہ کیا جائے تو عامل کا انتقال ہوتے ہی، اس کی زوجہ اور اولاد بری طرح جکڑے جاتے ہیں اور پھر در بدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ ایسے بے شمار عاملین کی مثالیں ہمارے آس پاس ہی ملتی رہتی ہیں۔

امید کرتا ہوں کہ میری باتوں کا برا نہ منائیں گے اور سنجیدگی سے اس پر غور کریں گے کہ آپ کا دفاع کمزور ہے، اس کو مضبوط کرنا ہے۔ اگر کمزور نہ ہوتا تو دوسرے عامل کا عمل بار بار آپ پر اور آپ کی زوجہ پر اثر نہ کرتا۔ اور آپ خود اور آپ کی زوجہ بار بار متاثر نہ ہوتے، جس کو آپ نے خط میں تحریر کیا ہے۔

مریض پر مسلط شدہ مخلوق کو دفع کرنے کے اعمال

ملازم حسین صاحب

بعض مریض ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی بیماری کی تشخیص تو فوری ہو جاتی ہے کہ ان پر کوئی ذی روح مسلط ہے یا اثرات ہیں لیکن ان کا علاج مشکل ہو جاتا ہے۔ مسلط شدہ چیزیں جانے کا نام ہی نہیں لیتیں۔ جو بھی عمل مریض پر کیا جائے وہ کارگر نہیں ہوتا۔ بعض مریضوں پر جنات کا سایہ ہوتا ہے اور سائے کی حاضری بہت مشکل ہوتی ہے۔ ایسے حالات میں درج ذیل مجرب اور تجربہ شدہ اعمال سے کام لیا جائے۔

عمل نمبر 1:

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء، سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک تسبیح آیت کریمہ کی پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ "یَا قَوِیُّ" پڑھیں۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔

پہلی جمعرات کو پانی پر دم کرنا ہے جو کہ بوتل میں رکھ لیں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ اس پانی کو سوتے وقت سینے اور دماغ پر مل لیا کرے۔ اس طرح اس عمل کو لگاتار تین جمعرات تک کریں اور آخری جمعرات کو پانی کے ساتھ چینی بھی رکھ لیں اور چینی پر دم کر کے مریض کو دے دیں۔ پانی اسی طرح سینے اور دماغ پر ملنا ہے اور چینی مریض کو کھانے کے لئے دیں۔ یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی رحمۃ اللہ سے منسوب ہے اور نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ اس اہم عمل کو کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ ان شاء اللہ ناکامی نہ ہوگی۔ تجربہ کے طور پر ایسے مریضوں پر اس عمل کو آزمائیں جو زندگی سے تنگ آ چکے ہوں اور کسی طرح بھی ٹھیک نہ ہوتے ہوں۔ دعا گو ہوں کہ اللہ ﷻ اس عمل کی بدولت ان لوگوں کو شفائے کامل عطاء کرے جو کسی بھی روحانی مرض کا شکار ہیں۔

مریض کو تاکید کریں کہ وہ علاج کے دوران کسی قسم کا گوشت نہ کھائے۔ نہ ہی کسی مرنے والے کے گھر چالیس روز تک جائے۔ ورنہ یہ (بقیہ ص 45)

تعویزِ خیر و برکت

جگہ پر لگانے کا بڑے سائز (A4) کا تعویذ۔ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔ جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں، شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی، ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے، مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی، ہر وقت کسی نہ کسی کے بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

جس جگہ پر یہ تعویذ لگایا جائے، وہاں کوئی بت، جاندار کی تصویر، گانا بجانا اور شیطانی کام نہ ہوں، ورنہ تاثیر میں واضح فرق پڑے گا۔

اگر کسی جگہ پر سخت جادو یا جنات کا اثر ہو تو صرف اسی تعویذ پر اکتفا کرنا اور باقاعدہ علاج نہ کرنا ایک بڑی غلطی ہوگی۔

اس تعویذ کا ہدیہ ۵۰۷ روپے ہے۔ جس جگہ لگانا ہو، اس کے سربراہ کا نام معہ والدہ و والدہ اور جگہ کا مکمل پتہ ادارے کو ارسال فرمائیں۔ دم کر کے تعویذ ارسال کر دیا جائے گا۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار۔

مزید تفصیلات کے لئے رابطہ فرمائیں: 042-35033371, 0332-4487877, 03437772772

تعویز کا نمونہ یہ ہے

روحانیت کی ترقی کا کورس

ادارہ

تعارف

اس کورس کا بنیادی مقصد عامل کے اندر اُن صلاحیتوں کو ابھارنا ہے، جن صلاحیتوں کی بنا پر عامل روحانی پرواز کر سکتا ہے۔ یعنی روحانیت کے شعبہ میں تیزی سے آگے بڑھ سکتا ہے۔ نورانی عملیات میں سارا دارو مدار ہی روحانی ترقی پر ہے۔ یہ ترقی سفلی طریقے سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے لیکن وہ راستہ اللہ تعالیٰ سے دوری اور شیطان سے دوستی کا راستہ ہے۔ اور بحیثیت مسلمان ہم کو یہ کام ہرگز نہیں کرنا چاہئے۔ مزید یہ کہ سفلی علوم میں شیاطین اور خبیث جنات ہوتے ہیں۔ جب کہ روحانی علوم میں ملائکہ، مؤکلین اور نیک جنات ہوتے ہیں۔ اور شیاطین اور خبیث جنات پر ملائکہ اور نورانی مؤکلین ہمیشہ سے بھاری رہے ہیں اور رہیں گے۔

اس کورس میں کل چھ (۶) چلّے کروائے جاتے ہیں۔ کورس کی تکمیل کے بعد انسان کا باطن بیدار ہو جاتا ہے۔ اس کا غیب کی دنیا سے رابطہ قائم ہو جاتا ہے۔ اب یہ ہر انسان کی قسمت اور اللہ کی مہربانی ہے کہ وہ کتنا آگے بڑھتا ہے۔ کچھ لوگوں کی سماعت کھل جاتی ہے اور وہ غیبی آوازیں سننا شروع کر دیتے ہیں۔ کچھ کی بصارت کھل جاتی ہے اور وہ غیب کی دنیا کو دیکھ سکتے ہیں۔ سب سے کم درجہ یہ ہے کہ انسان کا باطنی طور پر مؤکلین سے رابطہ ہو جاتا ہے اور مؤکلین عامل کی بھرپور رہنمائی کرتے ہیں۔ عامل باطنی طور پر مؤکلین سے بات چیت بھی کر سکتا ہے۔ عموماً جن لوگوں نے پہلے چلّے کئے ہوتے ہیں، ان کو دو سے تین چلّوں میں ہی کافی ترقی مل جاتی ہے۔

ضروری ہدایات

۱.. ہر چلہ چالیس (۴۰) یوم کا ہے۔ روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھنا ہوتا ہے۔

۲... جگہ اور وقت ایک رکھیں۔

۳... کمرے میں خوشبو جلائیں۔ بہتر ہے کہ پہلے سے کمرے کو مہکا لیں۔ اور کپڑوں پر بھی عمدہ قسم کی خوشبو لگائیں۔

۴... عمل کے کپڑے علیحدہ رکھیں اور صرف عمل پڑھتے وقت پہنیں۔ حسب ضرورت کپڑے تبدیل کر سکتے ہیں۔ بہتر ہے کہ احرام باندھ کر عمل پڑھیں۔

۵... کمرے میں اندھیرا ہو۔ اگر ڈر لگے یا کوئی اور وجہ ہو تو زیرو کا بلب جلائیں اور وہ بھی اپنے پیچھے کی طرف جلائیں۔ بہتر ہے کہ چراغ اپنے پیچھے رکھ کر جلائیں کیونکہ چراغ جلانے سے ایک خاص قسم کا اثر ہوتا ہے، جو کسی بھی قسم کی روشنی سے نہیں ہوتا۔

۶... کچا پیاز و لہسن، بڑا گوشت، مچھلی اور انڈا نہیں کھانا۔ بیوی سے صحبت بھی نہیں کرنی۔ بہتر ہے کہ ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کریں۔

۷... جس جگہ عمل کریں، وہاں عمل کے وقت کوئی دوسرا موجود نہ ہو۔

۸... عمل کے بعد بات کئے بغیر سو جائیں۔ اگر اشد ضرورت ہو تو بات کر کے جلد از جلد سونے کی کریں۔ اگر ممکن ہو تو وہیں سو جائیں جہاں عمل پڑھا ہے کیونکہ کئی دفعہ مؤکلین اور جنات عمل پڑھنے کے بعد بھی عمل پڑھنے کی جگہ آتے ہیں اور اگر عامل سو رہا ہو تو اسے اٹھا کر ملاقات کرتے ہیں یا بذریعہ خواب ملاقات کرتے ہیں۔ اور کئی قسم کے علوم اور خبریں بھی دیتے ہیں۔

جو لوگ یہ کورس کرنا چاہیں، وہ روحانی درسگاہ سے رابطہ کریں۔ مزید تفصیلات ان کو دے دی جائیں گی۔

خواب میں اپنے سوال کا جواب دیکھنا

سونے سے قبل دو رکعت نماز پڑھیں۔ پھر سونے کے لئے باوضو لیٹ جائیں اور اللہ ﷻ کے یہ دس نام مسلسل پڑھتے رہیں": المحیط العالم الرب الشھید الحسیب الفعّال الخلاق الخالق البارئ المصور "۔ یہ عمل تین سے سات رات تک کیا جائے۔

جادو کے اثرات کو زائل کرنے کا دم

محمد نوراللحام

مریض پر سے جادو کا اثر ختم کرنے کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ وضو کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ پھر اللہ سے ہدایت کی امید رکھتے ہوئے دعا کرے۔ جادو کو ختم کرنے والا دم پانی پر کیا جائے۔ پھر اس پانی میں سے کچھ مریض پی لے اور باقی پانی سے نہالے۔ اس دم کا طریقہ کار یہ ہے کہ عامل ابتداء میں درود ابراہیمی پڑھے جو کہ درج ذیل ہے:

اللّٰھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم و بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم فی العالمین انک حمید مجید۔

پھر کہے بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

اس کے بعد پڑھیں

❶..... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧ (الفاتحہ:١-٧)

❷..... اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝٢٥٥ (البقرۃ:٢٥٥)

❸..... قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٣ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٥ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦

(الکافرون:١-٦)

❹..... قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤ (الاخلاص:١-٤)

❺..... قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝٣ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝٤ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥ (الفلق:١-٥)

❻..... قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ اِلٰهِ النَّاسِ ۝٣ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۝٤ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝٦ (الناس:١-٦)

❼..... فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٨١ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨٢ (یونس:٨١-٨٢)

❽..... وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝١١٧ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١١٨ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝١١٩ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝١٢٠ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢١ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝١٢٢

(الاعراف:١١٧-١٢٢)

❾..... وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝٦٩ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝٧٠ (طٰہٰ:٦٩-٧٠)

❿..... وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَاۗءً مَّنْثُوْرًا ۝٢٣ (الفرقان:٢٣) (٢١ مرتبہ پڑھیں)

۱۱...... قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ (الکہف:۹۸)

۱۲...... وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ (الاسراء:۸۱)

۱۳...... بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ (الانبیاء:۱۸)

[۲۱ مرتبہ پڑھیں]

عامل مذکورہ آیات کو مخصوص تعداد میں پڑھے جو کہ آیات کے ساتھ ذکر کی گئی ہے۔ پھر آخر میں دوبارہ درود ابراہیمی پڑھے اور اس کے بعد درج ذیل دعا کرے:

اعصمت برب الملکوت و توکلت علی الحی الذی لا یموت رب اصرف سحر الساحرین و کید الکائدین و بلاء و أذی شیاطین الانس و الجن عن (فلان) انک علی کل شیء قدیر و بالاجابۃ جدیر

عامل یہ مکمل عمل پانی پر اس طریقے سے دم کرے کہ اس کی سانس پانی میں جا رہی ہو۔ پھر مریض اس پانی میں سے کچھ پی لے اور بقیہ پانی کے ساتھ اس طرح نہائے کہ پانی کا کوئی قطرہ زمین پر نہ گرے یعنی کھلے برتن میں نہائے تاکہ پانی برتن کے اندر ہی رہے۔ پھر کپڑے بدلنے کے بعد اس پانی کو کسی چھوٹے برتن میں ڈال کر کسی کھیت یا پاک جگہ پر انڈیل دے۔ غسل کے پانی میں بیر کے پتے ملانا مستحب ہے۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ایجنسیز کی تفصیل

۱. اختر بک سٹال: چیمہ کلینک نزد والہ چوک فیصل آباد۔ 0313-7091558
۲. الفتح نیوز ایجنسی: دکان نمبر 106، مہران مرکز سکھر۔ 0300-9313528
۳. اطلس نیوز ایجنسی: پشاور۔ 0314-9007293, 091-2573666
۴. کمبائنڈ نیوز ایجنسی: راولپنڈی۔ 051-5505194
۵. عامر تونسوی بک ڈپو: میزان چوک، کوئٹہ۔ 0345-8312362
۶. اقبال نعمانی بک سنٹر: صدر، کراچی۔ 0332-2177934
۷. سلطان نیوز ایجنسی: اخبار مارکیٹ لاہور۔ 0423-7249813
۸. طیبہ بک ڈپو: سپلائی بازار، ایبٹ آباد۔ 0331-9381998
۹. مکتبہ ظفر، اٹک۔ 0321-5247893
۱۰. رہبر نیوز ایجنسی، صدر کراچی۔ 0333-2168390
۱۱. مہران نیوز ایجنسی، حیدرآباد۔ 0321-3060477
۱۲. محمدی نیوز ایجنسی، لاری اڈہ، میانوالی۔ 0321-6077778
۱۳. اقبال بک کارنر، وحدت روڈ، لاہور۔ 0333-4714660
۱۴. زمیندار نیوز ایجنسی: جناح روڈ ساہیوال۔ 0344-6804050
۱۵. حبیب لائبریری، میلاد چوک، واہ کینٹ۔ 0301-5497007
۱۶. اشفاق نیوز ایجنسی، ملتان۔ 0300-6301461
۱۷. چوہدری امانت علی اینڈ سنز، رحیم یار خان۔ 0300-9672343
۱۸. وقاص نیوز ایجنٹ، حاصل پور۔ 0306-5507693
۱۹. اسلامی کتب خانہ، تونسہ شریف۔ 0331-6464456
۲۰. مقبول عام کتب خانہ: اردو بازار، اٹک۔ 057-2613289
۲۱. طاہر نیوز ایجنسی، دیپالپور۔ 0300-4059957
۲۲. عابد بک سنٹر، ریلوے چوک، کوٹ ادو۔ 0333-6002048
۲۳. باؤ جی نیوز ایجنسی، تحصیل ظفروال، ضلع نارووال۔ 033-8749464
۲۴. ہلال بک ڈپو، سیالکوٹ۔ 0321-7120318
۲۵. خالد بک سنٹر، مسلم بازار، گجرات۔ 0333-8421027
۲۶. طاہر نیوز ایجنسی، بورے والا۔ 0331-8857137
۲۷. شفاء خانہ طبی اسلامی اینڈ حجامہ سنٹر، ضلع غذر۔ 0344-5419941

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے سات خاص نمبرز، "جنات نمبر"، "جادو نمبر"، "درود شریف نمبر"، "کشائش رزق نمبر"، "شفائے جسمانی امراض نمبر"، "حب وتسخیر نمبر" اور "حل المشکلات نمبر" حاصل کریں

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

سٹاک محدود ہے

ڈاک خرچ بذمہ خریدار

جنات نمبر | جادوٹونہ نمبر | درود شریف نمبر (فوٹو سٹیٹ) | کشائش رزق نمبر (فوٹوسٹیٹ) | شفائے جسمانی امراض نمبر | حب وتسخیر نمبر | حل المشکلات نمبر

قیمت: 70 روپے

قیمت: 70 روپے

قیمت: 80 روپے

قیمت: 100 روپے

قیمت: 70 روپے

قیمت: 70 روپے

قیمت: 100 روپے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ
Ph # 042-35033371
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط وکتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

سود کا نقصان

سوال میرے اوپر بینکوں کا بہت قرضہ ہے اور کاروبار میں بہت رکاوٹیں ہیں۔ مجھے کوئی عمل یا وظیفہ بتائیں کہ میرے گھر پر اور کاروبار میں برکتیں و رحمتیں نازل ہوں۔ ساتھ ہی یہ بھی بتائیں کہ کیا کسی نے میرے اوپر کچھ کیا تو نہیں؟ (سلیم شیخ، کراچی)

جواب آپ نے لکھا ہے کہ آپ پر بینکوں کے قرضے ہیں اور کاروبار میں بہت رکاوٹیں ہیں۔ بھائی! میں نے اپنی مختصر سی زندگی میں کوئی بھی ایسا فرد نہیں دیکھا جو سودی قرضے میں مبتلا ہو اور پریشانیاں اس کے گھر ڈیرہ نہ ڈال کر بیٹھی ہوں۔ یہ ایسا گناہ ہے جس میں مبتلا شخص کے خلاف اللہ جل شانہ اور اس کے رسول ﷺ نے اعلانِ جنگ کیا ہے۔ آپ مجھے صرف اتنا بتادیں کہ اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کسی شخص کے خلاف اعلانِ جنگ کردیں تو کیا اس شخص کے گھر برکتیں اور رحمتیں نازل ہوسکتی ہیں؟ جس نے برکتیں اور رحمتیں بھیجنی ہیں، اس کو تو آپ نے سخت ناراض کیا ہوا ہے۔ اس وقت تو سب سے بہتر عمل یہ ہے کہ کثرت سے رو رو کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی جائے اور سودی معاملات سے ہمیشہ کے لئے توبہ کرلی جائے اور رو رو کر سود سے نجات کی دعا مانگی جائے۔ کوئی بھی وظیفہ ہو یا تعویذ یا عمل، اثر تو اللہ تعالیٰ ہی ڈالتے ہیں۔ روزانہ دو رکعت صلوٰۃ التوبہ پڑھیں اور دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر آپ کو خواب آئے گا۔ وہ مجھے آپ فون پر بتائیں۔ مگر یاد رکھیں کہ سچی توبہ اور رو رو کر، خوب گڑگڑا کر دعا مانگنی ہے اور توبہ کرنی ہے۔ اس خواب میں آپ کو نجات کے راستے کا پتہ چلے گا۔ دوسری بات کہ آپ کے اوپر کسی نے کچھ کیا ہے یا نہیں تو اس کے لئے آپ اپنی پاسپورٹ سائز تصویر اور پہنا ہوا کپڑا بھجوادیں۔ بھجوانے سے قبل فون پر بات کرکے اچھی طرح سمجھ لیں تو بہتر ہوگا۔ اگر تصویر نہ بھیجنا چاہیں تو کوئی حرج نہیں مگر کپڑا بھیجنا لازمی ہے۔ میری باتوں کا برا نہ منایئے گا۔ سود سے توبہ کئے بغیر آپ پر رحمتیں برسنا اصولاً ناممکن ہے۔

بہن راضی ہوجائے

سوال میری چھوٹی بہن مجھ سے نفرت کرتی ہے۔ وجہ میری ہی غلط حرکتیں ہیں۔ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ وہ مجھ سے راضی ہوجائے۔

(رشید شاہ، فیصل آباد)

جواب آپ 111 بار ''یَالطیفُ'' پڑھ کر بہن کی طرف دم کردیا کریں۔ 21 دن یہ عمل کرکے اطلاع کریں۔ کوئی ایک وقت مقرر کرلیں۔ اور جن غلط حرکتوں کی وجہ سے ناراضگی ہے، وہ آئندہ نہ کرنے کا عہد کریں اور بہن سے معافی مانگیں۔

مشکلات کا حل

سوال مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ میری مشکلیں حل ہوجائیں۔

(صادق تمولی، مانسہرہ)

جواب ان آیات کو ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ اور عشاء کے بعد 313 مرتبہ پڑھ کر اپنی مشکلات حل ہونے کی دعا مانگیں۔ آیات یہ ہیں:

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (توبہ: ۱۲۸-۱۲۹)

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے عجیب و غریب تاثیر رکھی ہے۔ جن لوگوں نے اس وظیفہ کو پڑھا ہے، وہی اس کا اثر جانتے ہیں۔

ظالم جیٹھ

سوال میں اپنے جیٹھ کے ہاتھوں بہت تنگ ہوں۔ ان لوگوں نے ہم سے بہت زیادتی کی ہے۔ آپ کچھ پڑھنے کو بتائیں کہ ان میں ہمت ہی نہ رہے تنگ کرنے کی۔ گھر میں ایک شادی بھی آرہی ہے۔ وہ بھی آرام سے ہو

جائے اور کوئی مسئلہ ان لوگوں کی طرف سے نہ بنے۔

(نجم ظہیر الاسلام، اسلام آباد)

جواب نمازِ فجر سے قبل یعنی سنت پڑھنے کے بعد فرضوں سے قبل گیارہ دفعہ یہ دعا پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِيْ اَعْدَائِيْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحَ لِسُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَلَيِّنْهُمْ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذَلِّلْهُمْ كَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

ان شاء اللہ تعالیٰ، آپ کے دشمن آپ کی مخالفت چھوڑ دیں گے، ورنہ ذلیل ہوں گے۔

دکان میں برکت ہو

سوال میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری دکان نہیں چلتی۔ گاہک نہیں آتا اور اگر آجائے تو بغیر خریداری کے چلا جاتا ہے۔ اس لئے گھر کے اخراجات پورے نہیں ہوتے اور گھر میں تنگی بہت ہے، کچھ سمجھ نہیں آتی۔ مہربانی فرما کر میرے اس مسئلہ کا کچھ حل نکالیں۔ (مقبول احمد، گجرات)

جواب آپ ''یا مغنی اور سورۃ مزمل'' کا وظیفہ پورے چالیس یوم کریں۔ طریقہ آپ کو ارسال کر دیا گیا ہے اور ساتھ ہی دکان و مکان کی خیر و برکت وحفاظت کے دو تعویذ بھی آپ کو ارسال کر دیئے ہیں۔ دکان میں برکت کے لئے سورۃ البقرۃ کی کیسٹ والا عمل بھی چالیس دن دکان پر کریں۔ اگر ممکن نہ ہو تو سورۃ یٰسین کا کیسٹ والا عمل روزانہ صبح دکان پر کریں۔ ان شاء اللہ، برکت ہوگی۔

دکان میں اگر کوئی ایسا سامان ہے، جس پر تصویر ہو تو کوشش کریں کہ اس طرح رکھیں کہ تصویر چھپ جائے، سامنے نظر نہ آئے۔ ورنہ رحمت کے فرشتے داخل نہ ہوں گے۔

باہر کے ملک جانا

سوال میں نے باہر کے ملک جانے کیلئے دو دفعہ کوشش کی مگر میں ناکام رہا۔ آپ بتائیں کہ میرے کس ملک میں جانے کے امکانات ہیں اور یہ میرے لئے کیسا رہے گا؟ (خالد شیخ، لاہور)

جواب محترم! بندے کے پاس ایسا کوئی علم نہیں کہ قبل از وقت غیب کی خبریں فوری پتہ کر کے بتا سکوں کہ آپ کس ملک میں جائیں گے یا کس کے امکانات ہیں۔ اس کیلئے واحد حل یہی ہے کہ خود آپ اللہ تعالیٰ سے پوچھیں کیونکہ وہی غیب جانتے ہیں اور ان کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ سب حساب یا اندازے ہوتے ہیں اور مستقبل کے بارے میں کسی بھی حساب یا اندازے پر یقین کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ اور حد درجہ یقین سے ایمان زائل ہونے کا خطرہ ہے۔ افسوس کہ آج کل یہ مرض عام ہے کہ لوگ اپنے مستقبل کے بارے میں جاننے کے لئے بہت فکر مند رہتے ہیں۔ آپ سونے سے پہلے دو رکعت نمازِ استخارہ کی نیت سے پڑھیں اور 812 بار ''یَا خَبِيْرُ'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ، آپ کو تین سے سات دنوں میں خواب میں اشارہ مل جائے گا۔

پوشیدہ مخلوق کو دیکھنے کے لئے

استاذ العالمین حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی نے تحریر فرمایا ہے کہ مشک و زعفران کے ساتھ کسی چینی کی پلیٹ میں سورۂ فاتحہ کے الگ الگ حروف لکھیں۔ اس کے بعد بارش کے پانی اور عرقِ گلاب سے اس کو دھولیں۔ اور پھر پانی سے سرمۂ اصفہانی کو کھرل کریں۔ اس سرمے میں سفید مرغ اور کالی مرغی کا پتہ پیس کر کھرل کریں۔ جب سرمہ تیار ہو جائے تو سلائی پر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں تو تمام پوشیدہ مخلوق نظر آئے گی۔

نوٹ اگر اس عمل کو کرنے سے آنکھوں کو کسی قسم کا نقصان ہوا یا پوشیدہ مخلوق کو دیکھنے سے ذہنی توازن برقرار نہ رہا یا اور کوئی نقصان ہوا تو ادارہ ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا۔ **(ادارہ)**

تسخیر کے مجرب المجرب اعمال

مرتب: محمد عارف

تمام عالم..... عامل کے پاس مسخر ہو

اگر کوئی شخص اس نقش مثلث کو عروج ماہ، بروز اتوار، ساعتِ شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام عالم، اس عامل کے لئے مسخر ہو، کمال رجوعات ہوں گی۔ جہاں جائے گا، باعزت رہے گا۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

الله الله الله

الله	۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳	۳۰۱۸
الله	۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸	۳۰۱۸
الله	۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷	۳۰۱۸

۳۰۱۸ ۳۰۱۸ ۳۰۱۸

نوٹ یہ تعویذ ایسے عامل یا بزرگ سے تیار کرائے، جو اسم ذات کا بہت ورد کرتے ہوں یا عامل ہوں۔ ان شاء اللہ، پھر مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا۔

عمل تسخیر حکام

اگر کسی شخص کا کسی حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو جبکہ وہ حاکم کسی بھی طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا یہ اس حاکم کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو یا اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو اور اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ اس کے خلاف نہ ہو جائے اور اسے ناحق سزا ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کرنے کے لئے درود شریف کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور مجرب ہے اور متعدد اولیائے کرام سے منقول ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے، نماز فجر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ درود شریف نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد پڑھے۔ جب تک مطلوبہ مقصد پورا نہ ہو، ہر روز بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ عمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔ حکام کو تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کیلئے یہ عمل بہت ہی پر اثر ہے۔ اللہ تعالیٰ درود شریف کی برکت سے دعا قبول فرمالیتا ہے۔

عزت، وجاہت و تسخیر عالم

جو کوئی دین و دنیا میں عزت و وجاہت اور تسخیر عالم کا خواہشمند ہو تو ایسا شخص غروب آفتاب کے وقت غسل کرے اور بعد از نماز مغرب اس طرح عمل شروع کرے۔ اپنے پاس خوشبو لگائے اور اول و آخر درود ذیل ایک سو ایک (101) مرتبہ اور درمیان میں اسم حسنیٰ ''یَا بَارِئُ'' کا گیارہ ہزار بار ورد کرے۔ ان شاء اللہ العزیز چالیس یوم کے عمل سے مخلوقِ عالم تسخیر ہو گی اور اس کے ہر حکم کو بجالائے گی اور اس کی عزت و وجاہت میں بے حد اضافہ ہوگا۔ حاکم وقت اگر یہ عمل کرے تو بہت ہی نامور ہو جائے۔ درود پاک یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ

مطلوب طالب کا فرمانبردار ہو جائے

اگر کسی کو رجوع کرنا اور الفت کرنا منظور ہو تو آیہ شریفہ **حسبنا اللہ ونعم الوکیل** کو چار سو پچاس دفعہ رجوع کرنے کی نیت سے پڑھے۔ امید ہے کہ مطلوب طالب کی فرمانبرداری سے ایک دم باہر نہ ہوگا۔

ترکیب اس عمل کے پڑھنے کی یہ ہے کہ آدھی رات کو اٹھ کر پورا وضو کر کے چھ رکعتیں پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد ایک دفعہ اور یہ آیت چار سو پچاس دفعہ۔ پھر سلام پھیر کر بیٹھے اور نو سو پچاس دفعہ اس آیت کو پڑھے اور پڑھتے وقت یہ تصور کرے کہ گویا مطلوب کو اس آیہ شریف کے ذریعے سے اپنی طرف کھینچ رہا ہے۔

یہ عمل تین دفعہ اس طرح ہوتا رہے جیسا کہ پہلے مذکور ہوا ہے۔

زمانہ قدیم کے عاملین و کاملین کے معمولات میں رہنے والی ایک کثیر الفوائد

عزیمت "قسم ناصور"

قسط نمبر: 2

ماہر علوم مخفی صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

عزیمت قسم ناصور ایک کثیر الفوائد عزیمت ہے جو زمانہ قدیم کے عاملین وکاملین کا معمول رہی ہے۔ پچھلے شمارے میں چند خواص کا ذکر کیا گیا تھا، مزید ملاحظہ فرمائیں۔ قسم ناصور کے لئے پچھلا شمارہ ملاحظہ کریں۔

کسی زانی مرد کی شہوت باندھنے کے لئے

سات عدد سوتی دھاگے تار لے کر ان کو اکٹھا کریں ایک ایک مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر ایک ایک گرہ دھاگے کو لگادیں اس طرح کہ کل سات گرہ ہو جائیں۔ اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ یہ توکیل بھی لازمی پڑھنا ہوگی۔ توکیل یہ ہے۔ "یَا نَاصُوْرُ بِحَقِّهٖ ذَکَرِ فلاں ابنِ فلاں" پھر اس گرہ والے دھاگہ کو کسی پرانی قبر میں دفن کردیں۔ قبر ایسی ہو جس کی کوئی زیارت نہ کرتا ہو۔ اللہ کے حکم سے وہ کسی بھی عورت سے جماع نہ کرسکے گا۔ ہمیشہ کے لئے مربوط ہو جائے گا۔

اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہیں

تو ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب اور مطلوب کے پھر اس پر قسم ناصور 45 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تعویذ کو اپنے پاس رکھیں، بہت جلد مطلوب اپنے طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔ اور ہمیشہ محبت کرتا رہے گا۔

جب کسی کو اپنی طرف بلانا اور متوجہ کرنا چاہیں

تو اس کے قدموں کی مٹی حاصل کریں اور اس کا استعمال شدہ کپڑا بھی حاصل کریں، کپڑے پر خاتم اور توکیل تحریر کریں اور مٹی کو کپڑے میں رکھ کر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر کپڑے کا فلیتہ بنا کر نئے چراغ میں خالص روغن زیتون ڈال کر روشن کریں اور مٹی کو مطلوب کے گھر میں ڈال دیں۔ پس مطلوب محبت میں دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

بغض اور عداوت ونفرت کے لئے

ایک مٹی کے نئے پیالے پر خاتم تحریر کریں اور خاتم کے نیچے ہر دو فریق کا نام بھی تحریر کریں۔ پھر اس پر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ ان کے درمیان نفرت، عداوت اور بغض پیدا ہو جائے گا۔ کبھی بھی اتفاق اور محبت سے نہ رہ سکیں گے۔

اگر کسی میاں بیوی میں طلاق کا عمل کرنا چاہیں

تو ایک مٹی کے نئے پیالے میں خاتم تحریر کریں اور پھر اسے انار کی ٹہنی پر آویزاں کر کے ایک شاخ کھجور کی لے کر اس پر 21 مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ پیالہ پر ماریں۔ پھر اعمال شر کا بخور دیں اور پھر پانی سے دھو کر وہ پانی ان کے گھر میں چھڑک دیں۔ اللہ کے حکم سے میاں بیوی میں طلاق ہو جائے گی۔ بہت ہی تھوڑے عرصہ کے اندر اندر۔

اگر طالب ومطلوب میں محبت مضبوط کرنا چاہیں

تو ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب ومطلوب کے اور اس پر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس کو کسی شیریں پھل دار درخت کی سبز شاخ پر باندھ دیں۔ تا کہ ہمیشہ ہوا میں لہراتا رہے۔ ان شاء اللہ طالب اور مطلوب میں محبت اور زیادہ مضبوط ہو جائے گی اور ہمیشہ استحکام رہے گا۔ اور کبھی بھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔

کسی بھی مقصد کے لئے ھاتف غیبی کو بھیجنا

اگر کسی کو عاجز اور ذلیل کر کے اپنے پاس حاضر کرنا چاہیں اور اس سے اپنی مرضی کے مطابق جو جی چاہے کام لینا چاہیں تو اس مقصد کے لئے ھاتف سے مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔ جابر سے جابر انسان بھی عاجز ہو کر

حاضر ہوگا اور عامل کے ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد قسم ناصور کو 21 مرتبہ تلاوت کریں اور ہر مرتبہ ایک بار قسم کے ساتھ توکیل بھی تلاوت کریں توکیل یہ ہے۔

"توکّلوا یاناصُوْرُ اَنْتَ وَ اَخُوْکَ شَمْعُوْنَ وَ امْضُوْا اِلٰی فُلَانِ ابنِ فُلَانَۃٍ اِزْعِجُوْہُ وَ ازْجِعُوْہُ"

یہاں تک کہ عاجز اور ذلیل ہو کر حاضر ہو اور آپ کا ہر مطلب پورا کرے جو کچھ آپ اسے کہیں۔ چند راتوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔

اگر مطلوب کو حاضر کرنا چاہیں

تو نقش مندرجہ ذیل صورت میں سرخ کاغذ پر تحریر کریں اور درمیان کے خانہ میں ایک سوئی چبھو دے اور اس کو انار کی شاخ میں آویزاں کر دے اور بخور دے اعمال خیر کا مگر اس سے قبل اس پر 21 مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں اور پھر آویزاں کریں۔ اگر مطلوب اسی شہر میں ہے تو اسی روز طالب کے پاس حاضر ہو جائے گا۔ اگر دور ہے تو سہولت کے مطابق ضرور حاضر ہوگا۔ نقش کی صورت یہ ہے:

نقش کی مندرجہ بالا صورت اعمال شر میں استعمال ہوتی ہے۔ اور اسے اعمال شر میں ترش پھل دار درخت پر آویزاں کیا جاتا ہے اور اعمال خیر میں شیریں پھل دار درخت پر آویزاں کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ عمل بادی ہو۔ اگر عمل ترابی ہو تو مٹی یعنی پرانی قبر یا مطلوب کے گھر کی چوکھٹ وغیرہ میں دفن کریں۔ اگر عمل آبی ہو تو پانی میں دھو کر چھڑک دیا جائے یا دھو کر پلایا جائے۔ اور اگر عمل ناری ہو تو آگ کے قریب دفن کیا جائے۔

دعوت ناصور تاکہ قسم کا خادم مسخر ہو جائے

جب آپ اس قسم کے خادم کی تسخیر کا ارادہ کریں تو ایک مکان خلوت کا تلاش کریں۔ جس میں آپ کے علاوہ کوئی دوسرا فرد نہ جائے۔ بخور اعمال خیر وشر کا روزانہ بوقت ریاضت روشن کرنا ہوگا اور روزانہ نصف رات کے وقت قسم ناصور ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھنا ہوگی۔ اس سے قبل اصراف عامر کا عمل سات روز تک اس مکان میں ضرور تلاوت کریں تاکہ اصراف آپ کے عمل میں کسی طرح کی مداخلت نہ کریں۔ یہی اساتذہ عظام کا مستند طریقہ ہے۔ قسم ناصور اور اس کے جملہ اعمال سے کماحقہٗ فائدہ حاصل کرنے کے لئے اس کی خاص شرط ہے۔ جس کے بغیر اس کے اعمال میں کامیابی ممکن نہیں۔ اگر اس شرط کا خیال نہ رکھا جائے تو عمل کی رجعت بھی یقینی ہے۔ یہاں نااہل سے پوشیدہ رکھنے کے لئے درج نہیں کر رہا کیونکہ نااہل کو اچھے برے کی تمیز نہیں ہوا کرتی۔ جو احباب ناصور کے جملہ اعمال میں مکمل کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ بندہ ناچیز سے اجازت اور خاص شرط حاصل کر لیں۔ تاکہ ان کی شب و روز کی محنت ضائع نہ ہو۔ اکیس 21 روز تک تلاوت کریں۔ کسی بھی روز ناصور حاضر ہوگا اور پوچھے گا کہ "تو کیا چاہتا ہے؟" آپ اس سے اپنے اور دیگر لوگوں کے کاموں میں مدد اور معاونت کا معاہدہ کر لیں۔ اور پھر اس کے معاہدہ کا پاس رکھیں۔ اور کبھی بھی خلاف ورزی نہ کریں۔ پس وہ ہمیشہ مددگار اور معاون رہے گا۔ قسم ناصور کے جملہ اعمال و نقوش میں اور تمام خواتم کے جملہ فوائد فوراً حاصل ہوں گے۔

کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا

اگر کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کر کے اپنی طرف متوجہ کرنا اور حاضر کرنا چاہیں۔ تو مندرجہ ذیل طلسم ایک سرخ کاغذ پر تحریر کریں اور اس پر 21 اکیس مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے آگ کے قریب دفن کر دیں تاکہ آگ کی گرمی اسے برابر پہنچتی رہے پس مطلوب بہت جلد حاضر

ہوگا آپ کی محبت میں دیوانہ اور پاگل ہوکر حاضر ہوگا۔ پس جب حاضر ہوجائے تو مندرجہ ذیل خاتم جو پہلے ہی ایک کاغذ پر لکھی ہو۔ پانی سے دھوکر مطلوب کے چہرے پر چھڑک دیں۔ بے شک اسے افاقہ ہوگا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مطلوب پاگل ہوجائے گا۔ طلسم اور خاتم یہ ہے:

اتریوش

۷۴۰	۸	۱۰۰	۳۰
۴۰	۲	۱۰	۸۰
۲۰	۱۱	۸۰	۴۰
۲۰	۸	۷	و

طلسم یہ ہے

جب لوگوں میں عداوت پیدا کرنا چاہیں

تو ان لوگوں کے مستعمل کپڑے کا ٹکڑا لے کر اس پر مندرجہ ذیل خاتم تحریر کریں اور مندرجہ ذیل طلسم کاغذ کے تین ٹکڑوں پر تحریر کریں۔ اب طلسم اور تینوں تعویذوں کو جلا دیں اور جلاتے وقت تین مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر راکھ پر دم کریں۔ اور ہر مرتبہ یہ توکیل بھی تلاوت کریں۔ توکیل یہ ہے:

"تَوَكَّلُوْا يَا نَاصُوْرُ بِالْفِرَاقِ بَيْنَ كذا و كذا وَ كَذَا وَ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ"

پھر اس راکھ کو پانی میں بھگو کر ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ اللہ کے حکم سے جدائی اور عداوت پیدا ہوجائے گی۔ ان تمام لوگوں میں جن کا نام اس عمل میں شامل ہوگا۔ خاتم یہ ہے:

(جاری ہے)

(اجازت کے لئے مصنف سے رابطہ کیا جائے۔ع)

دار العمل چشتیہ (لاہور) کے مجرب اعمال

عمل	تفصیل
چہل کاف کا عمل	❖ ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کرنے کا بہت مجرب عمل ہے ❖ اس کے عامل پر آسانی سے جادو اور جنات اثر انداز نہیں ہوتے ❖ اجازت ملتے ہی جنات کی ایک بڑی جماعت غائبانہ طور پر تعاون شروع کر دیتی ہے۔ جس کا اجازت لینے والے ہزاروں افراد کا تجربہ ہے ❖ اجازت کے ساتھ دوسرے کئی اعمال کی بھی اجازت دی جاتی ہے تاکہ عامل کو کوئی کمی نہ رہے جیسے جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حب و بغض و زبان بندی و دشمن سے متعلق اعمال، روحانی تشخیص کے مجرب اعمال، جنات کو جلانے کے اعمال، مکان سے ہر قسم کا جادو اور جنات کا اثر نکال کر اس کو کیل کرنے کا طریقہ، جادو کو واپس کرنا، فراخی کاروبار اور دیگر مقاصد کے اعمال۔
امنت باللہ کا عمل	◆ اس عمل کی اجازت ملنے کے بعد جنات اور جادو کے علاج میں غائبانہ موکلین کی ایک جماعت عامل کے ساتھ تعاون کرتی ہے ◆ جنات کو بوتل میں بند کرنا، جنات کو بذریعہ موکلین جیل میں قید کروانا، حب، جدائی، شادی، ہر قسم کی بیماریوں کا روحانی علاج، گھر کی ہر قسم کے جنات و جادو سے حفاظت، چوری شدہ سامان کی اطلاع و واپسی اور دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔
ہانڈی کا خاص عمل	◆ ہانڈی کا عمل سخت سے سخت جادو اور جنات کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ◆ جس طرح جسمانی علاج میں بڑے علاج ہوتے ہیں، اسی طرح یہ بھی روحانی علاج میں ایک بڑا علاج ہے۔ اس کو عام استعمال نہیں کرنا چاہئے ◆ جگہ اور مریض پر سے بحکم رب العالمین ہر قسم کے جادو اور جنات کا اثر ختم ہو جاتا ہے ◆ تیر لا علاج بیماروں کے لئے بھی انتہائی مجرب عمل ہے۔
خزینہ مجربات	● بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔ اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ● سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ● مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ● جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ● مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ● نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی کئی مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔
حزب البحر	■ ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی نوراللہ مرقدہ پر الہام ہوئی مجرب دعا جو ایک عرصہ سے اولیائے کرام علمائے کرام اور عاملین کے معمولات میں شامل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے کے بیشمار فوائد ہیں۔ خاص کر نہ چاہتے ہوئے بھی رزق میں فراخی آنا شروع ہو جاتی ہے ■ حزب البحر کے مختلف اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ تاکہ ہر کوئی صحیح طریقے پر فائدہ اٹھا سکے ■ زکوٰۃ صغیر و کبیر۔۔ دونوں اعمال کی زکوٰۃ خاص دنوں میں نکلوائی جاتی ہے۔ اجازت سے ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

حزب البحر کے علاوہ تمام اعمال نقد صدقے کے ساتھ مشروط ہیں۔ نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور
مولانا عرفان صاحب
(0321) 4661681
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570 فون: 35033371 (042) موبائل: 7772772 (0343)
Web: darulamal.org/ruhanidarsgah, E-mail: info@darulamal.org
darulamal.org　darulamalchishtia　khazinaeruhaniyat　khazinaruhanyat

حل المشکلات و شفاء امراض، مشاہدات و تجربات

تحریر: محمد کوکب جمیل ہاشمی

اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کی نازل کردہ کتاب قرآن مجید فرقان حمید جہاں زندگی کے لیے مکمل لائحہ عمل فراہم کرتی ہے، وہاں اس کی مقدس سورتیں اور آیات ہمارے لیے شفائے امراض، حل المشکلات، حفاظت، برکت، عزت وقار جیسی نعمتوں اور فیوض کا خزانہ لیے ہوئے ہیں اور تمام عالم اسلام ان سے بھرپور استفادہ کررہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ کتاب جو نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی، اپنے اندر دعاؤں کا قیمتی سرمایہ لیے ہوئے ہے۔ اور یہ دعائیں اگر پورے اہتمام، التزام اور دعاؤں کے آداب وتقاضوں کے مطابق خشوع وخضوع، توبہ واستغفار اور کامل یقین واعتقاد کے ساتھ کی جائیں تو کبھی فوراً اور کبھی بعد میں ان کی ایسی تاثیر وفوائد دیکھنے میں آتے ہیں کہ جن سے نہ صرف شفائے امراض اور مشکلات کا حل اور دیگر مسائل سے چھٹکارا مل جاتا ہے بلکہ ایمان بھی تازہ ہوجاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں بے شمار ایسے علمائے دین اور عاملین موجود ہیں جو فی سبیل اللہ قرآنی آیات اور احادیث سے ثابت وظائف وتسبیحات کے ذریعے سے دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں اور خصوصاً ان لوگوں کے لیے اللہ کی رحمت خاص اور فضل وکرم سے بہت مددگار ومعاون ثابت ہورہے ہیں، جو خود عدم واقفیت اور جہالت کے باعث وظائف واوراد کا کما حقہ اہتمام نہیں کرسکتے۔ اللہ تعالیٰ ایسے روحانی عاملین کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور انہیں اجروثواب عطاء فرمائے۔ (آمین)

عاملین کے علاوہ عام افراد بھی اگر درود شریف اور تسبیحات پر مداومت کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعاؤں کو قبول فرماتے ہیں اور ان کی زبان سے نکلی ہوئی باتوں کو بھی مستحسن کردیتے ہیں۔

احقر اس بات پر کامل یقین رکھتا ہے کہ اللہ رب العزت کے حضور عجز وانکساری اور عبادت گزاری کے ساتھ تسبیح وتہلیل کرکے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے تو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو مستجاب الدعوات لوگوں میں شامل کرلیتے ہیں۔

احقر خود نہ تو عامل وعالم ہے اور نہ سالک وصالح لوگوں کی صحبت میں رہا ہے اور یہ فضیلت حاصل نہ ہونے کے باعث خود کو اس درجے کی دعا وظائف میں مشغول نہیں پاتا جو کہ روحانی عاملین کے معمولات میں شامل ہوتی ہیں۔ تاہم احقر کو اللہ تعالیٰ نے یہ شرف ضرور عطاء کیا ہے کہ ان تسبیحات و درود کی مداومت نے دعاؤں میں ایسی تاثیر پیدا کردی ہے کہ اکثر وبیشتر استفادہ کرنے والوں کی جانب سے ستائش واعتقاد کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے اور یہ چیز اللہ کی بیکراں رحمت اور فضل وکرم پر بھرپور ایمان کی دلیل ہے کیونکہ سب کچھ اسی ذات باری تعالیٰ اور اس کے محبوب نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل سے ہے۔

ذیل میں احقر ایسے چند واقعات ومشاہدات کا ذکر کرنا چاہتا ہے جو محض تائید ایزدی اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی رحمت سے وقوع پذیر ہوئے۔ اس میں بندے کا اپنا کوئی کمال نہیں۔ بندے کی والدہ انتہائی نیک، دیندار اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ انہوں نے پہلے لاہور میں اور بعد میں راولپنڈی منتقلی کے بعد، بہت سارے بچوں بچیوں کو قرآن پڑھایا۔ ہمارے والد کے انتقال کے بعد سے وہ مسلسل تسبیح وتہلیل میں مشغول رہتی تھیں۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ وصف عطا فرمادیا تھا کہ اکثر انہیں خواب کے ذریعے اپنے سے دور اولاد کی تکلیف وپریشانی کا علم ہوجاتا تھا۔ اپنی والدہ کو مسلسل تسبیحات میں مشغول دیکھ کر اور والد کے انتقال (1973ء) کے بعد سے اس بندے نے بھی اوراد اور درود کو اختیار کرلیا اور تب سے اب تک الحمد اللہ تسبیحات وادعیاء کے تواتر نے ایک ایسا وصف پیدا فرمادیا کہ کبھی اس شغل

میں تعطل ہو جائے تو یوں لگتا ہے جیسے کچھ کھو گیا ہو۔

یہ ذکر ہے ان دنوں کا، جب ہم ملک شام میں پاکستانی سفارتخانے میں متعین تھے۔ وہاں ایک مقامی فرد صفائی ستھرائی کے کاموں پر مامور تھا۔ ایک دن وہ آفس آیا تو وہ بہت رنجیدہ و پریشان تھا۔ استفسار پر اس نے بتایا کہ اس کا ایک شیر خوار بچہ بیمار ہے اور ڈاکٹر نے اسے سرطان کے عارضے میں مبتلا ہونے کی خبر دی ہے۔

بندے کے علم میں موذی امراض سے شفایابی سے متعلق ایک وظیفہ تھا جو کہ حسب ذیل ہے۔ (حوالہ ماہنامہ خزینۂ علم وعمل شمارہ مارچ 2008 صفحہ 50 اول و آخر 3 بار یہ درود شریف پڑھیں)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ

درمیان میں سات بار سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ اور تین بار سورہ اخلاص پڑھیں اور اس کا ثواب حضرت علامہ مخدوم ہاشم سندھی رحمہ اللہ کو بخشیں اور مریض پہ دم کریں۔ نیز اگر مرض پرانا ہو اور شدت اختیار کر گیا ہو تو مذکورہ درود شریف اول و آخر سو (100) بار پڑھیں۔

متعلقہ اہلکار نے اس وظیفے کی پابندی کی اور الحمد اللہ اس کا بچہ چند ماہ میں صحت یاب ہو گیا۔

شام میں قیام کے دوران ہی ایک پاکستانی اہلکار اپنے بچے کی ملازمت نہ ہونے پر پریشان تھے۔ ان کا بیٹا پاکستان میں اپنی تعلیم مکمل ہونے کے بعد بیروزگار تھا۔ انہوں نے احقر سے دعا کی درخواست کی۔ بندے نے دعا کے ساتھ انہیں ایک وظیفہ پڑھنے کے لئے بتایا جو ہم نے حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی کتاب اعمال قرآنی میں پڑھا تھا۔ وہ وظیفہ حسب ذیل ہے:

آدھی رات کے وقت باوضو گھر یا مسجد کے صحن میں 3 بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر سو بار اسم مبارک **الوھاب** پڑھیں۔ 3 دن یا 7 دن تک یہ کرتے رہیں۔ مذکورہ اہلکار نے یہ وظیفہ پڑھا اور وظیفہ مکمل ہوتے ہی ان کے صاحبزادے کو ملازمت مل گئی۔

شام سے واپس آنے کے بعد ہم ایک بار بذریعہ ٹرین کراچی سے اسلام آباد آرہے تھے۔ رات کے وقت ہمارے کمپارٹمنٹ کے ساتھ والے کمپارٹمنٹ میں ایک شیر خوار بچہ مسلسل روئے جا رہا تھا۔ بچے کے والدین جتن کرتے رہے مگر بچہ خاموش نہ ہوا...... بندہ خود اس معاملے پہ بہت پریشان ہوا۔ پھر معاً خیال آیا کہ شاید بچہ کو نظر لگ گئی ہو۔ اس لئے کیوں نہ اسے نظر بد سے حفاظت کا دم کر دیا جائے...... چنانچہ احقر نے آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھے اور بچے کا تصور کرتے ہوئے اپنی نشست پہ بیٹھے بیٹھے بچے کی سمت پھونک دیا۔ ایسا کرنا تھا کہ بچہ یکدم خاموش ہو گیا اور پھر وہ بچہ پرسکون نیند سو گیا۔

ہم ایک بار پھر دفتری احکامات کے تحت باہر گئے۔ اس بار ہماری تعیناتی پاکستانی سفارتخانے مسقط (عمان) میں ہوئی۔ وہاں بھی اللہ کی رحمت سے بہت سے لوگوں کا بھلا ہوا۔

ایک بار سفارتخانے کے پاکستانی سکیورٹی گارڈ کے سر میں شدید درد ہوا۔ وہ احقر کے پاس آیا تو احقر نے یہ دعائیں پڑھ کر اسے دم کیا۔

لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ ﴿سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ: ١٩﴾ (3بار)

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ ۚ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿سُوْرَۃُ التَّغَابُنِ: ١﴾ (3بار)

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۚ وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ: ١٠٥﴾ (3بار)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰہُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِکُوْنَ لِاَنْفُسِھِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ﴿سُوْرَۃُ الرَّعْدِ: ١٦﴾ (3بار) (اعمال قرآنی)

ان وظائف کو پڑھ کر دم کرنا تھا کہ فوراً اس کے سر کا درد ٹھیک ہو گیا۔ اسی طرح سفارتخانے کا ایک اور اہلکار داڑھ کے شدید درد میں مبتلا تھا۔ وہ درد کی شدت سے سخت بے چین تھا۔ وہ احقر کے پاس آیا تو احقر نے یہ دم کیا۔ مریض کو کہا کہ وہ متاثرہ داڑھ کو داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے پکڑے اور بات کرتے وقت بھی اسے مت چھوڑے۔ پھر سورہ فاتحہ 7 بار مع بسم اللہ پڑھی اور مریض سے پوچھا کہ اس کا نام کیا ہے؟ مریض نے اپنا نام بتا دیا۔

پھر سورہ الفاتحہ 7 بار مع بسم اللہ پڑھی اور اس کی والدہ کا نام دریافت کیا۔ مریض نے والدہ کا نام بتایا تو سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ 7 بار پڑھی اور مریض سے سوال کیا کہ اسے کہاں درد محسوس ہو رہا ہے؟ مریض نے جواب دیا کہ اسے داڑھ میں درد ہو رہا ہے۔ ایک بار پھر 7 بار سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ پڑھی اور مریض سے اس کی عمر کی بابت سوال کیا۔ مریض نے اپنی عمر بتا دی۔ ایک بار پھر سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ 7 بار پڑھی اور مریض سے پوچھا کہ کیا اس کی داڑھ کا درد اللہ کے حکم سے ٹھیک کر دوں؟ مریض نے اثبات میں جواب دیا۔ ایک بار اور سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ 7 بار پڑھی اور مریض کو دم کیا اور اسے ہدایت کی کہ جاؤ آرام کرو بلکہ کچھ دیر کے لئے سو جائے۔ ان شاء اللہ درد جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ ابھی اسے یہ ہدایت دی ہی تھی کہ وہ تیزی سے اٹھا اور خوشی سے جھومتے ہوئے بولا کہ اسے محسوس ہو رہا ہے جیسے کسی نے درد کش (Pain Killer) انجکشن لگا دیا ہے۔ اللہ اللہ، یہ ہے قرآنی سورتوں کا اعجاز جو بڑی سے بڑی اور سخت سے سخت تکلیف اور مشکل کو رفع کر دیتی ہیں۔

ایک اور دلچسپ واقعہ قارئین کی نذر ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

مسقط میں ایک اللہ دتہ نامی شخص گزشتہ 30 یا 35 سال سے گاڑی میں سکول کے بچوں اور دفتر کے لوگوں کو پک اینڈ ڈراپ کیا کرتا تھا۔ عمانی قوانین کے مطابق کوئی غیر ملکی یہ کام نہیں کر سکتا تھا۔ اپنی گاڑی سے پک اینڈ ڈراپ کی سہولت صرف عمانی شہریوں کو حاصل تھی۔ ایک دن اللہ دتہ ائیر پورٹ سے کچھ مزدوروں کو شہر کے اندر لا رہا تھا کہ راستے میں شُرطہ (پولیس) نے اسے روک لیا اور عمانی قانون کی خلاف ورزی پر اس کا چالان کر کے گاڑی کو ضبط کر لیا۔ اللہ دتہ کے روزگار کا واحد ذریعہ اس کی گاڑی تھی...... ضبط ہو جانے پر وہ بہت پریشان ہوا۔ اسے یہ بھی فکر لاحق تھی کہ کہیں اسے قانون کی خلاف ورزی کی پاداش میں جیل نہ بھیج دیا جائے یا پھر اسے پاکستان واپس نہ بھیج دیا جائے۔ خیر بعد از جرمانہ، معاملہ حل ہو گیا اور اسے گاڑی واپس مل گئی۔ لیکن اللہ دتہ کو یہ فکر لاحق تھی کہ اگر اس نے اس گاڑی سے دوبارہ اپنا کاروبار شروع کیا تو دوبارہ اس کی پکڑ ہو سکتی ہے۔ اس لئے اس نے اپنی اس گاڑی کو فروخت کر کے نئی گاڑی خریدنے کے بارے میں سوچا...... مگر وہ شش و پنج میں تھا کہ کیا کرے۔ بالآخر اس نے احقر سے کہا کہ اس کے لئے استخارہ کریں کہ پتہ چل سکے کہ پرانی گاڑی فروخت اور نئی گاڑی خریدی جائے یا نہیں۔ چنانچہ دو استخارے کیے۔ ایک پرانی گاڑی بیچنے سے متعلق اور دوسرا نئی گاڑی خریدنے کے لئے۔ اول الذکر استخارہ کیا تو اشارہ ملا کہ پرانی گاڑی کو فروخت کر دینا درست ہے۔ لیکن جب نئی گاڑی خریدنے سے متعلق استخارہ کیا تو جواب نفی میں آیا۔ اللہ دتہ کو نتائج سے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ پرانی گاڑی بیچ کر نئی گاڑی نہ خریدے۔ وہ گاڑی نہ خریدنے کی صورت میں کہاں سے کمائے گا اور کہاں سے کھائے گا...... ہم نے اسے بتایا کہ گاڑی کے نہ خریدنے میں ضرور کوئی مصلحت ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ غیب کا حال جانتا ہے۔ مگر اللہ دتہ کو فکر معاش نے مجبور کیا اور اس نے جلد ہی نئی گاڑی خرید لی۔ اس نے ہمیں فون پر نئی گاڑی خریدنے کی نوید سنائی اور کہا کہ وہ ہمیں اگلے دن دفتر ڈراپ نہیں کر سکے گا کیونکہ وہ نئی گاڑی کی رجسٹریشن کرانے کے لئے جائے گا۔ چنانچہ اگلے روز وہ ہمیں پک (pick) کرنے نہیں آیا۔ ہم اپنے سفارتخانے دوسرے انتظام سے پہنچے اور اپنے کام میں مشغول ہو گئے۔ ابھی کچھ دیر ہی گزری تھی کہ ہمیں اللہ دتہ کے بیٹے کا فون آیا۔ وہ کہہ رہا تھا کہ اللہ دتہ کا انتقال ہو گیا...... وہ رجسٹریشن کے دفتر میں موجود تھا کہ اسے ہارٹ اٹیک ہوا اور پھر وہیں وہ اس دار فانی سے رخصت ہو گیا۔ یہ خبر جہاں سخت رنج و غم کا باعث بنی۔ وہاں یہ گتھی بھی سلجھی کہ نئی گاڑی نہ خریدنے کا اشارہ استخارے میں کیوں آیا تھا کیونکہ نئی گاڑی سے کاروبار اس کے نصیب میں نہ تھا اور دوسرا نقطہ یہ تھا کہ استخارے کے بعد مشورے کے برعکس کام کیا جائے تو کسی صورت فائدہ نہیں ہوتا۔ استخارہ گھر میں اس طرح کیا جائے:

دو رکعت نماز نیت استخارہ شروع کی جائے کہ پہلی رکعت میں جب سورۃ فاتحہ پڑھیں تو ایاک نعبد وایاک نستعین پہ پہنچ کر اس کی تکرار شروع کر دی جائے۔ یہاں تک کہ پورا وجود دائیں یا بائیں جانب مڑ جائے اور اسی تکرار کے دوران وجود دوبارہ اپنی اصلی حالت پہ لوٹ آئے اور پھر دونوں رکعتوں

میں سورۃ الاخلاص پڑھ کر نماز ختم کر لی جائے۔ اگر آپ کا جسم دائیں طرف مڑ جائے تو یہ مثبت اشارہ سمجھا جاتا ہے جبکہ بائیں طرف مڑنے کو منفی اشارے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

ہماری تعیناتی سفارتخانے میں صرف دو سال سے کچھ زائد عرصے کے لئے تھی کیونکہ اس کے بعد ہم نے ریٹائر ہو جانا تھا۔ ہم پاکستان واپسی کی تیاری میں تھے کہ سفارتخانے کی ایک خاتون ورکر سخت پریشانی کے عالم میں احقر کے پاس آئیں۔ وہ روتے ہوئے بیان کر رہی تھیں کہ اس کا شوہر اسے طلاق دینا چاہتا ہے اور اس کی وجہ اس کی ساس کی ضد ہے کہ اس کا شوہر دوسری شادی محض اس لیے کرے کہ پہلی بیوی سے کافی سال گزرنے کے باوجود کوئی اولاد نہیں تھی۔ ہم نے محترمہ کو تسلی دی اور اسے پڑھنے کے لیے کچھ وظائف بتائے۔ ہمارے پاس اس بارے میں بہت سے وظائف موجود تھے۔ صحیح یاد نہیں کہ احقر نے انہیں کون کون سے وظائف پڑھنے کو بتائے تھے لیکن جب ہم پاکستان لوٹے تو قریباً ایک سال گزرا تھا کہ ہمیں اطلاع ملی کہ وہ محترمہ ایک بیٹے کی والدہ بن چکی ہیں۔ سبحان تیری قدرت کہ تیری ذات پاک کتنی مہربان ہے اور اپنے بندوں کو کس طرح نوازتی ہے۔ سبحان اللہ العظیم۔

اگرچہ اور بھی بہت سارے واقعات لوح ذہن پہ نقش ہیں تاہم مختصراً دو مزید واقعات نذر قارئین ہیں۔

مسقط سے پاکستان واپس آنے سے پہلے ہمیں پتے کے درد کی شدید تکلیف ہوئی۔ ہمیں ہسپتال میں داخل کر لیا گیا۔ ڈاکٹر نے پتے میں پتھری کی تشخیص کی اور آپریشن کے ذریعے پتہ نکالنے کا کہا۔ تکلیف اس قدر زیادہ تھی کہ فوری طور پر سرجری ضروری تھی۔ چنانچہ جس روز ہماری سرجری ہونی تھی، اس روز صبح ہی سے ہم نے درود شریف، آیات شفاء، درود شفاء، چاروں قل اور مزید کچھ آیات شفائے امراض سے متعلق پڑھنا شروع کر دیں۔ جس سرجن نے ہمارا آپریشن کرنا تھا۔ وہ بھارتی ہندو تھا اور اس کا معاون ایک عراقی ڈاکٹر تھا۔ ڈاکٹر نے ہمیں بے ہوش کر کے آپریشن کیا اور پتہ نکال دیا۔ ہمیں جب ہوش آیا تو عراقی ڈاکٹر ہمارے بیڈ کے پاس کھڑا تھا۔ وہ ہماری طرف بڑھا اور مبارکباد دینے کے بعد وہ گویا ہوا کہ "**مسٹر کوکب! یہ میری زندگی کا پہلا آپریشن ہے، جو اتنی مہارت اور کامیابی کے ساتھ ہوا کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ بلکہ ہندو سرجن اس امر پہ سخت متعجب تھا کہ آپریشن اتنے پرسکون انداز میں ہوا کہ کہیں بھی کوئی مشکل پیش نہیں آئی اور سب سے حیرت کی بات یہ ہوئی کہ دوران آپریشن ماسوائے چند قطروں کے خون بالکل ضائع نہیں ہوا**"...... اس ہندو ڈاکٹر نے کہا کہ ایسا ہونا اس کے لیے معجزے سے کم نہیں۔ تب ہم نے عراقی ڈاکٹر کو بتایا کہ یہ سب کچھ اللہ کے کلام اور وظائف و دعاؤں کی برکت سے ہوا ہے۔ ہم نے آیات شفاء جو کہ قرآن میں موجود ہیں اور اکثر و بیشتر روحانی رسائل و کتب میں موجود ہیں کے علاوہ بہت سے دیگر وظائف بھی پڑھے جو کہ حسب ذیل ہیں۔

يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ (ایک تسبیح)

يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ يَابَدِيْعُ (ایک تسبیح)

يَاشَافِيَ الْاَبْرَار مُقِيْمًاسَدِيْدًا (ایک تسبیح)

اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْم رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم اَنْ يَّشْفِيَنِي (ایک تسبیح)

درود شفاء (ایک تسبیح) بمع اول و آخر درود شریف۔

چونکہ یہ مضمون طوالت اختیار کر گیا ہے اس لئے باقی تفصیل پھر کبھی ضبط تحریر میں لائی جائے گی۔

بقیہ: مریض پر مسلط شدہ مخلوق کو دفع کرنے کے اعمال

روحانی تکلیف بڑھ جاتی ہے اور علاج کا کچھ فائدہ نہیں ہو گا۔

عمل نمبر ۲:

اگر مرض کا شدید حملہ ہو۔ کسی دوا سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو پیپل کے گیارہ عدد پتے لا کر مریض کے سر پر رکھ دیں اور چاروں قل شریف ایک ایک دفعہ پڑھ کر پتوں پر پھونک دیں اور سر سے پتے ہٹا کر جلا دیں۔ یہ ترکیب مسلسل گیارہ دنوں تک کریں۔ مریض دوران علاج کسی قسم کا گوشت نہ کھائے اور نہ ہی کسی مرنے والے کے گھر جائے۔

مگوں میں تقسیم زندگی

جاوید چوہدری

اس نے سب سے گندا مگ اٹھالیا، وہ مگ کو ہونٹوں تک لے کر آیا، ایک لمبا سپ لیا، آنکھیں بند کر کے طویل سانس لی اور پروفیسر صاحب کی طرف دیکھ کر بولا ''سر آپ کی کافی بہت شاندار ہے''۔ بوڑھے پروفیسر نے باقی لوگوں کی طرف دیکھا، تمام لوگوں نے مگ ہاتھوں میں اٹھا رکھے تھے اور پروفیسر کی طرف دیکھ رہے تھے۔ پروفیسر نے ان سے پوچھا ''کافی کیسی ہے؟'' تمام لوگوں نے مگوں کی طرف دیکھا اور شائستگی کے ساتھ بولے ''اچھی ہے سر''۔ پروفیسر نے پوچھا ''میٹھا کیسا ہے؟'' وہ طالب علم فوراً بولا ''مناسب ہے۔'' ایک نے ملازم کی طرف مڑ کر کہا ''مجھے دو چمچ چینی اور لا دو'' جبکہ باقی تمام لوگ کندھے اچکا کر خاموش بیٹھے رہے۔ پروفیسر نے اس کی طرف دیکھا، وہ بولا ''سر کافی میں چینی نہیں تھی اور میں پھیکی کافی پسند کرتا ہوں''۔ پروفیسر نے ستائش بھری نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔

یہ تمام لوگ زندگی میں کامیاب تھے۔ ان میں سے کچھ انجینئر تھے، کچھ ڈاکٹر تھے، کچھ بزنس مین تھے، کچھ بیوروکریٹس تھے اور دو سیاستدان تھے۔ یہ چالیس سال کے پیٹے میں تھے اور یہ زندگی میں جو کچھ کرنا چاہتے تھے، یہ کر چکے تھے لیکن اس تمام تر کامیابی کے باوجود ان کی زندگی میں کسی چیز کی کمی تھی۔ یہ مضطرب تھے، یہ بے چین تھے اور ان کی زندگی بے کیف تھی۔ یہ لوگ اک دن اکٹھے بیٹھے، انہوں نے اپنے مسائل ڈسکس کئے اور اس کے بعد فیصلہ کیا۔ یہ اپنے پروفیسر کے پاس جاتے ہیں، یہ ان سے اپنی بے کیف زندگی ڈسکس کرتے ہیں اور پروفیسر صاحب جو مشورہ دیں، یہ اس پر عمل کریں گے۔ یہ پروفیسر کے پاس پہنچ گئے۔ پروفیسر ایک مطمئن انسان تھے۔ یہ ایم اے کے بعد کالج میں لیکچرار بھرتی ہوئے، پی ایچ ڈی کی، کالج سے یونیورسٹی آئے، اپنی ایک سٹوڈنٹ کے ساتھ شادی کی، تین بچے پیدا ہوئے اور یہ مزے سے زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ سب لوگ پروفیسر صاحب کے پاس پہنچ گئے۔ پروفیسر کے پاس اس وقت ایک اور سٹوڈنٹ بھی بیٹھا تھا۔ یہ پروفیشن کے لحاظ سے فوٹو گرافر تھا اور سماجی رتبے میں ان سب سے کم تھا۔ اس کے پاس بڑی گاڑی تھی، بڑا گھر تھا اور نہ ہی لمبی چوڑی تنخواہ تھی لیکن اس کے باوجود یہ ایک خوشگوار زندگی گزار رہا تھا۔ یہ لوگ پروفیسر کو اپنے مسائل بتا رہے تھے، پروفیسر بڑے غور سے ان کی گفتگو سن رہا تھا۔ نوکر اس دوران کافی کی ٹرے لے آیا۔ ٹرے میں مختلف قسم کے مگ تھے، کوئی مگ خوبصورت تھا، کوئی قیمتی تھا، کوئی لمبا تھا اور کوئی چھوٹا تھا اور ان میں ایک مگ بدصورت اور ٹوٹا ہوا بھی تھا۔ نوکر ٹرے ایک ایک صاحب کے پاس لے جا رہا تھا اور وہ اپنی مرضی کا مگ اٹھا لیتا تھا۔ یہ ٹرے جب فوٹو گرافر کے پاس پہنچی تو اس نے بدصورت ترین مگ اٹھالیا۔ لمبا سپ لیا اور سرشاری کے عالم میں بولا ''سر آپ کی کافی بہت شاندار ہے'' جبکہ دوسرے لوگ مگ ہاتھ میں اٹھا کر چپ چاپ ایک دوسرے کی شکلیں دیکھنے لگے۔ پروفیسر نے گفتگو روک کر فوٹو گرافر سے پوچھا ''ٹرے میں ہر قسم کا مگ تھا، ٹرے میں لمبے مگ بھی تھے، شوخ رنگ والے بھی تھے اور قیمتی بھی تھے لیکن تم نے ان میں سے بدصورت اور ٹوٹا ہوا مگ کیوں پسند کیا؟'' فوٹو گرافر نے مسکرا کر پروفیسر کی طرف دیکھا اور بولا ''سر لیکن کافی تو سب میں ایک جیسی تھی''۔ پروفیسر کے چہرے پر مسکراہٹ آ گئی۔ فوٹو گرافر نے اپنے مگ کی طرف اشارہ کیا اور اس کے بعد ڈاکٹر صاحب کی طرف اشارہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب کے ہاتھ میں سب سے شاندار مگ تھا۔ اس نے اس کے بعد ملک صاحب، مہر صاحب اور چوہدری صاحب کے مگوں کی طرف اشارہ کیا۔ ان سب کے مگ بھی شوخ، خوبصورت اور قیمتی تھے۔ اور اس کے بعد اس نے پروفیسر صاحب کے مگ طرف اشارہ کیا اور بولا ''جناب ہم سب کے مگ مختلف ہیں لیکن ان میں ایک چیز کامن (common) ہے اور وہ چیز کافی ہے''۔ وہ رکا اور اس کے بعد بولا ''اگر ہم مگوں میں سے کافی نکال دیں تو یہ تمام مگ بے معنی ہو جائیں گے، یہ مگ کتنا ہی خوبصورت، قیمتی اور شاندار کیوں نہ ہو، ہم اسے اٹھانا پسند نہیں کریں گے''۔ وہ رکا اور دوبارہ بولا ''ہم نے جب کافی ہی پینی ہے تو پھر مگ کا سائز، رنگ اور برانڈ کی کیا حیثیت ہے۔ چنانچہ میں نے وہ مگ اٹھالیا جس کی طرف ان میں

سے کوئی شخص ہاتھ نہیں بڑھا رہا تھا''۔ وہ خاموش ہو گیا۔ پروفیسر نے قہقہہ لگایا اور تمام لوگوں کو مخاطب کر کے بولا ''تم سب کا یہی مسئلہ ہے، تم زندگی میں ''بیسٹ ون'' کی تلاش میں رہتے ہو، تم سب کو شہر کی خوبصورت خاتون چاہئے، تمہیں قیمتی ترین گاڑی چاہئے، تمہارا بینک بیلنس بھی ''سیون ڈیجٹ'' میں ہونا چاہئے، تمہارا گھر بھی شاندار ہونا چاہئے اور تمہیں سٹیٹس، اختیار اور عزت میں بھی منفرد ہونا چاہئے چنانچہ تم زندگی کی ٹرے سے ہمیشہ بیسٹ مگ اٹھاتے ہو اور یہ بھول جاتے ہو تم یہ مگ اٹھا کیوں رہے ہو کیونکہ جب مگ ہاتھ میں آتا ہے اور تمہیں لذت محسوس نہیں ہوتی تو تم حیرانی سے دائیں بائیں دیکھتے اور تمہیں زندگی بے کیف سی محسوس ہونے لگتی ہے''۔ پروفیسر صاحب نے فوٹو گرافر کی طرف دیکھا اور بولے ''لیکن یہ شخص زندگی کو سمجھ گیا ہے، یہ زندگی کے ریپر، زندگی کے لیبل اور شوخ و شنگ رنگوں کی طرف نہیں جاتا، یہ مگ کے اندر موجود زندگی کی لذت کو محسوس کرتا ہے۔ لہٰذا اس کے پاس کچھ بھی نہیں لیکن یہ اس کے باوجود خوش بھی ہے اور مطمئن بھی''۔

میں نے یہ واقعہ برسوں پہلے سیلف ہیلپ سیریز کی کسی کتاب میں پڑھا تھا اور یہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے میرے ذہن کی دیواروں سے چپک گیا اور میں نے اس کے بعد جب بھی کوئی مگ اٹھایا تو کافی کی خوشبو، جھاگ اور اس سے اٹھتی ہوئی مسرت کو دیکھ کر اٹھایا۔ اس کے رنگ روغن اور سائز پر توجہ نہیں دی۔ ہماری زندگی بے شمار مگوں میں تقسیم ہوتی ہے۔ ہمارے مکان ایک مگ ہیں، ہمارے دفتر، ہماری جابز، ہماری گاڑیاں، ہمارے سماجی تعلقات، ہمارے معاشرتی مرتبے اور ہمارے بیوی اور بچے یہ بھی مگ ہیں۔ اور ہم لوگ اکثر اوقات مگوں کا رنگ روغن، قد کاٹھ، قیمت اور معیار دیکھ کر انہیں پسند یا ناپسند کرتے ہیں۔ ہم میں سے کوئی شخص ان مگوں کے اندر جھانک کر نہیں دیکھتا۔ ہم میں سے کوئی نہیں دیکھتا ان مگوں کے اندر کافی بھی ہے یا یہ خالی ہیں۔ اور اگر کافی ہے تو اس کی مقدار کتنی ہے، اس کا ذائقہ کیسا ہے اور یہ بنی کیسی ہے؟ خوشی ہمارے کپ، ہمارے مگ کی کافی ہوتی ہے اور ہم اس خوشی کیلئے مگوں کے درمیان ٹھڈے کھاتے ہیں اور ہم مگوں اور کپوں کے درمیان ٹھڈے کھاتے ہوئے ہمیشہ خوشی کے عنصر کو بھول جاتے ہیں۔ ہمیں بڑی گاڑی چاہئے۔ ضرور لینی چاہئے لیکن کیا یہ گاڑی ہمیں خوشی بھی دے گی، ہم نے یہ کبھی نہیں سوچا، ہمیں اگر بڑی گاڑی کے بعد خوشی ملتی ہے تو ہمیں یہ گاڑی ضرور خریدنی چاہئے۔ اسی طرح ہمارا سوشل سرکل وسیع، شاندار اور مضبوط ہونا چاہئے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا یہ سوشل سرکل ہمیں خوشی دے رہا ہے؟ اگر ہاں تو ہمیں اس سرکل کو مزید سے مزید پھیلانا چاہئے اور اگر ہم شاندار، طاقتور اور مضبوط لوگوں کے درمیان بیٹھ کر بھی اداس، پریشان اور کنفیوژ ہیں تو پھر ہمیں اس سرکل سے فوراً نکل جانا چاہئے۔ اور اگر ہمارا کام، ہماری جاب اور ہمارا بزنس بھی ہمیں خوشی اور اطمینان نہیں دے رہا تو پھر ہمارا سیون ڈیجٹ اکاؤنٹ، ہماری فیکٹریاں اور ہماری ترقیاں بھی بے معنی ہیں۔ لہٰذا ہمیں یہ کپ بھی واپس ٹرے میں رکھ دینا چاہئے۔ ہم لوگ اگر زندگی میں خوشی دیکھ کر فیصلے کریں تو ہمارا ہر مگ ہمیں مسرت اور اطمینان دے گا لیکن اگر ہم مگوں کا رنگ، روغن، معیار، برانڈ اور قیمت دیکھ کر فیصلہ کرتے ہیں تو زندگی کا ہر مگ ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ اداس اور پریشان کر جاتا ہے۔ پروفیسر کا فوٹو گرافر شاگرد، ان کے تمام کامیاب شاگردوں کے مقابلے میں زیادہ سمجھدار تھا۔ وہ زندگی کی سب سے بڑی حقیقت کو سمجھ گیا تھا اور یہ ہمیشہ کافی دیکھ کر مگ اٹھاتا تھا، مگ کی شکل دیکھ کر نہیں۔ چنانچہ یہ کچھ نہ پا کر بھی خوش تھا جبکہ دوسرے لوگوں نے زندگی کے خوبصورت ترین مگ اٹھا رکھے تھے، مگر سب کچھ حاصل کر کے بھی اداس تھے۔

بقیہ : اولاد کی سرزنش اور تربیت کے طریقے

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اے مومنو! خود کو اور اپنے اہل عیال کو آتش دوزخ سے بچاؤ'' (التحریم ۶)

اس آیت کے تقاضوں کو یوں پورا کیا جا سکتا ہے کہ جن لوگوں پر اولاد کی تربیت اور دیکھ بھال کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، انہیں چاہئے کہ وہ اپنی اس ذمہ داری کو کما حقہ پورا کریں اور رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد کا عملی نمونہ پیش کریں: ''مرد اپنے گھر میں نگہبان ہے اور اس سے اس کے بارے میں پوچھا جائے گا''۔ (بخاری و مسلم)

اولاد کی سرزنش اور تربیت کے طریقے

مولانا عبد المعبود صاحب مدظلہٗ

سرزنش میں احتیاط

والدین کو چاہئے کہ اپنے بچوں کی تربیت واصلاح میں ایسے انداز اور طریقے اختیار کریں جو سرورِ دوعالم ﷺ نے صحابہؓ کی تربیت کے لئے اختیار فرمائے تھے۔ آپ ﷺ تربیتی طریقوں میں دانائی اور حکمت کو پیش نظر رکھتے تھے۔ آپ ﷺ ایسے الفاظ اور روش اختیار کرنے سے گریز فرماتے جس سے مخاطب کی دل شکنی ہو یا کوئی غلط تاثر قبول کرلے۔ اس میں بے اطمینانی کی کیفیت پیدا ہو یا وہ کسی غلط عمل کا مرتکب ہوجائے۔

یوں ہی اگر کسی بچے سے کوئی غلطی سرزد ہوجائے تو والدین اسے سب بچوں کے سامنے ڈانٹ ڈپٹ نہ کریں، بلکہ علیحدگی میں مثبت انداز میں نہایت دل سوزی اور محبت سے سمجھائیں تاکہ نہ تو اس کے جذبات کو ٹھیس پہنچے اور نہ ہی وہ احساسِ کمتری کا شکار ہو۔

سفرِ حج میں حضرت فضل بن عباسؓ حضور انور ﷺ کی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک عورت آپ ﷺ سے کوئی مسئلہ پوچھنے آئی۔ وہ عورت حضرت فضلؓ کو دیکھنے لگی اور حضرت فضل رضی اللہ عنہ اسے دیکھنے لگے۔ حضور انور ﷺ نے اپنے ہاتھ سے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کا چہرہ دوسری طرف کردیا۔

(صحیح بخاری، ج ۱ ص ۲۰۵ کتاب المناسک)

اس موقع پر زبان سے کوئی بات کہنا مصلحت وحکمت کے خلاف تھا۔ دونوں میں سے کسے مخاطب کیا جائے؟ کن الفاظ کا استعمال کیا جائے؟ اگر نہایت احتیاط کے ساتھ الفاظ استعمال کئے جاتے، تب بھی جذبہ خودداری کو ٹھیس لگنے کا اندیشہ تھا۔ لہٰذا حضور انور ﷺ نے نہایت حکیمانہ طریقہ اختیار فرمایا۔

ٹی وی کی تباہ کاریاں

گھروں میں تفریح کا بڑا کام اب ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر گیمز سے لیا جاتا ہے۔ بعض والدین تو بچوں کی تربیت کا کام بھی ٹی وی کے سپرد دیتے ہیں۔ بچے ہر دوسرے کام اور ماحول سے بے نیاز گھنٹوں ٹی وی پروگراموں کو بیٹھے دیکھتے رہتے ہیں۔ فی الواقع تفریحی پروگراموں میں سب سے زیادہ نقصان دہ، ٹی وی پروگرام مزاحیہ ہیں۔ یہ وقت زیادہ لیتے ہیں اور اس دوران بچوں کی نگرانی بھی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ والدین مطمئن رہتے ہیں کہ بچے ان کی آنکھوں کے سامنے گھر کی چار دیواری میں محفوظ ہیں۔ وہ اس بات سے قطعی بے خبر ہیں کہ اس دوران ننھے منے ذہنوں پر کیا اثرات مرتب ہورہے ہیں؟ ان کی شخصیت کس سانچے میں ڈھل رہی ہے؟ ٹی وی پروگرام بچے پر مثبت اور منفی، دونوں قسم کے اثرات ڈالتے ہیں۔

اولاد کے بگاڑ میں جنسی فلموں اور جرائم سے بھرپور فلموں کا بھی ہاتھ ہوتا ہے جو نوعمر لڑکے اور لڑکیوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بدکار، مجرم، بداخلاق اور ذہنی انحطاط کا شکار بنادیتی ہیں۔ آج کل سینما ہالوں اور ٹیلی ویژن اسکرین پر جو جاسوسی کے کارنامے اور بے حیائی کے مناظر دکھائے جاتے ہیں، ان کا بچوں پر اچھا اثر کبھی بھی مرتب نہیں ہوسکتا۔ گندے رسالے، ناول اور جنس کو بھڑکانے والے غلیظ افسانے وغیرہ نوعمر لڑکے اور لڑکیوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تباہ اور برباد کردیتے ہیں۔ ان سب میں جنس، جذبات، اخلاقی بے راہ روی اور جرائم کاری کا مواد بھرا ہوا ہے، جنہیں پڑھ لینے کے بعد بچے تو کیا، بڑے لوگوں کے اخلاق بھی بگڑ جاتے ہیں۔

اس لحاظ سے اسلام کے نقطۂ نظر کے مطابق، والدین کی ذمہ داری اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ ان کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت صحیح خطوط پر کریں اور ان کے حقوق کو پورا کریں۔

اولاد کو گندی فلموں اور گندے ناولوں سے بچانا، والدین کے فرائض میں شامل ہے۔ ان پر یہ فرض ہے کہ خود کو اور اپنی اولاد کو ہر ایسے کام سے بچائیں جو خدا کے غضب اور دخولِ جہنم کا سبب ہو۔ (بقیہ ص 48)

دل کا راز معلوم کرنا

نیند کے عالم میں معمول سے اس کا سب قلبی راز پوچھ سکتے ہیں بعد میں اسے کہہ دیں کہ ”جو کچھ آپ سے پوچھا گیا ہے، جاگنے پر آپ کو قطعی یاد نہ رہے گا“۔

بے حسی پیدا کرنا

معمول کو خوب غافل کردیں اور اسے کہہ دیں کہ اس کے بازو میں قوت لامسہ نہیں ہے یا بازو کے کسی مقام پر پنسل سے گول نشان لگا دیں اور کہیں کہ اس مقام کو میں نے سُن کر دیا ہے۔ اس مقام پر اب کوئی تکلیف محسوس نہ ہوگی۔ اس کے بعد آپ اس مقام پر سوئی سالم کی سالم چبھو دیں گے تب بھی اس کو درد محسوس نہ ہوگا۔ کسی عضو کا آپریشن کرنا مطلوب ہو تو ایک اور تکنیک برتیئے۔ مریض کو گہری نیند میں مبتلا کر کے خالی رومال معمول کے ناک کے قریب لے جایئے اور اسے کہیے کہ تمہیں کلوروفارم سنگھایا جا رہا ہے، اب تم بالکل بے ہوش ہو جاؤ گے اور آدھ گھنٹہ تک مطلقاً بے ہوش رہو گے۔

اس کے بعد معمول یقیناً کلوروفارم کے نشے میں آجائے گا، اس حالت میں اس کا ہر چھوٹا بڑا آپریشن آسانی سے ہوسکتا ہے۔

ٹیلیفون پر ہپناٹائز کرنا

اس مشق کے واسطے ایسے شخص کو تلاش کریں جس پر آپ پہلے کئی بار عمل کر چکے ہوں۔ معمول سے کہیں کہ ٹیلیفون کا ریسیور کان سے لگا کر کرسی پر بیٹھ جائے۔ (اگر کھڑا رہے گا تو متاثر ہو کر گر پڑے گا)

پھر اسے وثوق سے کہیں کہ ایک منٹ کے اندر اندر وہ گہری نیند میں ڈوب جائے گا۔

اب آپ کا سر بھاری ہو رہا ہے
اب آپ پر نیند کا غلبہ ہے
اب آپ سو جانا چاہتے ہیں
آپ سو رہے ہیں
آپ سو چکے ہیں
آپ گہری نیند سو چکے ہیں، سخت گہری نیند

ڈاک کے ذریعہ ہپناٹائز کرنا

اس تجربہ کے لئے کسی ایسے شخص کو منتخب کریں جس پر آپ ۲، ۳ بار عمل تنویم کر چکے ہوں اور جو آپ سے بہت زیادہ متاثر ہو۔ ایک کاغذ کے ٹکڑے پر جلی حروف میں لکھیں

چند سکینڈ میں آپ سو جائیں گے
تمہارے سر میں گرانی ہے، تم سو رہے ہو، تم سو چکے ہو

”شاد گیلانی“ ...... اپنا نام جلی حروف میں لکھیں تاکہ آپ کے نام سے متاثر ہو کر وہ فی الفور ہپناٹائز ہو جائے۔

جانوروں کو متاثر کرنا

جانوروں کی آنکھوں میں گھور کر دیکھئے، کم از کم 15 منٹ تک ...... (مگر یہ مشق وہی کر سکتا ہے جس نے آنکھوں کی مشقوں پر عبور حاصل کرلیا ہو) اس کے بعد اس کے نتھنے پکڑ کر سر نیچے کی طرف کھینچئے اور لمبے لمبے سانس لے کر اس کے کان میں پھونکیئے، یہ عمل ۲، ۳ بار کرنے سے وہ جانور آپ کے تابع ہو جائے گا، جدھر آپ جائیں گے وہ آپ کے پیچھے پیچھے دوڑے گا۔

درندوں پر بھی یہ عمل ہوسکتا ہے، اگر آپ درندوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر 5 منٹ تک دیکھ لیں گے تو درندہ آپ پر کبھی حملہ نہ کر سکے گا۔

یہ ساری باتیں آنکھوں کی بے پناہ مقناطیسی قوت حاصل کرنے کے بعد ہی حاصل ہوسکتی ہے۔

عرصہ تک غافل رکھنا

معمول پر خواب غفلت طاری کردیں۔ اسے کہہ دیں کہ آپ چار دن رات غفلت کی نیند سوتے رہیں گے اور اس دوران نہ آپ کو بھوک لگے گی نہ پیاس اور نہ ہی کمزوری ہوگی۔

پھر ہر روز دن میں ۴ بار اسے یہی ہدایت کرتے رہیں کہ تم خواب غفلت میں فلاں دن تک سوتے رہو گے۔ اس دوران نہ بھوک لگے نہ پیاس اور کمزوری بھی نہ ہوگی۔ یقین کیجئے کہ ایسا ہوگا اور معمول مدت معینہ تک بلاشبہ خواب غفلت میں رہے گا اور اسے کوئی نقصان بھی نہ پہنچے گا۔

خاندان کی خوشی کا راز......اپنے ساس سُسر کے ساتھ اَن بَن سے نپٹنا

مہناز نگہت (انڈیا)

جینی کہتی ہے: مائیکل کی ماں مجھے نیچا دکھانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتی۔ دوسری طرف میرے ماں باپ بھی میرے شوہر کو بالکل پسند نہیں کرتے۔ وہ اُس کے ساتھ بہت بُری طرح پیش آتے ہیں۔ اسی لئے ہم دونوں ایک دوسرے کے والدین کے ساتھ ملنے سے گھبراتے ہیں۔

مائیکل کہتا ہے: میری ماں کا خیال تھا کہ کوئی بھی اور عورت اُس کے بچوں کی اچھی طرح دیکھ بھال نہیں کر سکتی۔ اِس لئے اُس نے پہلے دن سے ہی میری بیوی جینی میں نقص نکالنے شروع کر دیئے۔ جینی کے ماں باپ بھی میرے ساتھ ایسا ہی کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ مجھے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مَیں اور جینی اپنے اپنے ماں باپ کی طرفداری کرتے اور ایک دوسرے کو جلی کٹی سناتے تھے۔

ساس سُسر کے ساتھ اَن بن کو اکثر مزاحیہ انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔ مگر حقیقت میں یہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ انڈیا کی ایک خاتون رینا بیان کرتی ہے: "میری ساس کئی سال تک ہم میاں بیوی کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش کرتی رہی۔ مَیں اپنی ساس کو تو کچھ نہیں کہہ سکتی تھی، اِس لئے اپنا سارا غصہ اپنے شوہر پر نکال دیتی تھی۔ میرا شوہر ہمیشہ اسی کشمکش میں رہتا تھا کہ ایک اچھا شوہر بن کر بیوی کا ساتھ دے یا پھر ایک اچھے بیٹے کا فرض نبھائے اور اپنی ماں کا ساتھ دے۔"

مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بعض ساس سُسر اپنے شادی شُدہ بچوں کی زندگی میں دخل اندازی کیوں کرتے ہیں؟ اس مضمون کے شروع میں جینی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اُس کے خیال میں اِس مسئلے کی ایک وجہ یہ ہے کہ "ساس سُسر کو یہ بات ایک آنکھ نہیں بھاتی کہ اُن سے عمر اور تجربے میں کم کوئی شخص آ کر اُن کے بیٹے یا بیٹی کی ذمہ داری سنبھال لے"۔ اِس سلسلے میں رینا کا شوہر دلیپ کہتا ہے کہ "بہت سی تکلیفیں اُٹھا کر اپنے بچوں کو پالنے والے ماں باپ یہ محسوس کرنے لگتے ہیں کہ اب اُن کی کوئی وقعت نہیں رہی۔ اُنہیں یہ فکر ستاتی ہے کہ اُن کا بیٹا یا بیٹی ابھی ناسمجھ ہے۔ اِس لئے اُسے ازدواجی زندگی کے مسائل سے نپٹنا نہیں آتا"۔

لیکن سچ تو یہ ہے کہ بعض اوقات شوہر اور بیوی خود ہی ساس سُسر کو اپنے معاملے میں مداخلت کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اِس سلسلے میں آسٹریلیا کے رہنے والے مائیکل اور لیانہ کی مثال پر غور کریں۔ مائیکل بیان کرتا ہے: "لیانہ کے خاندان کے سبھی افراد ایک دوسرے کے بہت قریب تھے اور ہر معاملے پر آپس میں کُھل کر بات کرتے تھے۔ ہماری شادی کے بعد بھی لیانہ ضروری فیصلے کرنے کے لئے میری بجائے اکثر اپنے باپ سے مشورہ لیتی تھی۔ اگرچہ اُس کا باپ اچھا مشورہ دیتا تھا تو بھی مجھے یہ بات بالکل پسند نہیں آتی تھی کہ جو فیصلے ہم دونوں کو مل کر کرنے چاہئیں، وہ اُن کے لئے کسی اَور کے پاس جائے"۔

واقعی ساس سُسر کے ساتھ اَن بن ازدواجی بندھن کو خطرے میں ڈال دیتی ہے۔ کیا آپ بھی کسی ایسے ہی مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں؟ آپ اپنے ساس سُسر کے ساتھ کیسے گزارہ کر رہے ہیں؟ آئیں دو حالتوں کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ آپ اِن سے کیسے نپٹ سکتے ہیں۔

پہلی صورتحال

آپ کا جیون ساتھی اپنے ماں باپ سے بہت پیار کرتا ہے۔ سپین کا رہنے والا لوئس نامی شوہر کہتا ہے: "میری بیوی کا خیال تھا کہ اگر ہم اُس کے والدین سے کہیں دُور گھر لے کر رہیں گے تو اِس سے ظاہر ہوگا کہ وہ اُن سے محبت نہیں کرتی۔ لیکن جب میرے والدین ہمارے بیٹے کی پیدائش

کے بعد ہر روز اُسے ملنے آتے تھے تو میری بیوی بہت ناراض ہوتی تھی۔ اِسی بات کو لے کر ہم میں اکثر جھگڑا ہوتا تھا۔"

قابلِ غور بات: ازدواجی بندھن میں بندھنے کے بعد شوہر اور بیوی ایک نیا خاندان بناتے ہیں جو اُن کے ماں باپ کے خاندان سے بالکل الگ ہوتا ہے۔ اِس کے باوجود شوہر اور بیوی دونوں کو اپنے والدین کی عزت کرنی اور اُن کو توجہ دینی چاہئے۔ لیکن اگر آپ کو محسوس ہوتا ہے کہ آپ کا جیون ساتھی آپ سے زیادہ اُن کو توجہ دیتا ہے تو پھر آپ کیا کر سکتے ہیں؟

آپ کیا کر سکتے ہیں؟: اِس صورتحال پر دانشمندی سے غور کریں۔ کیا واقعی آپ کا جیون ساتھی اپنے ماں باپ سے بہت پیار کرتا ہے جب کہ آپ اپنے ماں باپ کے اتنے قریب نہیں ہیں؟ اگر ایسا ہے تو یہ بات اِس صورتحال پر کتنا گہرا اثر کرتی ہے؟ کیا آپ حسد کرنے لگے ہیں؟

اِن سوالوں کے جواب دینے کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ صاف دِلی سے اپنا جائزہ لیں۔ اگر ساس سُسر کی وجہ سے آپ دونوں میں اکثر جھگڑا ہوتا ہے تو دراصل آپ کے ساس سُسر نہیں بلکہ آپ کی اپنی شادی شُدہ زندگی میں کوئی مسئلہ ہے۔

شادی میں اکثر مسائل کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ شوہر اور بیوی معاملات کو ایک نظر سے نہیں دیکھتے۔ کیا آپ مسائل کو اپنے ساتھی کی نظر سے دیکھنے کی کوشش کر سکتے ہیں؟ میکسیکو میں رہنے والے آڈریان نامی شوہر نے ایسا ہی کیا۔ وہ کہتا ہے کہ "میری بیوی کے والدین کے گھر کا ماحول اچھا نہیں تھا۔ اِس لئے مَیں اپنے ساس سُسر سے زیادہ میل جول نہیں رکھتا تھا۔ ایک وقت آیا کہ مَیں نے اُن کے ساتھ تعلقات بالکل ہی ختم کر دیئے۔ اِس سے ہم دونوں میاں بیوی میں جھگڑے ہونے لگے کیونکہ میری بیوی اپنے خاندان، خاص طور پر اپنی ماں کو چھوڑنا نہیں چاہتی تھی۔"

آخرکار آڈریان کو اِس مسئلے کا مناسب حل مِل گیا۔ وہ بیان کرتا ہے: "مَیں جانتا ہوں کہ میری بیوی کا اپنے والدین سے زیادہ میل جول اُس پر بُرا اثر ڈالتا ہے لیکن اگر مَیں اُسے اُن سے بالکل ہی نہ ملنے دوں تو اِس سے اَور بھی زیادہ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا، مَیں نے اپنے ساس سُسر کے ساتھ مناسب تعلقات قائم رکھنے کی کوشش کی ہے۔"

عملی مشورہ: آپ دونوں مل کر لکھیں کہ آپ کو ساس سُسر کے سلسلے میں کون سے بنیادی مسائل کا سامنا ہے؟ آپ کچھ ایسے شروع کر سکتے ہیں "میرا خیال ہے کہ۔ ۔ ۔ " اِس کے بعد اپنے صفحے ایک دوسرے کو دے دیں۔ اب دونوں مل کر سنجیدگی سے غور کریں کہ آپ اِن مسائل کو کیسے حل کر سکتے ہیں؟

دوسری صورتحال

آپ کے ساس اور سُسر ہمیشہ آپ دونوں کی زندگی میں دخل اندازی کرتے اور آپ کی مرضی کے بغیر ہی مشورے دیتے رہتے ہیں۔ قازقستان سے نیلہ نامی ایک عورت کہتی ہے کہ "شادی کے پہلے سات سال ہم اپنے سُسرال والوں کے ساتھ رہے۔ میرے ساس سُسر ہمیشہ اِس بات پر جھگڑا کرتے تھے کہ ہم اپنے بچوں کی صحیح طرح دیکھ بھال نہیں کرتے۔ اِس کے علاوہ اُنہیں میرا کھانا پکانا اور صفائی کرنا بھی پسند نہیں تھا۔ مَیں نے اپنے شوہر اور ساس سُسر سے اِس مسئلے پر بات کی مگر جھگڑا مزید بڑھ گیا۔"

قابلِ غور بات: شادی کے بعد آپ اپنے ماں باپ کے اختیار کے تحت نہیں رہتے۔ لیکن ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ شوہر اور بیوی دونوں کو والدین کی عزت کرنی چاہئے۔ لیکن اگر آپ کے والدین یا پھر ساس سُسر زبردستی اپنی بات منوانے کی کوشش کرتے ہیں تو آپ کیا کریں گے؟

آپ کیا کر سکتے ہیں؟: ٹھنڈے دماغ سے یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ اُن کے دخل اندازی کرنے کی وجہ کیا ہے؟ اِس مضمون کے شروع میں ہم نے مائیکل کے بارے میں پڑھا تھا۔ وہ اِس سلسلے میں بیان کرتا ہے: "بعض اوقات والدین محض یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ بچوں کو ابھی بھی اُن کی ضرورت ہے۔" پس کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا ہے کہ والدین جان بوجھ کر مداخلت نہیں کرتے۔ لہٰذا اِس نصیحت پر عمل کرنے سے اِس مسئلے پر قابو پایا جا سکتا ہے کہ "اگر کسی کو دوسرے سے شکایت ہو تو ایک دوسرے کی بات برداشت کرے اور ایک دوسرے کے قصور کو معاف کرے۔"

تاہم، اگر ساس سُسر کی مداخلت کی وجہ سے آپ دونوں میاں بیوی میں جھگڑا ہونے لگتا ہے تو پھر کیا کیا جانا چاہئے؟

بعض شادی شُدہ جوڑے سمجھ گئے ہیں کہ اُنھیں اپنے والدین کو کس حد تک مداخلت کرنے کی اجازت دینی چاہئے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ والدین کو اپنے ذاتی معاملات میں بولنے سے بالکل ہی منع کر دیں۔ اکثر آپ اپنی بات چیت یا کاموں سے یہ ظاہر کر سکتے ہیں کہ آپ کا جیون ساتھی آپ کی زندگی میں کتنی زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور، جاپان سے ماسایوکی نامی ایک شوہر کہتا ہے: "اگر والدین اپنی سوچ کا اظہار کرتے بھی ہیں تو فوراً اُن سے متفق نہ ہو جائیں۔ یاد رکھیں کہ آپ ایک نئے خاندان کی بنیاد ڈال رہے ہیں۔ اِس لئے پہلے یہ جاننے کی کوشش کریں کہ آپ کا ساتھی اُن کے مشورے کے بارے میں کیسا محسوس کرتا ہے؟"

عملی مشورہ: اپنے ساتھی کے ساتھ بات کریں کہ کس طرح والدین کی طرف سے مداخلت اُن کی شادی شُدہ زندگی میں لڑائی جھگڑے کا باعث بن رہی ہے۔ ایک بار پھر دونوں مل کر بیٹھیں اور لکھیں کہ آپ کن حالات میں اُنھیں مداخلت کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ آپ جو بھی فیصلہ کرتے ہیں اُس پر قائم رہیں۔ لیکن یہ سب کچھ کرتے وقت اپنے والدین کے ساتھ احترام سے پیش آنا کبھی نہ بھولیں۔

ساس سُسر کے جذبات کو سمجھنے سے بھی بہت سے جھگڑوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، اُن کے ساتھ نااتفاقی کو اپنی ازدواجی زندگی میں خرابی پیدا کرنے کی اجازت ہرگز نہ دیں۔ اِس سلسلے میں جینی بیان کرتی ہے: "بعض اوقات ہم دونوں میاں بیوی اپنے والدین کو لے کر بہت جذباتی ہو جاتے تھے۔ یہ بات صاف ظاہر تھی کہ اپنے اپنے والدین کی خامیوں کے بارے میں بات چیت کرنا ہم دونوں کے لئے بہت ہی تکلیف دہ تھا۔ لہٰذا، اپنے لڑائی جھگڑوں پر قابو پانے کے لئے سب سے پہلے ہم نے ایک دوسرے کو اپنے ساس سُسر کی کمزوریوں کے طعنے دینا بند کر دیئے۔ اِس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہم دونوں ایک دوسرے کے بہت قریب آ گئے ہیں"۔

اہم نوٹ

- ......نام بدل دیئے گئے ہیں۔
- ......اگر والدین کسی طرح کی سنگین بدچلنی میں پڑ گئے ہیں اور وہ اسے چھوڑنا نہیں چاہتے تو اس سے خاندانی تعلقات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں بہتر ہوگا کہ اُن کے ساتھ کم سے کم میل جول رکھیں۔
- ......بعض اوقات آپ کو اپنے والدین یا ساس سُسر کے ساتھ کُھل کر بات کرنی پڑ سکتی ہے۔ ایسی صورت میں نرم لہجے میں بات کریں اور عزت واحترام سے پیش آئیں۔

خود سے پوچھیں

- ......میرے ساس سُسر میں کونسی اچھی خوبیاں ہیں؟
- ......میں اپنے جیون ساتھی کو نظر انداز کئے بغیر کیسے اپنے والدین کو عزت دے سکتا ہوں؟

اقوالِ زریں

❖ . . . خالی پیٹ شیطان کا قید خانہ ہے اور بھرا ہوا پیٹ اس کا اکھاڑا ہے۔ (حضرت حسن بصری رحمہ اللہ)

❖ . . . حکومت اور عورت کی محبت کو چھوڑنا، صبر سے زیادہ کڑوا ہے۔ (حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ)

❖ . . جو کام تو کرتا ہے، اس کے کرنے سے پہلے شریعت کا حکم معلوم کرلیا کر۔ (ندائے غیب)

❖ . . . جس گھر میں قرآن مجید پڑھا جاتا ہے، فرشتوں کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح زمین والوں کو ستارے دکھائی دیتے ہیں۔ (حدیث حسان)

❖ . . . دوست اس کو سمجھ جو تنہائی میں تیرے عیب تجھ پر ظاہر کر کے تجھے تنبیہ کرے۔ اور تیرے پیچھے لوگوں میں تعریف کرے اور مصیبت میں تیری ہمراہی کرے۔ (خلیفہ مامون الرشید رحمہ اللہ)

(محمد عارف)

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے اور ناکامیوں اور شروروں سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کیلئے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں

لوح شرف مریخ

لوح شرف مریخ حصول قوت و شجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔

لوح شرف مریخ مقدمات میں فتح یابی، دشمنان سے تحفظ اور فتح و نصرت کے لئے بڑی کار آمد ہے۔ جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے۔ یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ سے دشمنی و خصومت چلی آرہی ہے۔ یا کسی کو کسی دشمن کا خوف و اندیشہ ہے۔ یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے۔ یا کسی بڑی جماعت پر فتح یابی مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح پانا ہے تو ان تمام مقاصد کے لیے لوح شرف مریخ نہایت قوی الاثر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل و خوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پاسکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ امراض میں لقوہ۔ قولنج۔ رعشہ اور بلغمی مزاج کیلئے بھی مفید ہے۔ ان شاء اللہ

لوح شرف مشتری

حصول مال و دولت اور اسباب مال کیلئے..... خواتین و حضرات کے لیے یکساں مفید

انتہائی سعد اور پر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔

اسے دیکھیے، اسے پہنیے اور تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے، پہنے رہیے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے جو اسباب بھی کریں گے ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اس لوح میں حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ہے جو قرآن پاک میں ہے۔

ترجمہ: "اے اللہ مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے"۔ اگر آپ دولت مند بننا چاہتے ہیں تو اسے پاس رکھیں اور یہ دعا پڑھتے رہیں۔ اس اقتصادی بدحالی کے دور میں اسے اپنے پاس رکھیے ورنہ حال کے تقاضوں کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔

ہدیہ فی لوح 3500 روپے علاوہ کوریئر چارجز

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور

042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877 darulamal.org/ruhanishop

روحانی طلسماتی تیل

(خاص الخاص دم شدہ)

۞ جسم میں کہیں بھی درد ہو ۞ اکڑاؤ ہو ۞ چوٹ لگ گئی ہو ۞ ورم آگیا ہو ۞ جوڑوں میں درد ہو ۞ ریاحی دردیں ہوں ۞ پٹھوں میں درد ہو ۞ بچے یا بڑے کی پسلیوں میں درد ہو ۞ پنڈلیوں میں درد ہو ۞ اعصابی درد ہو ۞ سردی کی وجہ سے درد ہو ۞ ہڈیوں میں درد ہو ۞ موچ آگئی ہو۔

غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو...... دار العمل چشتیہ کا تیار کردہ روحانی طلسماتی تیل ضرور آزمائیں ان شاء اللہ آپ کو یقینی فائدہ ہوگا۔

روحانی حل: جنات کے حاضری کے مریض / جادو کے مریض / جسمانی دردوں (جوڑوں کے درد) / دماغی اثرات وغیرہ کے لئے نسخہ اکسیر۔

قیمت: 200 روپے (110 ML)

روحانی دکان: 042-3503371, 0322-4773786
darulamal.org/ruhanishop

آلۂ یکسوئی

حضرت انسان علم الخیال کی اتھاہ گہرائیوں کو سمجھنے کی کوشش صدیوں سے کر رہا ہے مگر جن علماء نے قوت خیال کو سمجھ لیا، انہوں نے بہت سے علوم کی بنیاد رکھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ تمام روحانی علوم میں قوت خیال ہی کلید اعظم ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ قوت خیال تمام دنیاوی طاقتوں سے زبردست طاقت ہے۔ اجتماع خیالات سے ہی قوت ارادی اور تصور پختہ ہوتا ہے۔ پوشیدہ قلبی طاقتوں میں کامل عروج حاصل کرنے کے لیے خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کے بغیر یکسوئی کی مخفی طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔ قیام نگاہ ہی اصل راز ہے۔

آلہ یکسوئی بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کر دیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی براہ راست ہم سے طلب فرمائیں۔ طریقہ استعمال تفصیلاً ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔

قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ قیمت بذریعہ کوریئر 950 روپے

منگوانے کا پتہ: روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور

رابطہ: 042-35033371, 0322-4773786

میگنٹ تھراپی

حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

میگنٹ تھراپی ایک ایسا مؤثر طریقہ علاج ہے، جس میں ادویات کے بغیر صرف مقناطیس کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے۔ میگنٹ تھراپی کے ذریعے جسمانی اور نفسیاتی امراض کا علاج بھی ممکن ہے۔ میگنٹ تھراپی کے کئی طریقے ہیں۔ مثلاً مختلف امراض کے علاج کے لئے جسم کے مختلف حصوں پر نہایت چھوٹے مقناطیس، آکوپنکچر پوائنٹس پر چپکا کر مرض کا علاج کیا جاتا ہے۔ جسم انسانی کے قریب لاکر یا پھر مقناطیسی اثرات کو کسی دوسرے غیر حیاتی مادہ میں جذب کرکے مثلاً مقناطیسی آبِ حیات کے ذریعے یا مقناطیسی دودھ کے ذریعے وغیرہ۔ یہ طریقہ علاج بھی بہت مقبول ہے۔ انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز میں میگنٹ تھراپی کی باقاعدہ کلاسز ہوتی ہیں۔

میگنٹ کیا ہے؟

میگنٹ دراصل ایک ایسا دھاتی ٹکڑا ہے جس کے دونوں کنارے ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں۔ جنہیں قطب یا پول (Pole) کہا جاتا ہے۔ ان میں ایک پول مثبت (+) اور دوسرا منفی (-) ہوتا ہے۔ مثبت سرے کو نارتھ پول (North Pole) یا قطب شمالی اور منفی سرے کو ساؤتھ پول (South Pole) یا قطب جنوبی کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

مقناطیس کے انسانی زندگی پر اثرات

ہم دیکھتے ہیں کہ مقناطیس کے انسان زندگی پر کیا اثرات ہوتے ہیں۔ پرانے زمانے سے ہی انسان مقناطیسی قوت کی حیرت انگیز طاقت کا قائل رہا ہے۔ اب تقریباً نصف صدی سے میگنٹ تھراپی پر بہت زیادہ کام ہوا ہے اور مقناطیسی قوت کو بہت سی بیماریوں کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ اگر مقناطیسی فیلڈ، پودوں کو دی جائے یا انسانوں کو دی جائے تو ان کی صحت اچھی ہو جاتی ہے۔

آج کے جدید دور میں سائنسدانوں اور ماہرین طب نے اس بات کا پتہ لگایا ہے کہ انسانی جسم میں بھی مقناطیسی لہریں پیدا ہوتی ہیں اور اس کو ناپا جاسکتا ہے۔

انسان کے خون میں مختلف دھاتیں ہوتی ہیں۔ جب انسان کے ساتھ مقناطیس لگایا جاتا ہے تو یہ خون کو کشش کرتا ہے اور اس کی لہریں خون میں شامل ہوجاتی ہیں۔ اس سے بدن انسانی میں پیدا ہونے والی بیماریاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ میگنٹ تھراپی نہ صرف انسانوں بلکہ حیوانات اور نباتات پر بھی اپنے مثبت اثرات پیدا کرتی ہے۔

ہدایات برائے مقناطیسی طریقہ علاج

- مقناطیسی علاج کے لئے سب سے بہتر وقت صبح کا ہوتا ہے، ناشتہ سے پہلے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر شام کو کھانے سے پہلے یہ علاج کیا جاسکتا ہے۔
- مقناطیسی علاج سے کوئی ٹھنڈی چیز آدھا گھنٹہ پہلے یا بعد میں نہیں کھانی چاہئے۔ کیونکہ مقناطیس جسم کو گرم کر دیتا ہے۔ اس لیے اچھا ہے کہ اس وقت کوئی گرم چیز کھائی یا پی جائے مثلاً گرم دودھ یا چائے وغیرہ۔
